
# سبیل المؤمنین

تالیف

ڈاکٹر سید شفیق الرحمن حفظہ اللہ

تحقیق و تخریج

فضیلۃ الشیخ زبیر علی زئی حفظہ اللہ



www.KitaboSunnat.com

مکتبہ دار التوحید والسنہ ۰ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## معزز قارئین توجہ فرمائیں!

**کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .........

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

## ☆ تنبیه ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یامادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یادیگرمادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

**«اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں»**

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جامعہ بیت العتیق (رجسٹرڈ)
کتاب نمبر

# سبیل المؤمنین

تالیف

ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ

www.KitaboSunnat.com

تحقیق وتخریج

فضیلۃ الشیخ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

مکتبہ دار التوحید والسنۃ
مسجد توحید، خدا بخش روڈ عقب سوڈیوال کوارٹرز، لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں


نام کتاب : سبیل المؤمنین

مؤلف : ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ

تحقیق وتخریج : فضیلۃ الشیخ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

قیمت : [redacted]150 روپے

ناشر : مکتبہ دار التوحید والسنۃ، لاہور


www.KitaboSunnat.com


ڈسٹری بیوٹرز:-

ادارہ مطبوعاتِ خواتین پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کیمرہ مارکیٹ 42 چیمبرلین روڈ، لاہور فون:5820177


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست


| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| ابتدائیہ | ۲۳ |
| **اللہ تعالیٰ کے ادب کا بیان** | |
| اللہ تعالیٰ کی حمد | ۲۷ |
| اللہ تعالیٰ کی رحمت | ۲۷ |
| اللہ تعالیٰ کی بخشش | ۲۹ |
| اللہ سے اچھی امید رکھنا | ۲۹ |
| اللہ پر توکل | ۳۱ |
| اللہ کا ڈر | ۳۲ |
| اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونا | ۳۴ |
| اللہ سے خوف اور امید رکھنا | ۳۵ |
| اللہ کی محبت اور دشمنی | ۳۵ |
| مشیت صرف اللہ کی | ۳۶ |
| **رسول اللہ ﷺ کا ادب** | |
| حُبِ رسول | ۳۷ |
| تعظیم رسول و نصرت رسول | ۳۹ |
| رسول اللہ ﷺ سے تبرک حاصل کرنا | ۴۱ |
| نبی رحمت پر درود پڑھنا | ۴۳ |
| اطاعتِ رسول ﷺ | ۴۵ |
| رسول اللہ ﷺ کا حسن تعلیم | ۴۸ |
| رسول اللہ ﷺ کی دلیری | ۴۸ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## والدین کے حقوق


❁ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک ۵۰
❁ والدین کو گالی دینا ۵۲
❁ والدین کی وفات کے بعد فرمانبرداری ۵۲
❁ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی میں والدین کی اطاعت نہیں ہے ۵۳
❁ مشرک والدین کے لیے دعائے مغفرت کی اجازت نہیں ۵۴


## اولاد کے حقوق


❁ اولاد کی تربیت ۵۵
❁ بیوی بچوں پر خرچ کرنا ۵۶
❁ اولاد میں برابری ۵۸
❁ اولاد سے محبت ۵۹


## بیوی کے حقوق


❁ محبت ۶۰
❁ حسنِ سلوک ۶۱
❁ بیویوں میں عدل ۶۲
❁ تربیت ۶۳
❁ نکاح میں عورت کی مرضی ۶۴
❁ بیوی کا راز افشانہ کرے ۶۴
❁ دیندار عورت سے نکاح ۶۵
❁ بیوی پر بے جا شک کرنا ۶۵
❁ بیوی کا خاوند کے مال میں سے کچھ لے لینا ۶۶


## خاوند کے حقوق


❁ اطاعت ۶۷


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ عورتیں جہنم میں ۶۹

❁ عزت اور ناموس کی حفاظت ۶۹


## رشتہ داروں کے حقوق


❁ حسنِ سلوک ۷۰

❁ بدسلوکی کے بدلہ میں حسنِ سلوک ۷۱

❁ صدقہ میں رشتہ داروں کو ترجیح ۷۳

❁ مشرک رشتہ داروں سے حسنِ سلوک ۷۴

❁ مومن کافر کا وارث نہیں ۷۴


## پڑوسیوں کے حقوق


❁ حسن سلوک ۷۶

❁ شر سے محفوظ رکھنا ۷۷

❁ ہمسایہ کی مدد ۷۷

❁ قیامت کے دن حقوق العباد کا فیصلہ ۷۸


## مسلمانوں کے آپس کے حقوق


❁ اللہ کے لیے محبت ۷۹

❁ اللہ کی محبت میں ایک دوسرے سے ملاقات کرنا ۸۱

❁ اہل خیر کی زیارت کرنے کا بیان ۸۱

❁ خیر خواہی ۸۲

❁ مسلمانوں پر شفقت ۸۲

❁ مسلمان کو حقیر نہ سمجھنا ۸۳

❁ مسلمان کو سلام کہنا ۸۴

❁ سلام کے آداب ۸۵

❁ سلام میں پہل کرنے والا اللہ کے قریب ہے ۸۵


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

| | |
|---|---|
| ❁ بار بار سلام کرنا | ۸۶ |
| ❁ ملاقات کے لیے اجازت طلب کرنے کا طریقہ | ۸۶ |
| ❁ کافر کو سلام کرنا | ۸۷ |
| ❁ ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا | ۸۸ |
| ❁ مریض کی تیمارداری کرنا | ۸۹ |
| ❁ کافر کی عیادت کرنا اور اسے اسلام کی دعوت دینا | ۹۰ |
| ❁ جنازے کے ساتھ جانا | ۹۰ |
| ❁ دعوت قبول کرنا | ۹۱ |
| ❁ دوستی متقی لوگوں سے | ۹۲ |
| ❁ چھینک کا جواب دینا | ۹۲ |
| ❁ مومنوں کے ساتھ نرمی | ۹۴ |
| ❁ لوگوں سے میل جول رکھنے کی فضیلت | ۹۵ |
| ❁ مسلمان کی مدد | ۹۶ |
| ❁ علماء اور بڑے لوگوں کی تعظیم | ۹۶ |
| ❁ مسلم امراء کا احترام | ۹۷ |
| ❁ امیر کی اطاعت صرف معروف کاموں میں ہے | ۹۸ |
| ❁ مہمان کی عزت و تکریم کرنا | ۹۸ |
| ❁ ایثار و قربانی کی فضیلت | ۹۹ |
| ❁ بیوہ اور مسکین کی خبر گیری | ۱۰۰ |
| ❁ یتیم کی کفالت | ۱۰۰ |
| ❁ مسکین مسلمانوں کی امداد | ۱۰۱ |
| ❁ مسکین مسلمانوں کو ناراض کرنا | ۱۰۲ |
| ❁ بے وسیلہ لوگوں کی امداد کی برکت سے رزق میں اضافہ | ۱۰۲ |
| ❁ لوگوں کو ستانا خطرناک ہے | ۱۰۳ |


www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## قناعت کا بیان


- مسکین مسلمانوں کی فضیلت ۱۰۴
- کھانے پینے اور لباس میں قناعت ۱۰۶
- سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا ۱۰۸
- قناعت کی فضیلت ۱۰۸
- مال ودولت کی فراوانی خطرناک ہے ۱۰۹
- دنیا میں اپنے سے کمتر کو دیکھنے کا حکم ۱۱۰
- دنیا کی رغبت سے ہلاکت ۱۱۰


## اخلاقیات


- حسنِ اخلاق ۱۱۱
- غلام کی ماں کو برا بھلا کہنا جہالت ہے ۱۱۳
- رسول اللہ ﷺ کا حسنِ اخلاق ۱۱۳
- صبر وتحمل ۱۱۴
- دین کی وجہ سے تکلیف برداشت کرنا ۱۱۵
- سخت مصیبت میں ایمان چھپانے کا جواز ۱۱۸
- فتنے کے خوف سے گوشہ نشینی ۱۱۹
- فتنے کے خوف سے کعبے کو اصل بنیادوں پر کھڑا نہ کرنا ۱۲۰
- مصیبت میں بھلائی ۱۲۰
- بیماری کی وجہ سے جنت ۱۲۱
- صبر صدمہ کے آغاز میں ۱۲۱
- ام سلیم رضی اللہ عنہا کا حیرت انگیز صبر ۱۲۲
- خلیفہ کے ظلم پر صبر ۱۲۳
- صبر کی تلقین کرنا ۱۲۳


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ موت پر فطری طریقے سے درد وغم کا اظہار جائز ہے ۱۲۴
❁ فطری رونا صبر کے خلاف نہیں ۱۲۵
❁ جس کے گھر موت کا حادثہ ہو وہ کیا کہے؟ ۱۲۵
❁ میت پر بین کرنا ۱۲۶
❁ عدل وانصاف ۱۲۷
❁ رعیت کے حقوق ۱۲۹
❁ شرم وحیا ۱۲۹
❁ صدقہ ۱۳۰
❁ عہد کی پابندی ۱۳۱
❁ سچائی ۱۳۱
❁ لوگوں کے درمیان صلح کروانا ۱۳۲
❁ صدقہ خیرات کرنے کا حکم ۱۳۳
❁ اللہ کے نام پر مانگنا ۱۳۳
❁ انسان کا مال صرف وہ ہے جو اس نے صدقہ کیا ۱۳۴
❁ رسول اللہ ﷺ کی سخاوت ۱۳۴
❁ سخی کے لیے دعا ۱۳۵
❁ اچھی بری نیت پر اجر اور گناہ ۱۳۶
❁ محنت کی ترغیب ۱۳۷
❁ پیچھے پڑ کر مانگنے کی ممانعت ۱۳۷
❁ زکوۃ آل محمد ﷺ پر حرام ۱۳۹
❁ بغیر سوال کے مال ملے تو لینا جائز ہے ۱۳۹
❁ سرکاری ملازمین کے لیے تنبیہ ۱۴۰
❁ شبہ والی چیزوں کو چھوڑنے کا بیان ۱۴۰
❁ بھلائی کے کاموں پر پابندی کرنا ۱۴۱


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ جو حرام کام کا ارتکاب کر بیٹھے ۱۴۱


## توبہ کی فضیلت


❁ ناجائز محصول لینا سخت گناہ ہے ۱۴۴
❁ نیکیوں سے گناہ ختم ہونے کا بیان ۱۴۴
❁ گناہ کے بعد توبہ کرنے کا اجر ۱۴۴
❁ خیر یا شر کا آغاز کرنے والے کا حال ۱۴۶
❁ حلال امور میں سفارش کی ترغیب ۱۴۷
❁ سفارش قبول کرنا ضروری نہیں ۱۴۸
❁ حدود الٰہی میں سفارش کی ممانعت ۱۴۸
❁ تقدیر پر ایمان ۱۴۹
❁ موت کی آرزو ۱۴۹
❁ موت کو یاد کرنے کا بیان ۱۵۰
❁ وقار ۱۵۰
❁ نیکیوں کی طرف جلدی کرنا ۱۵۱
❁ لمبی عمر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے ۱۵۱
❁ کافروں کے اعمال کا بدلہ ۱۵۲
❁ اصفہان کے یہودی دجال کے پیروکار ۱۵۲


## علم کا بیان


❁ علم حاصل کرنے کی فضیلت ۱۵۳
❁ عالم پر رشک کرنا جائز ہے ۱۵۴
❁ علم کا فائدہ مرنے کے بعد بھی ملتا ہے ۱۵۴
❁ علم کی طلب جہاد فی سبیل اللہ کے برابر ہے ۱۵۴
❁ علم دین کو چھپانا کبیرہ گناہ ہے ۱۵۴


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


- قرب قیامت علماء حقہ نا پید اور جاہل پیشوا ہوں گے ۱۵۵
- علم کی بنیاد پر اللہ کا ڈر ۱۵۵
- علم کا حصول دنیا کے لیے ۱۵۵
- علم سے مراد کتاب وسنت کا علم ہے ۱۵۶
- عورتوں کی تعلیم ۱۵۶
- وعظ ونصیحت میں میانہ روی ۱۵۷
- دین پھیلانے کا حکم ۱۵۷
- دعوت الی اللہ کی فضیلت ۱۵۷
- دعوت وتبلیغ کی ترغیب ۱۵۷


## نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا


- افضل جہاد ۱۶۰
- ظالم کو ظلم سے روکنا ۱۶۰
- نیکی کا حکم دینے والا اگر خود نیکی پر عمل نہ کرے......! ۱۶۰
- اچھا مسلمان ۱۶۱
- صدقہ واپس لینا ۱۶۱
- دکھلاوے کے لیے عمل ۱۶۲
- لوگوں کا تعریف کرنا ۱۶۲


## گندے اور قبیح اخلاق


- زبان کی حفاظت ۱۶۳
- جھوٹ بولنا منافق کی نشانی ہے ۱۶۴
- جھوٹا خواب بیان کرنا، ٹوہ لگانا اور تصویر بنانے کی ممانعت ۱۶۴
- سوکن کو غلط تاثر دینے کی ممانعت ۱۶۵
- رسول اللہ ﷺ کا خواب ۱۶۵


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ جھوٹ بولنا کبیرہ گناہ ۱۶۶
❁ غیبت کا بیان ۱۶۷
❁ کسی کی غیبت سننا بھی حرام ہے ۱۶۸
❁ برے کردار کے حامل کی غیبت ۱۶۸
❁ شادی کی خواہش رکھنے والوں کو ایک دوسرے کے حالات بتانے کی اجازت ہے ۱۶۸
❁ مفتی کے پاس مسئلہ پوچھنے کے لیے غیبت کرنا جائز ہے ۱۶۹
❁ چغلی حرام ہے ۱۶۹
❁ دورخے شخص کی مذمت ۱۷۰
❁ بغیر تحقیق بیان کی ممانعت ۱۷۰
❁ مومن پر لعنت کرنا حرام ہے ۱۷۱
❁ کسی کا نام لیے بغیر بعض گناہوں کے کرنے والوں پر لعنت جائز ہے ۱۷۱
❁ مسلمان کو گالیاں دینا گناہ ہے ۱۷۲
❁ مسلمان کو کافر کہنے کی ممانعت ۱۷۲
❁ شرابی پر لعنت کرنا منع ۱۷۳
❁ قطع تعلقی کی ممانعت ۱۷۳
❁ تین دن سے زائد قطع تعلقی کی سزا ۱۷۴
❁ مسلمانوں کے عیبوں کی تلاش منع ۱۷۴
❁ بدگمانی کی ممانعت ۱۷۵
❁ تکبر کی ممانعت ۱۷۵
❁ عبادت پر گھمنڈ کرنا منع ہے ۱۷۵
❁ قومیت کی پکار خبیث پکار ہے ۱۷۵
❁ نسب میں طعن کرنا حرام ہے ۱۷۶
❁ احسان جتلانے کی سزا ۱۷۶
❁ دو آدمیوں کی سرگوشی منع ہے ۱۷۷


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ چوری 177
❁ مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے 177
❁ زمین پر ناجائز قبضے کی سزا 178
❁ قاضی کے فیصلے سے ناجائز حق لینے والے کے لیے آگ ہے 178
❁ خاندانی عزت پر اترانے کی بجائے اعمال صالحہ کی ضرورت 179
❁ بخل وحرص کی ممانعت 179
❁ غصہ شیطانی حرکت ہے 180
❁ ظالموں کی ہم نشینی کی ممانعت 180


## جانوروں کے بارے میں احکامات


❁ جانوروں پر لعنت کرنا منع ہے 182
❁ بلی کو قید کرنے کی بناء پر عذاب 182
❁ جانور کے چہرہ کو داغنا منع ہے 182
❁ پرندوں کو ایذا پہنچانے کی ممانعت 183
❁ جانوروں کے ساتھ احسان کرنا بھی نیکی ہے 183
❁ سفر میں کتا لے جانا منع 184
❁ مرغ کو برا بھلا کہنے کی ممانعت 184
❁ بکرے کو مارنے کا حکم 185


## پردے کے احکام


❁ مخنث (ہیجڑوں) کا گھروں میں داخلہ منع 186
❁ شرم گاہ کی حفاظت 186
❁ آنکھ، کان اور زبان کا زنا 187
❁ نگاہ پست رکھو 187
❁ اچانک نظر پھیرنے کا حکم 188


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


| | |
|---|---|
| ❁ عورت کا محرم کے بغیر سفر | ۱۸۸ |
| ❁ پردہ میں سختی | ۱۸۸ |
| ❁ نابینا سے پردہ | ۱۸۹ |
| ❁ کسی کا ستر دیکھنا منع | ۱۸۹ |
| ❁ شوہر کے رشتہ داروں سے پردہ | ۱۸۹ |
| ❁ کسی عورت کی خوبیاں آدمی کے سامنے بیان کرنے کی ممانعت | ۱۹۰ |
| ❁ نگرانی میں خیانت کی سزا | ۱۹۰ |
| ❁ عورتوں کا مردوں کی مشابہت اختیار کرنا | ۱۹۰ |
| ❁ لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی عورتیں | ۱۹۱ |
| ❁ اگر بدگمانی کا اندیشہ ہو تو وضاحت کی جانی چاہیے | ۱۹۱ |
| ❁ بوڑھا بدکار | ۱۹۲ |


## اللہ کے منع کردہ کام


| | |
|---|---|
| ❁ شیطان کی مشابہت منع | ۱۹۳ |
| ❁ اہل کتاب سے مشابہت کی ممانعت | ۱۹۳ |
| ❁ مشرکین کی مخالفت: داڑھی بڑھانا | ۱۹۳ |
| ❁ یہود و نصاریٰ کی مخالفت: داڑھی رنگنا | ۱۹۳ |
| ❁ بالوں کو سیاہ رنگنے کی ممانعت | ۱۹۴ |
| ❁ سر کے بال مونڈنا | ۱۹۴ |
| ❁ مصنوعی بال (وگ) کے احکامات | ۱۹۴ |
| ❁ مغربی فیشن حرام ہے | ۱۹۵ |
| ❁ داڑھی اور سر کے سفید بال اکھاڑنے کی ممانعت | ۱۹۵ |
| ❁ ایک جوتا پہن کر چلنے کی ممانعت | ۱۹۵ |
| ❁ رات کو آگ بجھانے کا حکم | ۱۹۶ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ برتنوں کو ڈھانپنے کا حکم ۱۹۶
❁ تکلف کی ممانعت ۱۹۷
❁ کاہنوں کی حقیقت ۱۹۷
❁ نجومیوں کے پاس جانا منع ۱۹۸
❁ علم نجوم جادوگری ہے ۱۹۸
❁ ستاروں پر ایمان ۱۹۸
❁ سورہ فاتحہ سے علاج اور اس کا معاوضہ ۱۹۹
❁ بدشگونی لینا منع ہے ۲۰۰
❁ تصویر سازی بہت بڑا گناہ ہے ۲۰۰
❁ قبروں پر مسجد بنانا ۲۰۱
❁ اللہ تعالیٰ کا غضب ناک ہونا ۲۰۲
❁ مسجد صاف رکھنے کا حکم ۲۰۲
❁ بدبودار چیز کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت ۲۰۳
❁ مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان یا فروخت کرنا منع ۲۰۳
❁ مسجد میں اونچی آواز میں گفتگو کرنا منع ہے ۲۰۴
❁ غیر اللہ کی قسم اٹھانا شرک ہے ۲۰۴
❁ جھوٹی قسم اٹھانا شرک ہے ۲۰۵
❁ قسم توڑنے کا حکم ۲۰۵
❁ لغو قسم کے معاف ہونے کا بیان ۲۰۶
❁ قسم توڑنے کا کفارہ ۲۰۷
❁ بادشاہ کو شہنشاہ کہنا حرام ہے ۲۰۷
❁ بخار کو برا کہنے کی ممانعت ۲۰۷
❁ ہوا کو برا کہنے کی ممانعت ۲۰۸
❁ عشاء کے بعد بات چیت کرنے کی کراہت ۲۰۸


www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


- عشاء کے بعد دینی گفتگو کرنے کا جواز ۲۰۹
- فضول بحث کی ممانعت ۲۰۹
- ہتھیار سے اشارہ منع ۲۱۰
- خوشبو کے ہدیہ کو واپس کرنے کی ممانعت ۲۱۱
- منہ پر تعریف کرنے کی ممانعت ۲۱۱
- تعریف کا جواز ۲۱۲
- ظاہری اسباب اختیار کرنے کی تلقین ۲۱۲
- خاموشی عبادت نہیں ۲۱۲
- اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب ہونا ۲۱۳
- مومن کی فراست ۲۱۳
- نااہل لوگوں کی قیادت ۲۱۴
- گناہ کے عزم پر اللہ عذاب دیتا ہے ۲۱۴
- بخار کو ٹھنڈا کرو ۲۱۴
- اللہ کی اطاعت کی نذر ۲۱۵
- نیکی پر تعاون ۲۱۵
- دشمن سے مقابلے کی آرزو منع ۲۱۵
- احکام شرعیہ کی بے حرمتی کے وقت غضبناک ہونا ۲۱۶
- نفلی نمازوں کی فضیلت ۲۱۷
- جب ایک دن ایک سال کا ہو تو نماز کی کیفیت ۲۱۷
- دین میں سختی کرنا منع ۲۱۸
- کامیابی صرف سنت کی پیروی میں ۲۱۹
- جسم کا حق ادا کرو ۲۲۰
- لوگوں کو اپنے شر سے بچانا نیکی ہے ۲۲۱
- آگ کا عذاب دینا منع ہے ۲۲۱


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


- راستے سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا جنت میں جانے کا باعث ہے ۲۲۱
- اعلانیہ گناہ کا مرتکب نا قابل معافی ۲۲۲
- اعمال کا دارومدار آخری عمل پر ہے ۲۲۳
- لوگوں کے اندرونی احوال اللہ کے سپرد ۲۲۴
- جنت اور جہنم کا بیان ۲۲۵


## تجارت کے مسائل


- بازار میں کم جانا چاہیے ۲۲۶
- سودے پر سودے کی ممانعت ۲۲۶
- سچ کی کمائی میں برکت ہے ۲۲۷
- ادائیگی قرضہ میں زیادہ دینے کا جواز ۲۲۷
- جعل سازی اور دھوکہ بازی منع ۲۲۸
- بولی میں اضافہ ۲۲۸
- سود کی حرمت ۲۲۸
- ایک جنس میں وزن میں فرق جائز نہیں ۲۲۹
- کاہن کی کمائی حرام ۲۲۹
- سودا کرتے وقت قسم اٹھانا ۲۲۹


## کتاب الاذکار


- ذکر کی فضیلت قرآن حکیم میں ۲۳۱
- زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری کلمات ۲۳۱
- نبی رحمت ﷺ کے محبوب کلمات ۲۳۲
- شیطان سے بچاؤ کے کلمات ۲۳۲
- ایک ہزار نیکیاں ۲۳۳
- اللہ تعالیٰ بندے کو یاد کرتا ہے ۲۳۳


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


❁ ذکر الٰہی کی مجالس کی فضیلت ۲۳۴
❁ دنیا و آخرت کے فائدے ۲۳۵
❁ جنت کا خزانہ ۲۳۶
❁ تسبیح دائیں ہاتھ پر ۲۳۶


## دعا کے مسائل


❁ دعا نہ مانگنا تکبر ہے ۲۳۷
❁ عاجزی اور انکساری سے دعا کریں ۲۳۷
❁ دعا عبادت ہے ۲۳۷
❁ دعا سے قبل اللہ کی حمد و ثنا اور نبی کریم ﷺ پر درود ۲۳۸
❁ دعا کی قبولیت ۲۳۸
❁ سجدہ میں دعا ۲۳۹
❁ رات کے آخری حصہ میں اور قبولیت کے اوقات دیگر ۲۳۹
❁ پیٹھ پیچھے دعا ۲۴۰
❁ دوسروں سے پہلے اپنے لیے دعا ۲۴۰
❁ دوٹوک اور جامع دعا ۲۴۱
❁ دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے ۲۴۱
❁ دعا میں ہاتھ اٹھانا ۲۴۱
❁ دعا کے بعد چہرہ پر ہاتھ پھیرنا ۲۴۲
❁ جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں ۲۴۲
❁ رزق حرام کھانے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی ۲۴۳
❁ برائی سے نہ روکنے والوں کی دعا قبول نہیں ہوتی ۲۴۳
❁ کسی کا نام لے کر دعا یا بد دعا کرنا جائز ہے ۲۴۴
❁ بد دعا کی بجائے دعا کرنا ۲۴۴


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


- دعا میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور اسم اعظم کا وسیلہ ۲۴۵
- زندہ بزرگوں سے دعا کروانا ۲۴۶
- نیک اعمال کا وسیلہ ۲۴۷


## دعا میں ممنوع چیزوں کا بیان


- غیر اللہ سے دعا مانگنا سب سے بڑی گمراہی ہے ۲۴۹
- دعا میں پر تکلف الفاظ کی ممانعت ۲۴۹
- دعا میں حد سے تجاوز کرنا ۲۵۰
- دعا میں غیر ضروری باتوں کی ممانعت ۲۵۰
- دنیا میں گناہوں کی سزا پانے کی دعا کرنے کی ممانعت ۲۵۱
- اپنے مال اور اولاد کے لیے بددعا کی ممانعت ۲۵۱
- موت کی دعا کی ممانعت ۲۵۱
- مسنون دعا کے الفاظ میں ردوبدل ناجائز ہے ۲۵۲
- آہستہ آواز سے ذکر کرنا افضل ہے ۲۵۳


www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ ناشر

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"ہر انسان فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔ اگر والدین مسلمان ہوں تو وہ اسے مسلم بناتے ہیں۔"

(بخاری، مسلم کتاب القدر، باب مصفی محل مولود یولد علی الفطرۃ۔ ح۔ ۲۶۵۸)

اگر بچے کی شروع سے اچھی تربیت کی جائے اس میں حق، نیکی، خیر اور خوبی کو ترجیح دینے کا جذبہ پیدا کیا جائے تو یہ کام اس کی عادت میں شامل ہو جاتے ہیں۔ پھر اس میں حلم، حوصلہ، صبر، تحمل، بردباری، کرم، شجاعت اور عدل واحسان جیسے اخلاق حسنہ پیدا ہو جاتے ہیں۔

اگر بچے کی تربیت مناسب انداز سے نہ کی جائے تو وہ بری عادت کا شکار ہو جاتا ہے۔ وہ خیانت، جھوٹ، بے صبری، لالچ، زیادتی اور سختی جیسے اخلاقِ سیئہ کا شکار ہو جاتا ہے۔

الحمد للہ! اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس نبی رحمت ﷺ کا امتی بنایا جس کے متعلق اس نے فرمایا:

﴿ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّيْنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ آيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴾ (الجمعة: ۶۲/۲)

"اس نے ان پڑھوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیات پڑھتا ہے اور ان کا تزکیہ کرتا ہے اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے اور یقیناً وہ اس سے پہلے واضح گمراہی میں تھے۔"

رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا جس طریقہ سے تزکیہ کیا، احادیث مبارکہ میں اس کی تفصیل موجود ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



برادرم ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ نے ان احادیث کو "سبیل المومنین" کے نام سے اختصار سے جمع کر دیا۔ ذرا سی محنت سے ہم اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو اس طرز زندگی میں ڈھال سکتے ہیں جو نبی اکرم ﷺ لے کر آئے تھے۔

ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ اس کے علاوہ تجدید ایمان، نماز نبوی ﷺ اور جمہوریت —— دین ابلیس ترتیب دے چکے ہیں۔ ان کی تحریر جامع، سلیس اور عام فہم ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور ہمارے اور عامۃ المسلمین کے لیے اسے فلاح دارین کا سبب بنائے، آمین!

خادم کتاب وسنت

سید توصیف الرحمان راشدی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ابتدائیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَ اَشْھَدُاَنْ لَّآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

﴿وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا﴾ (الحشر:۵۹/۷)

''اور رسول تمہیں جو دے اسے لے لو اور جس سے تمہیں روک دے اس سے رک جاؤ۔''

اور یہ بھی فرمایا۔

﴿قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ﴾ (آلِ عمران:۳/۳۱)

''کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محبوب بنالے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔''

اور فرمایا۔

﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ﴾ (النساء:٤/ ٨٠)

''جس نے رسول کی پیروی کی اس نے یقیناً اللہ کی اطاعت کی۔''

یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔فرمایا۔

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ﴾ (الاحزاب:٣٣. ٢١)

''یقیناً تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کی ذات بہترین نمونہ ہے۔اس شخص کے لیے جو اللہ اور یوم آخرت پر یقین رکھتا ہے۔''

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جب میں تمہیں کسی چیز سے روک دوں تو اس سے رک جاؤ اور جب تمہیں کسی چیز کا حکم دوں تو اس پر اپنی طاقت کے مطابق عمل کرو۔''

(صحیح بخاری : الاعتصام :باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ. ح.٧٢٨٨.مسلم ، كتاب الفضائل باب توقيره ﷺ وترك اكثار سواله عمالاضرورة اليه . ح.١٣٣٧)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''میری ساری امت جنت میں جائے گی سوائے اس شخص کے جس نے انکار کیا۔'' پوچھا گیا ''یا رسول اللہ ﷺ! (جنت میں جانے سے) کون انکار کرے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے جنت میں جانے سے انکار کیا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(صحیح بخاری کتاب الاعتصام ،باب الاقتداء بسنن رسول الله ﷺ ۔ح۔۷۲۸۰)

اس مسئلے میں کثیر آیات واحادیث موجود ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا قول اور عمل مسلمانوں کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ ہمیں زندگی کے ہر معاملے میں آپ ﷺ ہی کے طریقہ کی پیروی کرنی ہے۔ سنتِ رسول ﷺ ہی میں دنیا اور آخرت کی کامیابی کا راز ہے مگر سنت کیا ہے؟ سنت ہر اس طریقے کا نام ہے جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے' جو آپ ﷺ نے کہا ہو یا کیا ہو۔ جہاں داڑھی' مسواک' دائیں ہاتھ سے پانی پینا' صبح اور شام کے مسنون اذکار سنت ہیں وہاں حسنِ اخلاق' درگزر کرنا' بردباری اور نرمی سے کام لینا' فخر و غرور اور خود پسندی سے بچنا' انسانوں بلکہ جانوروں تک کے حقوق ادا کرنا بھی رسول اللہ ﷺ کا طریقہ ہے۔ آج ملتِ اسلامیہ کی اکثریت رسول اللہ ﷺ کے طریقے کو بھولی ہوئی ہے بلکہ آج کا دین دار طبقہ بھی چند سنتوں پر عامل ہے اور یہ بھی نہیں جانتا کہ وعدہ پورا کرنا' جھگڑوں میں اعراض کا طریقہ اختیار کرنا' مصائب پر صبر کرنا اور حسنِ اخلاق کا مظاہرہ کرنا بھی سنتِ رسول ﷺ ہے۔

آپ کو ایسے عاشقِ رسول ﷺ بھی مل جائیں گے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی شان میں بڑے بڑے قصیدے لکھے ہیں اور نہایت جوش وخروش سے ان کو سناتے ہیں مگر نماز اور روزہ کی انھیں کوئی پروا نہیں۔ صاحبِ مال ہونے کے باوجود زکوۃ ادا نہیں کرتے۔ اس قسم کی محبتِ رسول ﷺ کی دین میں کوئی حیثیت نہیں۔ دین میں وہی محبتِ رسول ﷺ معتبر ہے جس کے ساتھ اطاعتِ رسول ﷺ بھی پائی جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ ﷺ کی سیرت اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیاں قیامت تک کے لیے محفوظ ہیں۔آج بھی کوئی شخص سنجیدگی کے ساتھ جاننا چاہے کہ رسول اللہ ﷺ اور اصحابِ رسول رضی اللہ عنھم کی زندگیاں کیسی تھیں تو وہ جان سکتا ہے۔اس کتاب میں ان کی زندگیوں کے چند پہلو بیان کیے گئے ہیں جو ہماری انفرادی اور اجتماعی تربیت کے لیے بہت ضروری ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق دے۔

احادیث کے ترجمہ کے لیے دارالسلام کی شائع کردہ حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ کی ریاض الصالحین سے مدد لی گئی ہے۔

(آمین)

خادم کتاب وسنت

ڈاکٹر سید شفیق الرحمان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اللہ تعالیٰ کے ادب کا بیان

## (۱)۔اللہ تعالیٰ کی حمد

ہم پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار انعامات ہیں لہٰذا ہر مسلم پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرے۔

﴿وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ﴾ (النحل:١٦/ ٥٣)

''اور تمہیں جو نعمتیں ملی ہیں وہ اللہ ہی کی طرف سے ہیں۔''

﴿وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا﴾ (ابراهيم:١٤/ ٣٤)

''اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتیں شمار کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' اللہ تعالیٰ اس بندے پر خوش ہوتا ہے جو کھانا کھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے اور کچھ پیتا ہے تو اس پر بھی اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے۔''

(مسلم:کتاب الذکر باب استحباب حمد الله تعالى بعد الاكل والشرب ٢٧٣٤)

## (۲)۔اللہ تعالیٰ کی رحمت

جب ایک مسلم دیکھتا ہے کہ ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مالا مال ہے تو اسکے دل میں اپنے لیے امید پیدا ہوتی ہے۔اور وہ اس کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ﴾ (الاعراف: ۱۵۶/۷)

''اور میری رحمت ہر چیز پر وسیع ہے۔''

﴿اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ﴾ (الشوریٰ: ۱۹/۴۲)

''اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے ساتھ مہربان ہے۔''

﴿لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ﴾ (الزمر: ۵۳/۳۹)

اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں جو اس کے پاس عرش پر ہے لکھ دیا ہے کہ میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہے۔''

(بخاری ۔کتاب التوحید باب ویحذرکم اللّٰه نفسه ح ۷۴۰۴، مسلم ۔کتاب التوبه باب فی سعة رحمة اللّٰه ۔ ح۔۲۷۵۱)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جس روز اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا' اس نے سو رحمتیں پیدا کیں۔ ہر رحمت آسمان اور زمین کے درمیانی خلا کو پر کرتی ہے۔ پھر ایک رحمت کو اس نے زمین پر اتارا۔ اس کی وجہ سے ماں اپنے بچے پر اور بعض وحشی جانور اور پرندے آپس میں شفقت کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ۹۹ رحمتیں قیامت کے دن کے لیے محفوظ کی ہیں جن کے ساتھ وہ قیامت کے دن اپنے بندوں پر رحم فرمائے گا۔''

(بخاری کتاب الادب باب جعل اللّٰه الرحمة فی مائة جزءٍ ۔ح۔۶۰۰۰، مسلم ۔کتاب التوبه باب فی سعة رحمه اللّٰه تعالی ۔ح۔۲۷۵۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳)۔ اللہ تعالیٰ کی بخشش

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے ایک نیکی کی اس کے لیے میں دس گناہ اجر یا اس سے بھی زیادہ دوں گا۔ اور جس نے برائی کی اس کا بدلہ اس کے برابر ہو گا یا میں بخش دوں گا۔ جو مجھ سے (نیکیوں کے ذریعے) ایک بالشت کے برابر قریب ہو گا میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہوں۔ جو مجھ سے ایک ہاتھ قریب ہو گا میں اس سے دو ہاتھ قریب ہو گا۔ جو میرے پاس چل کر آئے گا میں اس کے پاس دوڑتا ہوا آؤں گا۔ جو مجھ سے زمین بھر برائی لے کر ملے گا لیکن وہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو میں اس سے اسی قدر بخشش لے کر ملوں گا۔'' (مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل الذکر والدعاء۔ ح۔۲۶۸۷)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جس شخص نے گواہی دی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بندے، رسول اور وہ کلمہ ہیں جو مریم علیہا السلام کی طرف ڈالا گیا اور اس کی روح ہیں، جنت اور دوزخ برحق ہیں، اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا جس عمل پر بھی وہ ہو۔'' (بخاری :کتاب احادیث الانبیاء باب قوله تعالی یاهل الکتاب لاتغلوا فی دینکم ۔ ح۔۳۴۳۵۔مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علی ان من مات علی التوحید دخل الجنة قطعا ۔ح۔۲۸)

## (۴)۔ اللہ تعالیٰ سے اچھی امید

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے (کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساتھ معاملہ) اس کے گمان کے مطابق کرتا ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوں جہاں بھی وہ مجھے یاد کرے۔" (بخاری:کتاب التوحید باب قول اللّٰہ ویحذرکم اللّٰہُ نفسہ۔ ح۔٧٤٠٥ مسلم ،التوبہ ۔باب من الحض علی التوبة والفرح بها ۔ح۔٢٦٧٥)

آپ ﷺ نے فرمایا "تم میں سے کسی شخص کو موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ وہ اللہ عزوجل کے ساتھ اچھا گمان رکھتا ہو۔"

(مسلم:کتاب الجنة ،باب الامر بحسن الظن باللّٰہ تعالٰی عند الموت :٢٨٧٧)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے انسان! جب تک تو مجھے پکارتا رہے گا اور مجھ سے اچھی امید رکھے گا میں تجھے بخشتا رہوں گا چاہے تیرے عمل کیسے ہی کیوں نہ ہوں میں پروانہیں کروں گا۔ اے ابن آدم! اگر تیرے گناہ آسمان کی بلندیوں تک پہنچ جائیں پھر تو مجھ سے بخشش طلب کرے تو میں تجھے بخش دوں گا۔ اے آدم کے بیٹے اگر تو میرے پاس زمین بھر گناہوں کے ساتھ آئے اور تو مجھے اس حال میں ملے کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہوگا تو میں تیرے پاس زمین بھر بخشش لے کر آؤں گا۔

(ترمذی ابواب الدعوات ح۔٣٥٤٠ امام ترمذی نے حسن کہا)

رسول اللہ ﷺ نے (دعا کے لیے) ہاتھ اٹھائے اور فرمایا "اے اللہ! میری امت۔" اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا "اے جبرائیل! محمد ﷺ کی طرف جاؤ اور ان سے کہہ دو کہ ہم آپ کو آپ کی امت کے بارے میں خوش کر دیں گے اور ناراض نہیں کریں گے۔" (مسلم ،الایمان ،باب دعاء النبی لامته وبکاء ہ شفقة علیهم ح۔٢٠٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۵)۔ اللہ پر توکل

جب ایک مسلم سوچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے اس پر قادر ہے' وہ اس سے بھاگ نہیں سکتا' اور اس کے سوا کوئی جائے پناہ بھی نہیں تو وہ سارے معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے اور اس پر ہی توکل کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ﴾ (الفرقان:٢٥/٥٨)

''اور اس زندہ ذات پر بھروسہ کرو جسے موت نہیں آئے گی۔''

﴿وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ﴾ (الطلاق:٦٥/٣)

''اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے پس وہ اسے کافی ہے۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''میری امت کے ستر ہزار آدمی بغیر حساب اور عذاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔ اور یہ وہ لوگ ہوں گے جو نہ خود جھاڑ پھونک کرتے ہیں اور نہ کسی اور سے کرواتے ہیں۔ اور نہ بدشگونی لیتے ہیں اور صرف اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔'' (بخاری:الطب ،باب من اكتوى اوكوى غيره .ح.٥٧٠٥.مسلم :الايمان ،باب الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب.ح. ٢٢٠)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اگر تم اللہ تعالیٰ پر اس طرح بھروسہ کرو جیسا کہ بھروسہ کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں اس طرح روزی دے جیسے وہ پرندوں کو روزی دیتا ہے۔ وہ صبح بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو شکم سیر ہو کر واپس پلٹتے ہیں۔'' (ترمذی،ابواب الزهد ،باب فی التوكل على الله .ح.٢٣٤٤، امام ترمذی نے حسن' ابن حبان اور حاکم نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۶)۔اللہ عزوجل کا ڈر

جب ایک مسلم سوچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ بڑی سخت ہے۔اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی صورت میں وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے عذاب کے خوف سے وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی اطاعت کرتا ہے اور اس کی نافرمانی سے بچتا ہے۔

﴿يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ﴾ (آلِ عمران : ۳/۱۰۲)

''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے۔''

﴿فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ﴾ (التغابن:٦٤/١٦)

''پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو جتنی تم میں طاقت ہے۔''

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ ''لوگوں میں سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''جوان میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہے۔'' (بخاری کتاب الانبیاء ،باب واتخذ اللہ ابراهیم خلیلا۔ح۔۳۳۵۳ مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل یوسف۔ح۔:۲۳۷۸)

ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے ایک دن دعا مانگی ''اے اللہ تعالیٰ! میرے شوہر نبی اکرم ﷺ میرے باپ ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور میرے بھائی معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سایہ میرے اوپر دراز رکھ۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''ام حبیبہ! عمریں سب کی اللہ تعالیٰ کے ہاں مقرر ہو چکی ہیں۔تم جہنم اور قبر کے عذاب سے نجات پانے کی دعا کرتیں۔'' (مسلم:کتاب القدر باب بیان ان الاجال والارزاق وغیرها لاتزید ولاتنقص عماسبق به القدر۔ح۔۲۶۶۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں اپنے ایک غلام کو کوڑے مار رہا تھا۔ مجھے اپنے پیچھے ایک آواز سنائی دی ''اے ابو مسعود!'' غصہ کی وجہ سے میں آواز کو پہچان نہ سکا۔ پھر جب وہ قریب آئے تو میں نے دیکھا کہ وہ محمد ﷺ ہیں اور فرما رہے ہیں کہ ''اے ابو مسعود جان لو کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر اس سے زیادہ قادر ہے جتنا تم اس غلام پر قادر ہو۔'' یہ سن کر خوف کے ساتھ میرا کوڑا میرے ہاتھ سے گر گیا۔ میں نے کہا ''یا رسول اللہ! میں اسے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے آزاد کرتا ہوں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اگر تم ایسا نہ کرتے تو آگ تمہیں چھوتی۔''

(مسلم:کتاب الایمان باب صحبة المماليك ١٦٥٩)

سیدنا حنظلہ اسیدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ ﷺ کے کاتب تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے۔ آپ نے ہمیں نصیحت فرمائی۔ دوزخ کا تذکرہ کیا۔ آپ کے وعظ کے بعد میں گھر آیا۔ بال بچوں سے ہنسی مذاق کیا۔ باہر نکلا تو مجھے ابو بکر صدیق ملے میں نے کہا حنظلہ منافق ہو گیا۔ ہم جب رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتے ہیں آپ ہمیں جنت، دوزخ یاد دلاتے ہیں تو جنت دوزخ آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں پھر جب ہم آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں اہل وعیال اور کاروبار میں مصروف ہو جاتے ہیں تو بہت کچھ بھول جاتے ہیں۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمانے لگے یہی بات مجھے بھی پیش آتی ہے۔ دونوں رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور اپنی کیفیت بتائی۔ آپ نے فرمایا۔ قسم اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم ہر وقت اسی حالت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر رہو جو حالت تمہاری میرے پاس ہوتی ہے اور یادِ الٰہی میں مصروف رہو تو بستروں اور راستوں میں فرشتے تم کو سلام کرتے اور تم سے مصافحہ کرتے۔لیکن اے حنظلہ یہ کیفیت کبھی کبھی ہی ہوتی ہے۔ایک گھڑی یہ کیفیت اور ایک گھڑی وہ۔ایک گھڑی یہ کیفیت اور ایک گھڑی وہ ایک گھڑی یہ کیفیت اور ایک گھڑی وہ۔

(صحیح مسلم کتاب التوبہ باب فضل دوام الذکر ۔ح۔۲۷۵۰)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔برائی کے پیچھے نیکی کرو۔نیکی برائی کو مٹا دے گی اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ''

(ترمذی' ابواب البر والصلۃ باب ماجاء فی معاشرۃ الناس :۔ح۔۱۹۸۷: امام ترمذی نے حسن کہا)

## (۷)۔اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا''وہ شخص جہنم میں نہیں جائے گا جو اللہ تعالیٰ کے ڈر سے رویا۔''اور اللہ کے راستے میں جہاد کا غبار اور جہنم کا دھواں اکٹھا نہیں ہوگا۔

(ترمذی:ابواب الجہاد باب ماجاء فی فضل الغبار فی سبیل اللہ۔ح۔ ۱۶۳۳)

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس (افطاری کے وقت) کھانا لایا گیا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزہ دار تھے۔آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا''مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب شہید ہوئے۔ان کے کفن کی چادر اتنی چھوٹی تھی کہ اگر سر ڈھانپا جاتا تو پیر ننگے ہو جاتے اور اگر پیر ڈھانپتے تو سر کھلا رہ جاتا۔اس کے بعد دنیا ہمارے لیے فراخ کر دی گئی۔مجھے ڈر ہے کہ کہیں دنیا میں ہی ہمیں ہماری نیکیوں کا جلدی بدلہ تو نہیں دے دیا گیا؟''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پھر آپ رونے لگے یہاں تک کہ کھانا بھی چھوڑ دیا۔

(بخاری:کتاب الجنائز ، باب الکفن فی جمیع المال :۔ح۔۱۲۷٤)

## (۸)۔اللہ تعالیٰ سے خوف اور امید رکھنا

آپ ﷺ نے فرمایا کہ''اگر مومن کو اس سزا اور عذاب کا علم ہو جائے جو اللہ کے ہاں (نافرمانوں کے لیے ) ہے تو اس کی جنت کی کوئی امید نہ رکھے اور اگر کافر کو اس کی رحمت کا صحیح علم ہو جائے جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے تو اس کی جنت سے کوئی ناامید نہ ہو۔''

(مسلم:کتاب التوبة ،باب سعة رحمة اللّٰه وانها سبقت غضبه۔ح۔۲۷۵۵)

## (۹)۔اللہ تعالیٰ کی محبت اور دشمنی

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا'' بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو میرے دوست سے دشمنی کرے یقیناً میرا اس سے اعلانِ جنگ ہے۔''

(بخاری:کتاب الرقاق ،باب التواضع۔ح۔ ٦٥٠٢)

آپ ﷺ نے فرمایا'' جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے محبت کرتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام کو بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ'' تو بھی اس سے محبت کر۔'' پس جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔ پھر جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں میں اعلان کرتے ہیں کہ'' اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے۔تم بھی اس سے محبت کرو'' پس آسمان والے اس سے محبت کرنے لگ جاتے ہیں۔ پھر اس کے لیے زمین میں بھی قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے دشمنی کرتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام کو بلا کر فرماتا ہے کہ''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں فلاں بندے سے دشمنی کرتا ہوں۔تو بھی اس سے دشمنی کر۔'' پس جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے دشمنی کرنے لگ جاتے ہیں۔پھر جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں میں اعلان کرتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے دشمنی کرتا ہے۔تم بھی اس سے دشمنی کرو'' پس اہلِ زمین بھی اس سے بغض وعناد رکھتے ہیں۔

(بخاری کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکة۔ح۔۳۲۰۹:مسلم،کتاب البر والصلة باب اذا احب الله عبداً لعبادہ۔ح۔۲۶۳۷)

## (۱۰)۔مشیّت صرف اللہ تعالیٰ کی

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''اس طرح نہ کہو جو اللہ تعالیٰ چاہے اور فلاں چاہے بلکہ یہ کہو کہ جو اللہ تعالیٰ چاہے اور پھر فلاں چاہے۔''

(ابو داؤد،کتاب الادب باب لایقال خبث نفس ۔ ح۔ ۴۹۸۰:امام نووی نے صحیح کہا)

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

# رسول اللہ ﷺ کا ادب

ہر مسلم پر رسول اللہ ﷺ کا پوری طرح ادب ملحوظ رکھنا فرض ہے۔ایمان بالرسول ﷺ کے چند تقاضے درج ذیل ہیں۔

## (۱) حبِ رسول ﷺ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِىْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ﴾ (التوبہ۹:۲۴)

''اے رسول ﷺ! کہہ دیجیے کہ اگر تمہارے باپ' اولاد' بھائی' بیویاں' کنبہ و قبیلہ' کمایا ہوا مال' وہ تجارت جس کی کمی سے تم ڈرتے ہو اور تمہارے پسندیدہ مکانات تمہیں اللہ' اس کے رسول ﷺ اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں تو تم اللہ کے حکم (عذاب) کے آنے کا انتظار کرو۔''

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا''جس میں یہ تین باتیں ہوں گی وہ ایمان کی حلاوت پائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۱۔ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ سب سے زیادہ محبوب ہو۔

۲۔ کسی آدمی سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے محبت کرتا ہو۔

۳۔ کفر سے نجات پانے کے بعد اس میں واپسی اتنا ہی ناپسند ہو جتنا آگ میں گرنا۔"

(بخاری، کتاب الایمان ۔باب حلاوۃ الایمان ۔ح۔١٦۔مسلم کتاب ۔الایمان ،باب بیان خصال من اتصف بهن وجدحلاوۃ الایمان۔ح۔٤٣ )

آپ ﷺ نے فرمایا "اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک میں تمہیں تمہاری اولاد سے' تمہارے والدین سے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔" (بخاری کتاب الایمان ،باب حب الرسول ﷺ من الایمان حدیث نمبر ١٥ مسلم: کتاب الایمان باب وجوب محبة رسول الله ﷺ اکثرمن الاهل والوالد والوالد والناس اجمعین۔ح۔٤٤)

سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بار عرض کیا کہ "اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ مجھے اپنی جان کے علاوہ سب سے زیادہ عزیز ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا "نہیں اے عمر! (ایمان یہ ہے کہ) تیری جان سے بھی زیادہ میں تجھے محبوب ہو جاؤں۔" عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا "یارسول اللہ ﷺ! آپ مجھے میری جان سے بھی زیادہ محبوب ہو گئے ہیں۔" آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں اے عمر!"

بخاری کتاب الایمان والنذورباب کیف کانت یمین النبی ﷺ ۔ح۔ ٦٦٣٢

ایک دیہاتی نے آپ ﷺ سے پوچھا "قیامت کب آئے گی؟" آپ ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے فرمایا" تو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟" اس نے کہا " کچھ نہیں سوائے اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت" آپ ﷺ نے فرمایا" تو ان ہی کے ساتھ ہوگا جن سے تو نے محبت رکھی، صحابہ رضی اللہ تعالی عنہ کہنے لگے کیا ہم بھی اسی طرح ساتھ ہونگے۔ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اتنا کسی اور بات سے خوش نہیں ہوئے جتنا اس بات کو سن کر ہوئے۔" (بخاری، کتاب المناقب، باب مناقب عمر بن خطاب۔ح۔٣٦٨٨ مسلم، کتاب البر والصلة، باب المرء مع من احب۔ح۔٢٦٣٩ )

## (۲)۔ تعظیم رسول ونصرتِ رسول

اللہ تعالی نے فرمایا:

﴿اِنَّآ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیۡرًا لِّتُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتُعَزِّرُوۡهُ وَتُوَقِّرُوۡهُ﴾ (الفتح:٤٨/٨،٩)

"ہم نے آپ ﷺ کو حق کا اظہار کرنے والا، خوش خبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے تاکہ (اے مسلمانوں)! تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاؤ، اور اس کی مدد کرو اور اس کا ادب کرو۔"

﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ﴾

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے مت بڑھو" (الحجرات:٤٩/١)

﴿لَا تَجۡعَلُوۡا دُعَآءَ الرَّسُوۡلِ بَیۡنَكُمۡ كَدُعَآءِ بَعۡضِكُمۡ بَعۡضًا﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''رسول ﷺ کے بلانے کو اس طرح خیال نہ کرو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔'' (النور:٢٤/٦٣)

بارگاہِ نبوت کی بے ادبی تمام اعمال کو غارت کر دیتی ہے اور یہ بے ادبی صریح کفر ہے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نبی رحمت ﷺ کی تعظیم جس طرح کرتے تھے، عروہ بن مسعود ثقفی قریشِ مکہ کے سامنے یوں بیان کرتا ہے''اے میری قوم! اللہ کی قسم میں قیصرو قصریٰ اور نجاشی جیسے بادشاہوں کے پاس جا چکا ہوں۔ واللہ میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ اس کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد ﷺ کے ساتھی محمد ﷺ کی تعظیم کرتے ہیں۔ واللہ وہ ﷺ کھنکار بھی تھوکتے تھے تو کسی نہ کسی آدمی کے ہاتھ پر پڑتا تھا اور وہ شخص اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا تھا۔ اور جب وہ ﷺ حکم دیتے تھے تو اس کی بجا آوری کے لیے سب دوڑ پڑتے تھے۔ اور جب وہ ﷺ وضو کرتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ ان ﷺ کے وضو کے پانی کے لیے لوگ لڑ پڑیں گے۔ اور جب وہ ﷺ کوئی بات کرتے تھے تو سب اپنی آوازیں پست کر لیتے تھے اور فرطِ تعظیم کی بنا پر انہیں بھرپور نظر سے دیکھتے نہ تھے۔''

(بخاری، کتاب الشروط باب الشروط فی الجهاد ح۔٢٧٣١،٢٧٣٢)

رسول اللہ ﷺ جب مدینہ آئے تو ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر قیام کیا۔ آپ نیچے کی منزل میں رہے اور ابوایوب اوپر کی منزل میں رہا کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے۔ایک رات انہیں خیال آیا کہ ہم رسول اکرم ﷺ کے سر پر چلتے پھرتے ہیں یہ خیال آتے ہی وہ ایک کونہ میں ہو گئے اور وہیں رات گزار دی، پھر انہوں نے اس کا ذکر آپ سے کیا۔آپ نے فرمایا نیچے سہولت ہے۔ابوایوب نے عرض کیا میں اس چھت پر نہیں رہ سکتا۔جس کے نیچے آپ ہوں، الغرض وہ نیچے آ گئے اور آپ ﷺ اوپر چلے گئے۔ (مسلم، کتاب الاشربہ باب اباحۃ اکل الثوم ح۔۲۰۵۳)

اس تعظیم رسول ﷺ کے ساتھ (تعزروہ) اللہ تعالیٰ کے دین کے غلبہ کے لیے آپ ﷺ کی مدد کرنا ایمان بالرسول ﷺ میں داخل ہے۔

آپ ﷺ کے تذکرے کے وقت آپ ﷺ کے نام کی جلالت اور توقیر کا خیال رکھنا' آپ ﷺ کے نام کے ساتھ ﷺ کہنا اور آپ ﷺ کی عادات وصفات کو عالیہ (بڑا) جاننا ضروری ہے اور دین ودنیا کی جس بات کی آپ ﷺ نے خبر دی' اس کی تصدیق اور اس پر عمل کے ساتھ ان طریقوں کے احیا کی کوشش کرنا' آپ ﷺ کے پیغام کو پوری دنیا میں پھیلانا آپ ﷺ کے ادب میں داخل ہے۔

## رسول اللہ ﷺ سے تبرک حاصل کرنا

سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دن میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔آپ کے سامنے کچھ بچے آ گئے، آپ نے ہر بچہ کے رخسار پر اپنا ہاتھ پھیرا اور میرے رخسار پر بھی ہاتھ پھیرا۔آپ کا ہاتھ ٹھنڈا اور خوشبودار تھا۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب طیب رائحۃ النبی ﷺ لین مسہ۔ح۔۲۳۲۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ ﷺ انس رضی اللہ تعالی عنہ کے ہاں جا کر قیلولہ فرمایا کرتے تھے۔ ایک دن آپ نے قیلولہ فرمایا آپ کو کثرت سے پسینہ آیا کرتا تھا۔ آپ چمڑے کے ایک ٹکڑے پر لیٹے ہوئے تھے۔ انس رضی اللہ عنہ کی والدہ ام سلیم شیشی میں آپ کا پسینہ جمع کرنے لگیں۔ آپ کی آنکھ کھل گئی آپ نے پوچھا یہ تم کیا کر رہی ہو انہوں نے عرض کیا یہ آپ کا پسینہ ہے اس کو ہم اپنی خوشبو میں ملا لیتے ہیں کیونکہ یہ تمام عطروں سے زیادہ خوشبودار ہوتا ہے۔

(صحيح مسلم كتاب الفضائل باب طيب عرق النبى ﷺ)

نماز فجر پڑھ کر جب رسول اللہ ﷺ لوٹتے تو مدینہ منورہ کے خادم اپنے برتنوں میں پانی لے کر آپ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوتے۔ آپ ان برتنوں میں اپنا ہاتھ ڈبو دیتے حتیٰ کہ سخت سردی کے دنوں میں بھی آپ اپنا ہاتھ ڈبویا کرتے تھے۔

(صحيح مسلم كتاب الفضائل باب قرب النبى ﷺ من الناس۔ح۔٢٣٢٤)

سیدنا عثمان بن عبد اللہ بن موہب روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو میرے گھر والوں نے پانی کا ایک پیالہ دے کر ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہ کی طرف بھیجا۔ جب کسی کو نظر لگ جاتی یا کوئی تکلیف ہوتی وہ بڑا پیالہ ان کی طرف بھیجتا۔ ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہ رسول اللہ ﷺ کے بال نکالیتیں۔ جسے انہوں نے چاندی کی ڈبی میں رکھا ہوا تھا۔ اور پیالے میں اس کو ہلاتیں وہ اسے پی لیتا۔ میں نے ڈبی میں جھانک کر دیکھا تو اس میں چند ایک سرخ بال تھے۔

(بخارى:كتاب اللباس باب مايذكر فى الشيب۔ح۔٥٨٩٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۴)۔ نبی رحمت ﷺ پر درود پڑھنا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ (الاحزاب:۳۳/۵٦)

''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی ان ﷺ پر درود و سلام بھیجو۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے' اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔''

(مسلم الصلوة باب ماجاء فی فضل الصلاة علی النبی ﷺ ح۔۳۸٤)

آپ ﷺ نے فرمایا ''بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔'' (ترمذی' ابواب الدعوات باب قول رسول اللہ ﷺ رغم انف رجل۔ ح۔۳۵٤٦ امام نووی' حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میری قبر کو عید مت بناؤ اور مجھ پر درود پڑھو۔ اس لیے کہ تم جہاں کہیں بھی ہو' تمہارا درود مجھ تک پہنچایا جاتا ہے۔

(ابو داؤد' المناسك باب زيارة القبور۔ح۔۲۰٤۲ امام نووی نے صحیح کہا)

رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو نماز میں دعا مانگتے ہوئے سنا۔ اس نے نہ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی' نہ آپ ﷺ پر درود پڑھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''اس نے جلد بازی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی۔" پھر اسے بلایا اور فرمایا "جب تم نماز پڑھو تو پہلے اپنے رب کی حمد و ثنا بیان کرو۔ پھر نبی اکرم ﷺ پر درود پڑھو۔ پھر جو چاہو مانگو۔"

(ابو داؤد کتاب الصلاۃ باب الدعاء ح۔۱۴۸۱۔ ترمذی ابواب الدعوات باب فی ایجاب الدعاء بتقدیم الحمد والثناء والصلاۃ علی النبی ﷺ علیہ وآلہ وسلم قبلہ ح۔۳۴۷۷۔ امام ترمذی، حاکم، ذھبی اور ابنِ حبان نے صحیح کہا)

صحابہ رضوان اللہ اجمعین نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ "یا رسول اللہ! اللہ نے ہمیں آپ ﷺ پر درود پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ ہم آپ ﷺ پر کیسے درود پڑھیں؟" آپ ﷺ نے فرمایا "اس طرح پڑھو۔

(اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ)

"اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد پر رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل کی ہے۔ بے شک تو تعریف کے لائق اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل کی ہے۔ بے شک تو تعریف کے لائق اور بزرگی والا ہے۔" (بخاری کتاب احادیث الانبیاء۔ ح۔۳۳۷۵۔ مسلم الصلاۃ باب الصلاۃ علی النبی ﷺ بعد التشهد۔ ح۔۴۰۶)

آپ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا "یہ درود پڑھو:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



( اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَاصَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ)

''اے اللہ! محمد ﷺ' آپ ﷺ کی بیویوں اور اولاد پر رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم کی آل پر رحمت نازل فرمائی اور محمد ﷺ' آپ ﷺ کی بیویوں اور اولاد پر برکت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم کی آل پر برکت نازل کی ہے۔ بے شک تو تعریف کے قابل اور بزرگی والا ہے۔''

(بخاری احادیث الانبیاء باب ١٠ ح ٣٣٦٩ مسلم کتاب الصلاۃ باب الصلاۃ علی النبی بعد التشہد ح ٤٠٧)

## (۵)۔اطاعتِ رسول ﷺ

ایمان بالرسول کا تکمیلی تقاضا اطاعتِ رسول ﷺ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ﴾ (النساء:٤/ ٦٤)

''اور ہم نے رسول ﷺ کو اس لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔''

اس لیے قرآنِ حکیم میں:

﴿ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ﴾ کا بار بار ذکر ہے۔

بلکہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کو اپنی اطاعت کہا ہے۔

﴿مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ﴾ (النساء:٤/ ٨٠)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔''

وجہ واضح ہے کہ رسول دین کے معاملہ میں اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہتے۔

ارشادِ الٰہی ہے:

﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى﴾(النجم:۵۳/۳'۴)

''اور وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتے یہ تو وحی ہے جو اس کی طرف کی گئی ہے۔''

اسی لیے نبی اکرم ﷺ کو ہر معاملہ میں حاکم بنایا گیا۔ فرمایا:

﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾

''تیرے رب کی قسم! کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے تنازعات میں آپ ﷺ کو حَکَم تسلیم نہ کرے۔ پھر آپ ﷺ کے فیصلے سے دل میں کوئی تنگی بھی محسوس نہ کرے بلکہ سرِ تسلیم خم کرے۔''(النساء: ۴/۶۵)

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی رسول ﷺ کی اطاعت میں ہے۔ فرمایا:

﴿قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ﴾

''اے نبی ﷺ! کہہ دو اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔ اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرے گا۔'' (آلِ عمران:۳/۳۱)

آپ ﷺ کے فیصلے کے بعد کسی کو انکار کرنے کا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا﴾ (الاحزاب:۳۳/۳۶)

''کسی مومن مرد اور عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول ﷺ کسی معاملے کا فیصلہ کر دے پھر اس معاملے میں اس کی کوئی ذاتی رائے یا اختیار رہے۔ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرتا ہے وہ صریح گمراہی میں ہے۔''

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت میں کامیابی ہے۔

﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا﴾ (الاحزاب:۳۳/۷۱)

''اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے پس اس نے بڑی کامیابی حاصل کی۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری تمام امت جنت میں جائے گی سوائے اس کے جس نے انکار کیا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پوچھا اے اللہ کے رسول کون انکار کرے گا۔ آپ نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے انکار کیا۔ (صحیح بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب الاقتداء بسنن رسول الله ۔ح۔ ۷۲۸۰)

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت نہ کرنے والے ہی ناکام ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يٰلَيْتَنَآ أَطَعْنَا اللّٰهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا﴾ (الاحزاب:۳۳/ ۶۷)

''جس دن ہم ان لوگوں کے چہرے جہنم کی آگ میں الٹ پلٹ کریں گے تو وہ کہیں گے اے کاش! ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے۔''

(۶)۔رسول اللہ ﷺ کا حسنِ تعلیم

سیدنا معاویہ بن الحکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دن میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ اتنے میں ایک شخص کو چھینک آئی۔ میں نے (حسب دستور) یرحمك الله کہا۔لوگوں نے مجھے گھورنا شروع کر دیا۔ میں نے کہا ''میری ماں مجھ پر روئے تم لوگ کیوں مجھے گھور رہے ہو'' لوگوں نے اپنے ہاتھ رانوں پر مارے جب میں نے دیکھا کہ لوگ مجھے خاموش کرانا چاہتے ہیں تو میں خاموش ہو گیا جب رسول اللہ ﷺ نے سلام پھیرا تو میرے ماں باپ آپ پر قربان میں نے آپ سے بہتر تعلیم دینے والا نہ آپ سے پہلے دیکھا اور نہ آپ کے بعد' اللہ کی قسم نہ آپ نے مجھے دھمکایا نہ مارا' نہ برا بھلا کہا۔ بلکہ فرمایا۔ بے شک نماز میں لوگوں سے گفتگو جائز نہیں۔ نماز تو بس تسبیح' تکبیر اور قراءۃ قرآن کے لیے ہے۔

(صحیح مسلم کتاب المساجد باب تحریم الکلام فی الصلاۃ ۔ح۔۵۳۷)

(۷)۔رسول اللہ ﷺ کی دلیری

جنگ نجد سے واپسی پر رسول اللہ ﷺ ایک ایسی وادی میں اترے جس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درخت بکثرت تھے۔ آپ نے اپنی تلوار ایک درخت سے لٹکا دی اور سو گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم بھی سو گئے۔ کچھ دیر بعد ایک دیہاتی نے آپ کی تلوار درخت سے اتاری اور آپ کو قتل کرنے کی نیت سے تلوار آپ پر تان لی۔ آپ کی آنکھ کھل گئی آپ نے دیکھا کہ ایک شخص ہاتھ میں ننگی تلوار لیے کھڑا ہے اور کہہ رہا ہے کیا تم مجھ سے ڈرتے ہو آپ نے فرمایا نہیں۔ اس نے کہا بتاؤ اب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا۔ آپ نے فرمایا۔ اللہ، اللہ، اللہ۔ اس نے تلوار کو نیام میں رکھا اور آپ کے پاس بیٹھ گیا۔ پھر آپ نے صحابہ کو بلایا اور ان کو یہ واقعہ سنایا صحابہ کرام نے اس کو دھمکایا آپ نے اس سے کوئی بدلہ نہ لیا۔

(بخاری کتاب الجهاد والسير باب من علق سيفه بالشجر في السفر عند القائلة.ح.۲۹۱۰، ۱٤۳٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# والدین کے حقوق

## والدین کے ساتھ حسنِ سلوک

نبی رحمت ﷺ نے تین بار فرمایا "اس کا ناک خاک آلود ہو جس نے بڑھاپے میں اپنے والدین میں سے ایک کو یا دونوں کو پایا پھر (ان کی خدمت کر کے) جنت میں نہ گیا۔" (مسلم البر والصلة باب رغم انف من ادرک ابویه او احدهما......ح۔۲۵۵۱)

ایک صحابی نے آپ ﷺ سے عرض کیا "اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا "تیری ماں" اس نے کہا "پھر کون؟" آپ ﷺ نے فرمایا "تیری ماں" اس نے کہا "پھر کون؟" آپ ﷺ نے فرمایا "تیری ماں" اس نے کہا "پھر کون؟" آپ ﷺ نے فرمایا "تیرا باپ۔ پھر جو تمہارے سب سے زیادہ قریب ہو۔" (بخاری الادب باب من احق الناس بحسن الصحبة ح۔۵۹۷۱۔ مسلم البر والصلة باب بر الوالدين وانهما احق به ح۔۲۵۴۸)

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا "اللہ کو کونسا عمل زیادہ محبوب ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا "وقت پر نماز پڑھنا۔" پوچھا "پھر کونسا؟" آپ ﷺ نے فرمایا "والدین کے ساتھ حسنِ سلوک۔" پوچھا "پھر کونسا؟" فرمایا "اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔" (بخاری کتاب المواقیت باب فضل الصلوة لوقتها۔ ح۔۵۲۷۔ مسلم الایمان۔ باب بیان کون الایمان باللہ تعالی افضل الاعمال۔ ح۔۸۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک صحابی نے آپ ﷺ سے عرض کیا ''میں آپ ﷺ سے ہجرت اور جہاد پر بیعت کرتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ سے اجر کا طالب ہوں۔'' آپ ﷺ نے پوچھا ''کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟'' اس نے کہا ''دونوں زندہ ہیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اگر تو واقعی اجر کا طالب ہے تو ان کی اچھی طرح خدمت کر۔'' ایک روایت میں ہے کہ

"ففیهما فجاهد" پس ان میں جہاد کر۔''

(بخاری کتاب الجهاد باب الجهاد باذن الابوين -ح-٣٠٠٤-مسلم البر والصلة باب بر الوالدين وايهما احق به -ح-٢٥٤٩)

سیدہ اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشرکہ ماں معاہدہ حدیبیہ کے دوران مدینہ میں اپنی بیٹی کے پاس آئیں۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ ''کیا میں اپنی ماں سے حسنِ سلوک کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''ہاں! تم اپنی ماں سے صلہ رحمی کرو۔''

(بخاری کتاب الهبة باب الهدية للمشركين -ح-٢٦٢٠ مسلم كتاب الزكوة باب فضل النفقة والصدقة على الاقربين -ح-١٠٠٣)

آپ ﷺ نے فرمایا ''والد جنت کے دروازوں میں سے بہترین دروازہ ہے۔ پس تو اس کی حفاظت کر۔''

(ترمذی ابواب البر والصلة باب الفضل فی رضا الوالدين -ح-١٩٠٠) امام ترمذی نے حسن صحیح کہا۔ ابن حبان، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک کرنا، ماں باپ کی نافرمانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنا' ناحق قتلِ نفس (ناحق کسی کو مار دینا یا خودکشی کرنا) اور جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہیں۔"

(بخاری کتاب الایمان والنذور باب الیمین الغموس ۔ح۔٦٦٧٥)

## والدین کو گالی دینا

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے۔" صحابہ نے عرض کیا "کیا کوئی شخص اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں! ایک شخص کسی کے باپ یا ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ پلٹ کر اس کے باپ یا ماں کو گالی دیتا ہے (اس طرح وہ اپنے والدین کی گالی کا سبب بنا)

(بخاری کتاب الادب باب لایسب الرجل والدیه ۔ح۔٥٩٧٣۔مسلم کتاب الایمان باب بیان الکبائر واکبرها ۔ح۔٩٠)

## والدین کی وفات کے بعد فرمانبرداری

سیدنا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "والد کی وفات کے بعد اس کی بہتر فرماں برداری یہ ہے کہ اس کا بیٹا اس کے دوستوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرے۔"

(صحیح: مسلم کتاب البر والصلة ۔ح۔٢٥٥٢ )

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو راستے میں ایک دیہاتی ملا۔ آپ نے اسے سلام کیا اور اسے اپنا گدھا دے کر کہا "اس پر سوار ہو جاؤ۔" اسے اپنا عمامہ دیا اور کہا "اسے اپنے سر پر باندھ لو۔" ابن دینار نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا "اللہ آپ کا بھلا کرے۔ یہ دیہاتی لوگ تو تھوڑی سی چیز پر بھی راضی ہو جاتے ہیں (انہیں اتنا دینے کی کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ضرورت تھی) آپ نے فرمایا ''اس شخص کا باپ میرے باپ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دوست تھا اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے دوستوں سے نیکی کرے۔

(مسلم کتاب البر والصلة باب صلة اصدقاء الاب والام ونحوهما ۔ح۔۲۵۵۲)

## اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی میں والدین کی اطاعت نہیں ہے

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لا چکے تھے (ان کی والدہ مسلمان نہیں ہوئی تھیں) ایک دن ان کی والدہ نے قسم کھائی کہ جب تک وہ اسلام کا انکار نہ کرے وہ ان سے نہیں بولیں گی۔ نہ کھائیں گی' نہ پئیں گی۔ ان کی والدہ نے ان سے یہ بھی کہا کہ تم یہ کہتے ہو کہ بے شک اللہ نے تم کو والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیا ہے۔ میں تمہاری ماں ہوں اور میں تمہیں اسلام چھوڑنے کا حکم دیتی ہوں۔ تم میرا کہا مانو تین دن وہ اسی حالت میں رہیں یہاں تک کہ بے ہوش ہو گئیں۔ ان کے بیٹے عمارہ نے ان کو پانی پلایا۔ جب انہیں ہوش آیا تو وہ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بددعا دینے لگیں اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔

﴿وَإِنْ جٰهَدَاكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِىْ مَالَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِى الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا﴾ (لقمان: ۳۱/۱۴)

''اور اگر وہ تجھ سے جھگڑا کریں کہ تو میرے ساتھ اس کو شریک بنا جس کا تجھے علم نہیں ہے تو ان کا کہا نہ مان اور دنیا میں ان کے ساتھ اچھے انداز سے سلوک کر۔'' (صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابة باب فی فضل سعد بن ابی وقاص رضی الله تعالی عنه ۔ح۔۱۷۴۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مشرک والدین کے لیے دعائے مغفرت کی اجازت نہیں

رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے اپنی والدہ کے لیے دعائے مغفرت کرنے کی اجازت طلب کی اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی۔ پھر آپ نے ان کی قبر کی زیارت کرنے کی اجازت طلب کی اللہ تعالیٰ نے اجازت دے دی۔ آپ ان کی قبر پر تشریف لے گئے۔ آپ خوب روئے، صحابہ کرام بھی روئے پھر آپ نے فرمایا قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ اس سے موت یاد آتی ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الجنائز باب استئذان النبی ﷺ ربه فی زیارة قبر امه -ح۔۹۷٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اولاد کے حقوق

## اولاد کی تربیت

اولاد کا سب سے بڑا حق یہ ہے کہ ان کی اچھی تربیت کی جائے تا کہ وہ جہنم کی آگ سے بچ سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ﴾ (التحريم:٦٦/٦)

''اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔''

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز پڑھنے کی تلقین کرو اور جب وہ دس برس کے ہو جائیں تو انہیں نماز چھوڑنے پر سرزنش کرو اور ان کے بستر جدا کر دو۔''

(ابو داؤد كتاب الصلاة باب متى يومر الغلام بالصلاة ۔ ح۔٤٩٤۔ترمذی ۔الصلاة ۔باب ماجاء متى يومر الصبى بالصلاة۔ح۔٤٠٧۔ترمذی' حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے آپ ﷺ کے زیر پرورش تھے۔ کھانا کھاتے وقت ان کا ہاتھ پورے پیالے میں گھومتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''بسم اللہ پڑھو' دائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے قریب سے کھاؤ۔''

(بخاری الاطعمة باب التسمية على الطعام والاكل باليمين ح۔۵۳۷۶۔مسلم الاشربة باب آداب الطعام والشراب واحكامهما ح۔۲۰۲۲)

سیدنا حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صدقہ کی ایک کھجور اپنے منہ میں ڈالی تو آپ ﷺ نے فرمایا۔''ہیں ہیں اسے پھینک دو کیا تمھیں معلوم نہیں کہ ہم صدقے کی چیز نہیں کھاتے؟''

(بخاری الزكوة باب مايذكر في الصدقة للنبي ﷺ ح۔۱۴۹۱۔مسلم كتاب الزكوة باب تحريم الزكوة على النبي ﷺ ح۔۱۰۶۹)

## بیوی بچوں پر خرچ کرنا

آپ ﷺ نے فرمایا''ایک دینار جہاد فی سبیل اللہ میں خرچ کیا۔ایک دینار غلام کو آزاد کرنے میں خرچ کیا۔ایک دینار مسکین پر صدقہ کیا اور ایک دینار بال بچوں پر خرچ کیا۔ان میں سب سے زیادہ اجر اس دینار میں ہے جو تو نے اپنے بیوی بچوں پر خرچ کیا۔

(مسلم الزكوة باب فضل النفقة على العيال والمملوك ح۔۹۹۵)

آپ ﷺ نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی جائیداد کا تہائی (۱/۳) حصہ خیرات کرنے کی اجازت دیتے ہوئے فرمایا کہ'' تیسرا حصہ بھی زیادہ ہے اس لیے کہ تم اپنے وارثوں کو صاحب حیثیت چھوڑ کر جاؤ۔یہ اس سے بہتر ہے کہ تم اپنے بچوں کو کنگال کر کے جاؤ اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔یاد رکھو تم جو بھی اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرو گے اس پر تمہیں اجر ملے گا حتیٰ کہ جو لقمہ تم اپنی بیوی کے منہ میں ڈالو گے اس پر بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ثواب ہوگا۔" (بخاری الایمان باب ماجاء ان الاعمال بالنیة والحسبة ۔ ح۔۵۶۔مسلم کتاب الوصیة باب الوصیة بالثلث ۔ح۔۱۶۲۸)

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس ایک مسکین عورت اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ آئی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسے تین کھجوریں دیں۔ دو اس نے اپنی بیٹیوں کو دیں اور تیسری کھانے کے لیے منہ کی طرف بڑھائی تھی کہ بیٹیوں نے وہ بھی مانگ لی۔ اس نے اس کے دو حصے کیے اور دونوں میں تقسیم کر دی۔ آپ نے اس واقعہ کا ذکر نبی کریم ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کی وجہ سے جنت واجب فرما دی (یا فرمایا) اس کی وجہ سے اسے جہنم کی آگ سے آزاد کر دیا گیا۔"

(مسلم کتاب البر والصلة باب فضل الاحسان الی البنات۔ح۔۲۶۳۰)

آپ نے فرمایا۔ جس کو اللہ تعالیٰ بیٹیاں عطا فرمائے اور وہ ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے تو وہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم کی آگ سے پردہ بن جائیں گی۔

(بخاری الزکوة باب اتقوا النار ولو بشق تمرة ۔ح۔۱۴۱۸۔مسلم ۔ح۔۲۶۲۹)

ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ ﷺ سے پوچھا کہ "میں ابوسلمہ کی (پہلی بیوی سے) اولاد پر خرچ کروں تو کیا میرے لیے کوئی اجر ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا "تم ان پر جو خرچ کرو گی اس میں تمہارے لیے اجر ہے۔"

(بخاری کتاب الزکوة باب الزکوة علی الزوج والایتام فی الحجر ۔ح۔۱۴۶۷ مسلم کتاب الزکاة ۔باب فضل النفقة والصدقة علی الاقربین والزوج والاولاد ۔ح۔۱۰۰۱)

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا "جس شخص نے دو بچیوں کی پرورش اور تربیت کی حتیٰ کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ بالغ ہو گئیں، قیامت والے دن وہ اور میں اس طرح قریب ہوں گے جس طرح دو انگلیاں۔'' آپ ﷺ نے انہیں ملا کر دکھایا۔

(مسلم کتاب البر والصلة والادب باب فضل الاحسان الی البنات ح۔٢٦٣١)

## اولاد میں برابری

نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد بشیر بن سعد نے انہیں ایک غلام ہبہ کیا اور نبی کریم ﷺ کو یہ بات بتائی تو آپ ﷺ نے پوچھا ''کیا تو نے اپنے ہر بیٹے کو ایک ایک غلام ہبہ کیا ہے؟'' بشیر کہنے لگے ''نہیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''تو پھر اس غلام کو واپس لے لو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف کرو۔'' ایک روایت کے الفاظ یوں ہیں ''اس معاملے پر میرے علاوہ کسی اور کو گواہ بنالو۔ میں ظلم پر گواہ نہیں بن سکتا۔'' میرے والد واپس آئے اور وہ دیا ہوا عطیہ واپس لے لیا۔

(بخاری' کتاب الهبة باب الهبة للولد ح۔٢٥٨٦' مسلم :کتاب الهبات' باب کراهة تفضیل بعض الاولاد والهبة ح۔١٦٢٣)

آج بہت سے والدین اپنی اولاد کو ضائع کر رہے ہیں۔ انہیں اپنی اولاد کے مشاغل اور سرگرمیوں کا علم نہیں۔ نہ وہ انہیں نیکی کی تعلیم دیتے ہیں اور نہ بری خصلتوں سے منع کرتے ہیں۔ حالانکہ اولاد کی صالح تربیت والدین کے لیے ان کی زندگی میں بھی فائدہ مند ہے اور ان کی وفات کے بعد بھی۔

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

جب بندہ مر جاتا ہے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے سوائے تین اعمال کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ا۔صدقۂ جاریہ

۲۔ایسا علم کہ لوگ اس کے مرنے کے بعد بھی اس سے فائدہ اٹھائیں۔

۳۔صالح اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی ہے۔

صحیح مسلم کتاب الوصیة .باب مایلحق الانسان من الثواب بعد وفاته۔ح۔۱۶۳۱)

**اولاد سے محبت**

نبی رحمت ﷺ نے حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بوسہ لیا۔اقرع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ''میرے دس بچے ہیں۔میں نے آج تک ان میں سے کسی کا کبھی بوسہ نہیں لیا۔'' آپ ﷺ نے اس کی طرف دیکھا اور فرمایا ''جو کسی پر رحم نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔''

(بخاری کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبیله ومعانقته .ح.۵۹۹۷۔مسلم :کتاب الفضائل باب رحمته الصبیان والعیال .ح.۲۳۱۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

# بیوی کے حقوق

## محبت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔﴿وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً﴾(الروم:۳۰/۲۱)

''اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان کی طرف (مائل ہوکر) سکون حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت وشفقت پیدا کر دی۔''

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''دنیا ساز وسامان ہے اور دنیا کا بہترین سامان نیک عورت ہے۔''

(مسلم کتاب الرضاع باب خیر متاع الدنیا المراۃ الصالحۃ۔ح۔۱۴۶۷)

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میں کامل ترین مومن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہے اور تم میں بہتر وہ ہے جو اپنی عورتوں کے حق میں سب سے بہتر ہے۔''

(ترمذی' ابواب النکاح باب ماجاء فی حق المرأۃ علی زوجھا ح۔۱۱۶۲۔امام ترمذی نے حسن صحیح' حاکم' ذہبی اور ابنِ حبان نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا "مومن مرد اپنی مومنہ بیوی سے نفرت نہ کرے۔ اگر اس کی ایک عادت یا صفت اسے ناپسند ہوگی تو اس کی دوسری صفت سے وہ خوش ہوگا۔"

(مسلم: کتاب الرضاع باب الوصیة بالنساء ح۔۱۴۶۹)

## حسنِ سلوک

معاملات میں نرمی' چہرہ کی شگفتگی' بات میں ادب واحترام ہی وہ اچھی معاشرت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا۔

﴿وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ﴾ (النساء: ۴/ ۱۹)

"اور عورتوں سے معروف طریقہ سے نباہ کرو۔"

آپ ﷺ نے بیوی کے حقوق بیان کرتے ہوئے فرمایا "جب تم کھانا کھاؤ تو اسے بھی کھلاؤ۔ جب تم لباس پہنو تو اسے بھی پہناؤ۔ اس کے منہ پر نہ مارو۔ اسے برا بھلا نہ کہو اور اس سے گفتگو ترک کرو تو صرف گھر کی حد تک۔

(ابو داؤد' کتاب النکاح' باب فی حق المرأة علی زوجها ح۔۲۱۴۲۔ امام نووی نے حسن کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا "عورتوں سے بہتر سلوک کرو کیونکہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہے۔ وہ کسی طرح تمہارے لیے سیدھی نہ ہوگی اور پسلی کا سب سے زیادہ ٹیڑھا حصہ وہ ہے جو بلند ہے۔ اگر تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو اسے توڑ ڈالو گے۔ اور اگر چھوڑ دو گے تو ٹیڑھی ہی رہے گی۔ لہٰذا عورتوں سے اچھا سلوک کرو۔" (مسلم: کتاب الرضاع۔ باب الوصیة بالنساء۔ ح۔۱۴۶۷)

ایک روایت میں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور کسی طرح تمہارے لیے سیدھی نہ ہو گی۔ لہٰذا اگر تم اس ٹیڑھ کی حالت میں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہو تو اٹھا لو۔ اور اگر تم اسے سیدھا کرنے لگو گے تو اسے توڑ دو گے اور اس کا توڑنا طلاق ہے۔

(بخاری کتاب النکاح باب المداراة مع النساء ح۔ ٥١٨٤۔مسلم :کتاب الرضاع باب الوصية بالنساء۔ح۔١٤٧٠ وقبل ١٤٦٧/ ٥٩)

بہت سے شوہر اپنی بیویوں کو درجہ کمال پر دیکھنا چاہتے ہیں جبکہ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق یہ ناممکن ہے۔ اسی لیے ایسے میاں بیوی کی زندگی تنگ رہتی ہے۔ وہ اپنی بیویوں سے فائدہ اٹھانے کے قابل نہیں رہتے۔

لہٰذا آدمی کو چاہیے کہ اپنی بیوی سے حسن سلوک کرے۔ جو کچھ بیوی سے میسر آئے وہ لے لے کیونکہ اس کی طبیعت میں ٹیڑھ ہونا لازمی ہے۔

## بیویوں میں عدل

اگر خاوند کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں تو ان کے اخراجات' رہائش اور شب بسری غرض تمام امور میں ممکن حد تک عدل کرے۔ ان میں ایک کی جانب میلان رکھنا بڑا گناہ ہے۔ البتہ بعض امور مثلاً محبت اور دل کی خواہش میں عدل نہ ہو تو خاوند پر گناہ نہیں کیونکہ یہ اس کے بس میں نہیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا ''اے اللہ! یہ میری تقسیم ایسے معاملہ میں ہے جس پر میرا اختیار ہے اور جس بات میں میرا اختیار نہیں بلکہ تیرا اختیار ہے اس پر مجھے ملامت نہ کرنا۔''

(ابو داؤد کتاب النکاح باب فی القسم بین النساء ح۔ ٢١٣٤ ابن حبان اور حاکم نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تربیت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ قُوٓا۟ أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا ٱلنَّاسُ وَٱلْحِجَارَةُ﴾ (التحريم :٦٦/٦)

"اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔"

بیوی گھر والوں میں شامل ہے لہٰذا اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کے لیے اس کی تربیت کرے۔

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا" امام ذمے دار ہے اور اس سے اس کی رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی ۔ مرد اپنے اہل پر حاکم اور ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی رعیت (اہل خانہ) کے بارے میں پوچھا جائے گا' عورت اپنے خاوند کے گھر کی نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں باز پرس ہوگی ۔ خادم اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اس سے اس کی رعیت (مال واسباب) کے بارے میں پوچھا جائے گا ۔ پس تم سب (اپنے اپنے دائرے میں) نگران اور ذمے دار ہو اور سب سے اس کی رعیت کے بارے میں باز پرس کی جائے گی۔" (بخاری کتاب العتق باب كراهية التطاول على الرقيق ح۔٢٥٥٣۔مسلم : كتاب الاماره باب فضيلة الامام العادل ح۔١٨٢٩)

لہٰذا بیوی کو بے پردہ باہر نکلنے' نامحرم لوگوں سے ملنے سے منع کرے۔ اخلاقی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عملی خرابیوں سے اسے بچائے۔اسے اللہ اور رسول ﷺ کے احکام سے بغاوت کی زندگی گزارنے کے لیے کھلا میدان نہ دے۔

آپ ﷺ نے فرمایا ”اللہ کی بندیوں کو مساجد سے نہ روکو۔اگر کسی کی عورت اس سے مسجد میں جانے کی اجازت طلب کرے تو منع نہ کرو۔“

(بخاری الاذان باب استیذان المرأة زوجها بالخروج الی المسجد.ح. ۸۷۳ مسلم۔ الصلاة باب خروج النساء الی المساجد اذا لم یترتب علیه فتنة.ح.٤٤٢)

## نکاح میں عورت کی مرضی

خنسا بنت خدام انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے والد نے کسی شخص سے کر دیا وہ بیوہ تھیں اور اس نکاح کو پسند نہیں کرتی تھیں وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں اور سارا ماجرا سنایا۔رسول اللہ ﷺ نے نکاح کو مسترد کر دیا۔

(صحیح بخاری کتاب النکاح باب اذا زوج الرجل ابنته وهی کارهة فنکاحه مردود.ح.٥١٣٨)

## بیوی کا راز افشا نہ کرے

آپ ﷺ نے فرمایا ”اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس انسان کا مقام قیامت کے دن بدترین ہوگا جو اپنی بیوی کے ساتھ تعلق قائم کرنے کے بعد اس کا راز افشا کرتا ہے (یعنی دوستوں میں مزے لے لے کر بیان کرتا ہے۔“

(مسلم) کتاب النکاح باب تحریم افشاء سر المرأة .ح.١٤٣٧)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دیندار عورت سے نکاح

آپ ﷺ نے فرمایا ''عورت سے چار وجوہ کی بنا پر نکاح کیا جاتا ہے۔

۱۔ اس کے مال کی بنا پر

۲۔ اس کے خاندانی حسب ونسب کی بنا پر

۳۔ اس کے حسن و جمال کی بنا پر

۴۔ اس کے دین کی بنا پر

پس تم دین کی بنا پر نکاح کرو۔''

بخاری کتاب النکاح باب الاکفاء فی الدین :ح۔۵۰۹۰۔مسلم :کتاب الرضاع ۔باب استحباب نکاح ذات الدین.ح.۱٤٦٦)

## بیوی پر بے جا شک کرنا

ایک دن ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کیا ''میری بیوی نے کالا بچہ جنا ہے (مجھے اس پر شبہ ہے) آپ ﷺ نے فرمایا۔تمہارے اونٹوں کے رنگ کیسے ہیں۔اس نے کہا سرخ آپ ﷺ نے فرمایا ان میں کوئی بھورا بھی ہے اس نے کہا ہاں۔آپ ﷺ نے فرمایا وہ کہاں سے آیا اس نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ (اوپر اصل میں کوئی بھورا اونٹ ہوگا) اور اس کی اصل نے اس طرح نکالا ہوگا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا تیرے بچہ کو بھی اس کی اصل نے ایسا ہی نکالا ہے تیرے آباؤ اجداد میں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کالا ہوگا جس کے اثر سے یہ بچہ کالا پیدا ہوا ہے۔)

(صحیح بخاری کتاب الطلاق باب اذا عرض بنفی الولد ح۔۵۳۰۵ صحیح مسلم کتاب اللعان ح۔۱۵۰۰)

## بیوی کا خاوند کے مال سے کچھ لے لینا

ابوسفیان کی بیوی ھندہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذرا بخیل آدمی ہیں تو کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا اگر میں ان کے مال میں سے اپنے بچوں کے لیے (بغیر اجازت) کچھ لے لوں۔ آپ نے فرمایا گناہ نہیں ہوگا مگر دستور کے مطابق لینا۔

(بخاری ابواب المناقب ذکر ھند بنت عتبة رضی الله تعالی عنها ح۔۳۸۲۵ ومسلم کتاب الاقضية باب قضية هند ح۔۱۷۱٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خاوند کے حقوق

## اطاعت

مرد کا اپنی بیوی پر یہ حق ہے کہ وہ ہر ایسے کام میں اس کی اطاعت کرے جس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جب آدمی اپنی بیوی کو اپنے بستر کی طرف بلائے اور وہ نہ آئے، اور اس کا خاوند وہ رات اس سے ناراضگی کی حالت میں گزارے تو صبح تک فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔" اور ایک روایت میں ہے کہ "وہ اللہ جو آسمانوں میں ہے اس پر ناراض رہتا ہے یہاں تک کہ خاوند اس سے راضی ہو جائے۔"

(بخاری کتاب بدء الخلق باب اذا قال احدکم آمین ح-۳۲۳۷۔ مسلم کتاب النکاح۔ باب تحریم امتناعها من فراش زوجها ح-۱۴۳۶)

آپ ﷺ نے فرمایا "اگر میں کسی کو کسی کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔"

(ترمذی ابواب الرضاع باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأة ح-۱۱۵۹۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس عورت کا انتقال اس حال میں ہوا کہ اس کا خاوند اس سے خوش تھا تو وہ جنت میں جائے گی۔'' (ترمذی' ابواب الرضاع باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأة ۔ح۔١١٦١۔ امام ترمذی نے حسن حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا ''اگر کسی عورت کا خاوند گھر پر موجود ہو تو وہ اس کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے اور نہ ہی اس کی اجازت کے بغیر کسی کو گھر میں داخل ہونے کی اجازت دے۔''

(بخاری' کتاب النکاح باب لاتاذن المرأة فی بیت زوجها لاحدالاباذنه ح۔٥١٩٥۔مسلم کتاب الزکوة باب ماانفق العبد من مال مولاه ۔ح۔١٠٢٦)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب آدمی اپنی حاجت کے لیے اپنی بیوی کو بلائے تو اسے چاہیے کہ وہ فوراً آ جائے اگر چہ وہ تنور پر (روٹی پکانے میں مصروف) ہو۔

(ترمذی' ابواب الرضاع باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأة ۔ح۔١١٦٠)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ جو عورت دنیا میں اپنے خاوند کو ایذا پہنچاتی ہے تو اس کی حورعین میں سے ہونے والی بیوی کہتی ہے ۔اللہ تجھے ہلاک کرے اسے ایذا مت پہنچا کیونکہ یہ تو تیرے پاس چند روزہ مہمان ہے۔ عنقریب یہ تجھ سے جدا ہو کر ہمارے پاس آنے والا ہے۔

(ترمذی' ابواب الرضاع ۔ح۔١١٧٤۔ابن ماجه ۔کتاب النکاح باب فی المرأة تؤذی زوجها ۔ح۔١١٧٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عورتیں جہنم میں

رسول اللہ ﷺ نے عورتوں سے فرمایا۔صدقہ کرو۔اس لیے کہ عورتیں کثرت سے جہنم کا ایندھن ہوں گی۔ایک عورت نے پوچھا ایسا کیوں ہوگا؟ آپ نے فرمایا۔تم کثرت سے شکایت کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو۔"

(صحیح مسلم کتاب العیدین باب صلاۃ العیدین۔ح۔۸۸۵)

## عزت وناموس کی حفاظت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔﴿وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْأُوْلیٰ﴾ (الاحزاب:۳۳/۳۳)

"اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور پہلی جاہلیت کی طرح بناؤ سنگھار نہ کرو۔"

نیز فرمایا۔﴿فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَیَطْمَعَ الَّذِیْ فِیْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ﴾

"پس (کسی اجنبی شخص کے ساتھ) نرم لہجے سے بات نہ کرو کہ جس کے دل میں بیماری ہے وہ طمع کرے گا۔" (الا حزاب:۳۳/۳۲)

فرمایا۔﴿وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَیَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا﴾ (النور:۲۴/۳۱)

"اور مومن عورتوں سے کہہ دیجیے کہ آنکھیں جھکا کر رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کا اظہار نہ کریں سوائے اس کے جو خود ظاہر ہو جائے۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۹

# رشتہ داروں کے حقوق

## حسن سلوک

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”اللہ تعالیٰ نے رحم سے فرمایا کہ جو تجھے ملائے گا اللہ اسے ملائے گا اور جو تجھے توڑے گا اللہ اسے توڑے گا۔

(بخاری کتاب الأدب باب من وصل وصله الله ح۔٥٩٨٧۔مسلم :کتاب البر والصلة باب صلة الرحم وتحريم قطيعتها۔ ح۔٢٥٥٤)

آپ ﷺ نے فرمایا ”جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ:

۱۔ مہمان کی عزت کرے

۲۔ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرے

۳۔ بھلائی کی بات کرے یا پھر خاموش رہے۔

(بخاری کتاب الادب باب من كان يومن بالله ح۔٦٠١٨۔مسلم :کتاب الايمان باب الحث على اكرام الجار والضيف۔ح۔٤٧)

آپ ﷺ نے فرمایا ”جو شخص اپنی روزی میں فراخی اور عمر میں اضافہ چاہتا ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ صلہ رحمی کرے۔'' (بخاری کتاب الادب باب من بسط له فی الرزق ح۔٥٩٨٦۔مسلم :کتاب البر والصلة باب صلة الرحم وتحریم قطیعتها ح۔٢٥٥٧)

آپ ﷺ نے فرمایا ''قطع رحمی (رشتہ داروں کے ساتھ بدسلوکی) کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔'' (بخاری کتاب الادب باب اثم القاطع ح۔٥٩٨٤۔مسلم :کتاب البر والصلة باب صلة الرحم وتحریم قطیعتها ح۔٢٥٥٦)

## بدسلوکی کے بدلے حسن سلوک

ایک صحابی نے عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! میرے کچھ رشتہ دار ایسے ہیں کہ میں ان سے تعلق جوڑتا ہوں اور وہ مجھ سے تعلق توڑتے ہیں۔ میں ان سے حسن سلوک کرتا ہوں اور وہ میرے ساتھ بدسلوکی کرتے ہیں۔ میں ان سے تحمل اور بردباری سے پیش آتا ہوں اور وہ میرے ساتھ نادانی سے پیش آتے ہیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اگر ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے کہا ہے تو 'تو گویا ان کے منہ میں گرم راکھ ڈال رہا ہے۔ ان کے مقابلے میں تیرے ساتھ ہمیشہ اللہ کی طرف سے ایک مددگار رہے گا جب تک تیرا رویہ ایسا رہے گا۔'' (مسلم کتاب البر والصلة باب صلة الرحم وتحریم قطیعتها ح۔٢٥٥٨)

آپ ﷺ نے فرمایا ''وہ شخص صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہے جو (کسی رشتہ دار کے ساتھ) احسان کے بدلے میں احسان کرتا ہے بلکہ اصل صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے جب اس سے قطع رحمی (بدسلوکی) کی جائے تو وہ صلہ رحمی (اچھا سلوک) کرے۔''

(بخاری کتاب الادب باب لیس الواصل بالمکافی ح۔٥٩٩١)

جنگ بنو مصطلق سے واپسی کے وقت رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے قریب ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مقام پر قیام کیا۔سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا قضائے حاجت کے لیے روانہ ہوئیں اور اسلامی لشکر سے کافی دور چلی گئیں۔وہاں ہار ٹوٹ کر گر گیا جس کی تلاش میں انہیں کافی دیر لگ گئی۔اسی اثناء میں اسلامی فوج اس منزل سے روانہ ہوگئی۔ان دنوں عورتیں ہلکی پھلکی ہوتی تھیں۔سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا ہودج اونٹ پر رکھتے ہوئے لوگ سمجھے کہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا اس میں موجود ہیں۔جب آپ اپنی منزل پر آئیں تو وہاں کوئی بھی نہ تھا۔وہ وہیں بیٹھ گئیں۔پھر انہیں نیند آ گئی اور وہ سو گئیں۔

صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلامی لشکر کے پیچھے رہا کرتے تھے۔صبح کے وقت جب انہوں نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کو دیکھا تو انا للّٰہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔اپنے اونٹ سے اترے۔عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس پر سوار ہوگئیں۔صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اونٹ کی لگام پکڑ کر پیدل چلتے ہوئے دوپہر کے وقت سخت گرمی میں اسلامی لشکر سے جا ملے۔عبداللہ بن ابی اور منافقین کے ایک گروہ کو موقع ملا اور انہوں نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا پر تہمت لگائی۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک رشتہ دار مسطح بن اثاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تہمت لگانے والوں میں شامل تھے۔حالانکہ ان کی مفلسی اور رشتہ داری کی وجہ سے ان کا خرچ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ذمّے لے رکھا تھا۔

ایک ماہ بعد اللہ تعالیٰ نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی براَت میں آیات نازل فرمائیں تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناراض ہو گئے۔اور کہا: اللہ کی قسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں مسطح کو اب کچھ نہ دوں گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ﴾ (النور:٢٤/٢٢)

''جو لوگ تم میں صاحب فضل و وسعت ہیں اور اس بات کی قسم نہ کھائیں کہ رشتہ داروں محتاجوں اور ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہیں دیں گے۔ ان کو چاہیے کہ معاف کریں اور درگزر کریں۔ کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے اللہ بخشنے والا' رحم کرنے والا ہے۔''

اس آیت کے نازل ہونے پر ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا واللہ مجھے اپنی بخشش بہت پسند ہے اللہ کی قسم میں یہ نفقہ بند نہیں کرونگا۔ الغرض انہوں نے مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وظیفہ جاری کر دیا۔ (بخاری كتاب المغازی باب حديث الافك.ح-٤١٤١)

## صدقہ میں رشتہ داروں کو ترجیح

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ''جو عورتیں اپنے خاوندوں پر اور اپنی گودوں میں زیرِ پرورش یتیموں پر صدقہ کرتی ہیں ان کے لیے دگنا اجر ہے۔ ایک رشتہ داری کا اجر اور دوسرا صدقے کا اجر۔ (بخاری كتاب الزكوة باب الزكوة على الزوج والايتام فى الحجر ح-١٤٦٦ـمسلم : كتاب الزكاة باب فضل النفقة على الاقربين -ح-١٠٠٠)

سیدنا ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انصارِ مدینہ میں کھجور کے باغات کے اعتبار سے سب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے زیادہ دولت مند تھے۔ انہوں نے اپنا پسندیدہ باغ بیرحاء اللہ کی راہ میں صدقہ کرتے ہوئے رسول اکرم ﷺ سے عرض کی کہ "آپ ﷺ اسے جہاں مناسب سمجھیں' اپنے استعمال میں لائیں۔" آپ ﷺ نے فرمایا "یہ تو بڑا نفع بخش مال ہے۔ اسے اپنے قرابت داروں میں تقسیم کر دو۔" چنانچہ انہوں نے اسے اپنے رشتہ داروں اور چچا زاد بھائیوں میں تقسیم کر دیا۔ (بخاری 'کتاب الزکوۃ باب الزکوۃ علی الاقارب ح۔١٤٦١۔ مسلم :کتاب الزکوۃ باب فضل النفقۃ والصدقۃ علی الاقربین ح۔٩٩٨)

ام المومنین میمونہ بنت حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک لونڈی آزاد کی اور نبی رحمت ﷺ سے اس کی اجازت نہیں لی۔ پھر آپ نے رسول اللہ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم وہ اپنے ماموؤں کو دے دیتیں تو تمہارے لیے زیادہ اجر کا باعث ہوتا (بخاری .کتاب الھبۃ باب بمن یبدأ بالھبۃ ح۔٢٥٩٤ ۔مسلم :کتاب الزکوۃ باب فضل النفقۃ والصدقۃ علی الاقربین ح۔٩٩٩)

## مشرک رشتہ داروں سے حسنِ سلوک

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا "بنی فلاں کی اولاد میرے دوست نہیں ہیں۔ میرے دوست اللہ اور نیک مومن ہیں۔ البتہ ان سے میری رشتہ داری ہے جسے میں ضرور ملحوظ رکھتا ہوں۔" (بخاری 'کتاب الادب باب یبل الرحم ببلالھا ح۔٥٩٩٠۔ مسلم:کتاب الایمان باب موالاۃ المومنین ومقاطعۃ غیرھم ح۔٢١٥)

## مومن کافر کا وارث نہیں

جب رسول اللہ ﷺ نے مکہ معظّمہ فتح کیا تو کسی نے آپ ﷺ سے سوال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا کہ کیا آپ ﷺ اپنے مکان میں قیام فرمائیں گے۔آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا عقیل نے کوئی مکان چھوڑا ہے۔عقیل اور طالب کافر ہونے کی وجہ سے ابوطالب کے وارث ہوئے۔علی اور جعفر رضی اللہ تعالی عنہما مسلم ہونے کی وجہ سے ابوطالب کے وارث نہیں ہوئے کیونکہ نہ مومن کافر کا وارث ہوتا ہے اور نہ کافر مومن کا۔

(صحیح بخاری کتاب الحج باب توریث دور مکه وبیعها وشرائها ح۔۱۵۸۸،۶۷۶۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پڑوسیوں کے حقوق

## حسن سلوک

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَبِذِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَالْجَارِ الْجُنُبِ﴾ (النساء:٤/٣٦)

''ماں باپ، قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں، رشتہ دار ہمسایوں اور اجنبی ہمسایوں کے ساتھ احسان کرو۔''

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ''جبرائیل علیہ السلام مجھے ہمسایہ کے حقوق کے متعلق اس قدر تاکید کرتے رہے تا آنکہ مجھے گمان ہونے لگا کہ اسے وارث بنا دیا جائے گا۔''

(بخاری کتاب الادب باب الوصیة بالجار ح۔٦٠١٤۔٦٠١٥۔مسلم:کتاب البر والصلة باب الوصیة بالجار والاحسان الیہ ح۔٢٦٢٤۔٢٦٢٥)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ اپنے ہمسایہ سے بہتر سلوک کرے۔'' (بخاری کتاب الادب باب من کان یومن باللہ ح۔٦٠١٩۔مسلم :کتاب الایمان باب الحث علی اکرام الجار والضیف۔ح۔٤٨)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب تم شوربے والا سالن پکاؤ تو اس میں پانی زیادہ کر لیا کرو اور پڑوسی کا خیال رکھو۔''

(مسلم کتاب البر والصلة باب الوصیة بالجار والاحسان الیہ ح۔٢٦٢٥)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا "اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے دو پڑوسی ہیں۔ان میں سے کون میرے تحفے کا زیادہ مستحق ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا "جس کا دروازہ تیرے زیادہ قریب ہو۔" (بخاری کتاب الشفعة باب ای الجوار اقرب ۔ح۔۲۲۵۹)

## شر سے محفوظ رکھنا

آپ ﷺ نے فرمایا "اللہ کی قسم! وہ شخص مومن نہیں۔اللہ کی قسم! وہ شخص مومن نہیں۔اللہ کی قسم! وہ شخص مومن نہیں۔" صحابہ کرام رضی اللہ عنھم اجمعین نے پوچھا "کون یا رسول اللہ ﷺ؟" فرمایا "جس کا ہمسایہ اس کی شرارتوں سے محفوظ نہیں۔"

(بخاری کتاب الادب باب اثم من لم یامن جار ہ بوائقه ۔ح۔٦٠١٦۔مسلم :کتاب الایمان باب تحریم أیذاء الجار۔ح۔٤٦)

آپ ﷺ نے فرمایا "وہ شخص جنت میں داخل نہ ہو گا جس کی شرارتوں سے اس کا ہمسایہ امن میں نہ ہو۔" (مسلم کتاب الایمان باب تحریم ایذاء الجارح ٤٦)

## ہمسایہ کی مدد

آپ ﷺ نے فرمایا "تم میں سے کوئی اپنے ہمسایہ کو اپنی دیوار پر شہتیر رکھنے سے نہ روکے۔" ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "کیا وجہ ہے کہ (اس فرمانِ رسول ﷺ کے باوجود) تم اس حکم کو قبول نہیں کرتے؟ اللہ کی قسم! میں اس حدیث کو تمہارے سامنے بیان کرتا رہوں گا۔" (بخاری کتاب المظالم باب لایمنع جار جاره ان یغرز۔ح۔٢٤٦٣۔مسلم کتاب البیوع باب غرز الخشب فی جدار الجار۔ح۔١٦٠٩)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قیامت کے دن حقوق العباد کا فیصلہ

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ ''تمہیں قیامت کے دن حق والوں کا حق ضرور ادا کرنا ہوگا حتی کہ سینگ والی بکری سے بغیر سینگوں والی بکری کو بدلہ دلوایا جائے گا۔''

(مسلم کتاب البر باب تحریم الظلم ح۔۲۵۸۲)

آپ نے فرمایا۔ جس آدمی پر بھی اپنے دوسرے مسلمان بھائی کا اس کی عزت و آبرو سے متعلق یا کسی اور چیز سے متعلق کوئی حق ہو تو اسے چاہیے کہ آج ہی دنیا میں اس کا ازالہ کر کے اس حق سے عہدہ برا ہو جائے قبل اس کے کہ وہ دن آئے جس دن کسی کے پاس دینار و درہم نہیں ہوں گے۔ اگر اس کے پاس عمل صالح ہوئے تو اس کے ظلم کے برابر اس سے لے لئے جائیں گے۔ اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو صاحب حق کی برائیاں اس پر لاد دی جائیں گی۔ (بخاری کتاب المظالم باب من كانت له مظلمة ح۔۲۴۴۹)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو مفلس کون ہے۔ مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوۃ کے ساتھ آئے گا لیکن وہ اس حال میں آئے گا کہ کسی کو اس نے گالی دی ہوگی، کسی پر بہتان تراشی ہوگی کسی کو مارا پیٹا ہوگا۔ پس ان (تمام مظلومین) کو اس کی نیکیاں دے دی جائیں گی۔ پس اگر اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں اور اس کے ذمے دوسروں کے حقوق باقی ہوئے تو ان کے گناہ لے کر اس پر ڈال دیئے جائیں گے۔ پھر اسے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ (مسلم کتاب البر باب تحریم الظلم ح۔۲۵۸۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مسلمانوں کے آپس کے حقوق

## اللہ کے لیے محبت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا میری عظمت وجلالت کے لیے باہم محبت کرنے والے کہاں ہیں۔آج میں ان کو اپنے سائے میں جگہ دوں گا جبکہ میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں ہے۔

(مسلم ۔کتاب البر والصلة باب فضل الحب فی اللہ ۔ح۔۲۵٦٦)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔میری جلالت وعظمت کی خاطر باہم محبت کرنے والے کہاں ہیں۔ان کے لیے نور کے منبر ہیں (جس پر وہ بیٹھیں گے) ان پر انبیاء اور شہداء بھی رشک کریں گے۔(ترمذی ابواب الزھد باب ماجاء فی الحب فی اللہ ۔ح۔۲۳۹۰۔ابن حبان نے صحیح' امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگ سونے چاندی کے کانوں کی طرح کانیں ہیں۔ ان میں زمانہ جاہلیت کے بہتر لوگ اسلام میں بھی بہتر ہونگے۔جب انہیں دین کی سمجھ آجائے۔روحیں مختلف قسم کے لشکر ہیں۔پس ان روحوں میں سے جن کی عالم ارواح میں ایک دوسرے سے جان پہچان ہوگئی۔وہ (دنیا میں بھی) آپس میں مانوس ہیں اور جو وہاں ایک دوسرے سے انجان رہیں وہ (دنیا میں بھی) ایک دوسرے سے الگ ہیں۔

(بخاری۔کتاب الانبیاء باب الارواح جنود مجندة ۔ح۔۳۳۳٦۔مسلم :کتاب البر والصلة باب الارواح جنود مجندة ۔ح۔۲٦۳۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا ''آپس میں محبت' ایک دوسرے پر رحم اور مہربانی میں سب مومن ایک جیسے ہیں۔ اگر جسم کے ایک حصہ میں تکلیف ہو تو اس کی وجہ سے سارا جسم بیداری اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔''

(بخاری' کتاب الادب باب رحمة الناس فضل تعاون المومنین ۔ح۔٦٠٢٦۔مسلم :کتاب البر والصلة باب تراحم المومنین وتعاطفهم ۔ح۔٢٥٨٦)

آپ ﷺ نے فرمایا ''ایک مومن دوسرے مومن کے لیے اس عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے۔''

(بخاری' کتاب الادب باب فضل تعاون المومنین ۔ح۔٦٠٢٦۔مسلم :کتاب البر والصلة باب تراحم المومنین وتعاطفهم ۔ح۔٢٥٨٥)

آپ ﷺ نے فرمایا ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم اس وقت تک جنت میں نہیں جاؤ گے جب تک ایمان نہیں لاؤ گے۔ اور تم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک تم ایک دوسرے سے اللہ کے لیے محبت نہیں کرو گے۔ کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں کہ جب تم اسے اختیار کرو تو باہم محبت کرنے لگ جاؤ گے اور وہ یہ ہے کہ تم آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔ (مسلم کتاب الایمان باب بیان انه لایدخل الجنة الاالمومنون۔ح۔٥٤)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب آدمی اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ اسے بتادے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔

(ابو داؤد' کتاب الادب' باب اخبار الرجل لمحبته اياه ۔ح۔٥١٢٤۔ترمذی:ابواب الزهد باب ماجاء فی اعلام الحب ۔ح۔٢٣٩۔ امام ترمذی نے حسن اور ابن حبان نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اللہ کی محبت میں ایک دوسرے سے ملاقات کرنا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا'' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میری محبت واجب ہو گئی ان کے لیے جو میرے لیے آپس میں محبت کرتے' میرے لیے ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور ایک دوسرے سے ملاقات کرتے اور میرے لیے ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں۔''

(موطا مالك کتاب الشعر باب ماجاء فی المتحابین فی اللہ ۔ح۔۲ / ۹۵۳۔امام نووی نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا'' ایک آدمی کسی دوسری بستی میں اپنے بھائی کی زیارت کے لیے گیا۔اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا۔اس نے پوچھا'' تم کہاں جارہے ہو؟'' اس نے کہا کہ'' اس بستی میں میرا بھائی رہتا ہے۔اس کے پاس جارہا ہوں۔'' فرشتے نے پوچھا'' کیا اس کا تم پر کوئی احسان ہے جس کی وجہ سے تم تکلیف اٹھا رہے ہو یا اس کے احسان کا بدلہ اتارنے جارہے ہو؟'' اس نے کہا'' نہیں میں صرف اس لیے جارہا ہوں کہ میں اس سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں۔'' فرشتے نے کہا کہ'' میں فرشتہ ہوں اور (تمہیں یہ بتانے آیا ہوں کہ) اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرتا ہے جیسا تم صرف اللہ کے لیے اس سے محبت کرتے ہو۔'' (مسلم کتاب البر والصلة والادب باب فضل الحب فی اللہ ۔ح۔۲۵۶۷)

## اہلِ خیر کی زیارت کرنے کا بیان

نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا'' آؤ ام ایمن کی زیارت کو چلیں جس طرح رسول اللہ ﷺ ان کی زیارت کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتے تھے۔" وہ دونوں ان کے پاس پہنچے تو وہ رو پڑیں۔انہوں نے کہا" آپ کیوں روتی ہیں؟" ام ایمن نے جواب دیا" میں اس لیے روتی ہوں کہ آسمان سے وحی کا سلسلہ منقطع ہوگیا ہے۔" یہ بات سن کر یہ دونوں بھی رونے لگے۔

(مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل ام ایمن۔ح۔۲٤٥٤)

## خیر خواہی

سیدنا جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے نماز قائم کرنے' زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی پر بیعت کی۔ (بخاری کتاب الایمان باب قول النبی ﷺ الدین النصیحة لله ولرسوله ولائمة المسلمین وعامتهم ح۔۵۷۔مسلم۔کتاب الایمان۔باب بیان ان الدین النصیحة۔ح۔۵٦)

آپ ﷺ نے فرمایا" دین خیر خواہی کا نام ہے۔" سوال کیا گیا" کس کی؟" فرمایا" اللہ کی' اس کی کتاب کی' اس کے رسول کی' خلیفة المسلمین کی اور عام مسلمانوں کی۔"

(بخاری کتاب الایمان باب بیان ان الدین النصیحة۔ح۔۵۵)

## مسلمانوں پر شفقت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا" تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے بھی وہ چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے کرتا ہے۔

(بخاری کتاب الایمان باب من الایمان ان یحب لاخیه ۔ح۔۱۳۔مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علی ان من خصال الایمان ان یحب لاخیه مایحب لنفسه من الخیر۔ح۔٤٥)

آپ ﷺ نے فرمایا" مسلم وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محفوظ رہیں اور مہاجر وہ ہے جو اللہ کی منع کردہ چیزوں کو چھوڑ دے۔

(بخاری کتاب الایمان باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده ح۔۱۰۔مسلم : کتاب الایمان باب بیان تفاضل الاسلام وای اموره افضل ح۔٤٠)

آپ ﷺ نے فرمایا ''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔وہ نہ اس پر زیادتی کرتا ہے' نہ اسے (بے یارومددگار چھوڑ کر) دشمن کے سپرد کرتا ہے۔جو اپنے مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرنے میں لگا ہو' اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرماتا ہے۔جو کسی مسلمان سے کوئی پریشانی دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کی قیامت کی پریشانیوں میں سے کوئی بڑی پریشانی دور فرمائے گا۔اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔(بخاری کتاب المظالم باب لایظلم المسلم المسلم ولایسلمه ح۔٢٤٤٢۔مسلم :کتاب البر والصلة باب تحریم الظلم ح۔٢٥٨٠)

## مسلمان کو حقیر نہ سمجھنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی مومن سے دنیا کی کوئی سختی دور کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر سے آخرت کی سختیوں میں سے ایک سختی دور کرے گا۔جو شخص مفلس کو (قرض کے لئے) مہلت دے گا اللہ تعالیٰ اس پر دنیا و آخرت میں آسانی کرے گا۔جو شخص کسی مسلمان کا عیب چھپائے گا اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کا عیب چھپائے گا۔اللہ تعالیٰ بندہ کی مدد میں رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے۔جو شخص علم دین حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے جب لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ کی کتاب پڑھنے پڑھانے اللہ کے گھر میں جمع ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی رحمت اترتی ہے جو ان کو ڈھانپ لیتی ہے فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرشتوں میں ان کا ذکر کرتا ہے

(مسلم کتاب الدعوات باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن ح۔۲۶۹۹)

## مسلمان کو سلام کہنا

نبی رحمت ﷺ نے سلام پھیلانے کا حکم دیا۔

(بخاری کتاب الاستیذان باب افشاء السلام ح۔۶۲۳۵۔مسلم :باب من حق المسلم للمسلم رد السلام ح۔۲۰۶۶)

ایک صحابی نے آپ ﷺ سے پوچھا ''اسلام کی کونسی بات زیادہ بہتر ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا'' تم (بھوکے کو) کھانا کھلاؤ اور ہر شخص کو سلام کہو چاہے تم اسے جانتے ہو یا نہیں۔'' (بخاری کتاب الایمان باب اطعام الطعام من الاسلام ح۔۱۲۔ مسلم : کتاب الایمان باب بیان تفاضل الاسلام وای امورہ افضل ح۔۳۹)

ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر السلام علیکم کہا اور بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے جواب دیا اور فرمایا کہ'' اس کے لیے دس نیکیاں ہیں۔'' ایک دوسرے آدمی نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا۔ آپ ﷺ نے فرمایا'' اس کے لیے بیس نیکیاں ہیں۔'' پھر ایک اور آدمی آیا اور اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا۔ آپ ﷺ نے جواب دیا اور فرمایا'' اس کے لیے تیس نیکیاں ہیں۔''

(ابو داؤد ترمذی کتاب الادب باب کیف السلام ح۔۵۱۹۵ د۔ترمذی :ابواب الاستیذان باب ماذکر فی فضل السلام ۔ ح۔۲۶۸۹۔امام ترمذی نے حسن اور ابن حجر نے قوی کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلام کے آداب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''چھوٹا بڑے کو' راہ چلنے والا بیٹھے ہوئے کو' سوار پیدل کو' تھوڑے زیادہ لوگوں کو سلام کریں۔ (بخاری کتاب الاستذان باب تسلیم القلیل علی الکثیر ح.٦٢٣١.مسلم :کتاب السلام باب تسلیم الراکب علی الماشی ح.٢١٦٠)

رسول اللہ ﷺ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو انہیں سلام کرتے تھے۔ (بخاری کتاب الاستیذان باب التسلیم علی الصبیان ح.٦٢٤٧.مسلم :کتاب السلام باب استحباب السلام علی الصبیان ح.٢١٦٨)

سہل بن سعد رضی اللہ تعالی عنہ کے محلّہ میں ایک بوڑھی عورت تھی۔ جب وہ جمعہ کی نماز پڑھ کر واپس آتے تو اسے سلام کرتے۔

(بخاری کتاب الجمعة باب قول اللہ تعالٰی فاذا قضیت الصلوة ح.٩٣٨)

رسول اکرم ﷺ کا چند عورتوں کے پاس سے گزر ہوا تو آپ ﷺ نے انہیں سلام کہا اور ہاتھ سے اشارہ بھی کیا۔ (ابو داؤد ح.٥٢٠٤.ترمذی .ابواب الاستیذان باب ماجاء فی التسلیم علی النساء ح.٢٦٩٧.امام ترمذی نے حسن کہا)

## سلام میں پہل کرنے والا اللہ کے قریب ہے

آپ ﷺ نے فرمایا ''بیشک لوگوں میں اللہ کے زیادہ قریب وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فضل من بدأ بالسلام ح.٥١٩٧.ترمذی ابواب الاستیذان باب ماجاء فی فضل الذی یبدأ بالسلام ح.٢٦٩٤. امام نووی نے سند کو جید کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بار بار سلام کرنا

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب تم اپنے بھائی سے ملو تو اسے سلام کہو۔ پھر اگر ان کے درمیان کوئی درخت یا دیوار یا پتھر حائل ہو پھر ملو تو پھر سلام کرو۔''

(ابو داؤد کتاب الادب باب فی الرجل یفارق الرجل ثم یلقاه ایسلم علیه ح۔۵۲۰۰)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب کسی مجلس میں جاؤ تو سلام کرو۔ جب اٹھ کر واپس جانے لگو تو بھی سلام کرو۔''

(ابو داؤد کتاب الادب باب السلام اذا قام من المجا[illegible] ترمذی ابواب الاستیذان باب ماجاء فی التسلیم عند القیام وعند القعود۔ح۔۲۷۰۶۔امام ترمذی نے حسن کہا)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ (نماز بغیر اطمینان کے پڑھنے والے کے قصہ میں) فرماتے ہیں کہ وہ آیا اور نماز پڑھی پھر نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور آپ کو سلام کیا آپ نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا لوٹ جا پھر نماز پڑھ اس لیے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ وہ واپس گیا اور نماز پڑھی پھر آیا اور سلام کیا آپ نے سلام کا جواب دیا اور نبی رحمت ﷺ نے پھر نماز پڑھنے کا حکم دیا۔ ایسا تین مرتبہ ہوا۔

(بخاری کتاب الاذان ۔باب وجوب القراءۃ للامام والماموم فی الصلوۃ ۔ ح۔۷۵۷۔مسلم الصلاۃ ۔باب وجوب قراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ۔ح۔۳۹۷)

## ملاقات کے لیے اجازت طلب کرنے کا طریقہ

بنو عامر قبیلے کے ایک شخص نے آپ ﷺ سے عرض کیا ''کیا میں اندر آ جاؤں؟'' آپ ﷺ نے اپنے خادم سے فرمایا ''اس شخص کے پاس جا اور اسے اجازت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طلب کرنے کا طریقہ سکھا۔ اس سے کہو کہ کہہ السلام علیکم کیا میں اندر آ جاؤں؟'' اس آدمی نے سن کر کہا ''السلام علیکم کیا میں اندر آ جاؤں؟'' آپ ﷺ نے اسے اجازت دی اور وہ اندر داخل ہوا۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب کیفیة الاستیذان ۔ح۔۵۱۷۷۔امام نووی نے صحیح کہا)

سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا تو آپ ﷺ نے پوچھا ''کون؟'' جابر نے کہا ''میں ہوں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''میں میں'' (کیا ہے) گویا آپ ﷺ نے اسے برا سمجھا۔ بخ

(بخاری کتاب الاستیذان باب اذا قال من ذافقال انا۔ح۔۶۲۵۰۔مسلم :کتاب الاستیذان باب کراھة قول المستاذن انا اذا قیل من ھذا ۔ح۔۲۱۵۵)

سیدہ ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میں اللہ کے رسول کے پاس آئی جبکہ آپ ﷺ غسل کر رہے تھے اور فاطمہ پردہ کیے ہوئے تھیں۔ میں نے آ کر سلام کیا۔ آپ ﷺ نے پوچھا ''یہ کون ہے؟'' میں نے کہا کہ ''میں ام ہانی ہوں۔''

(بخاری کتاب الغسل باب التستر فی الغسل عند الناس۔ح۔۲۸۰)

معلوم ہوا کہ اجازت طلب کرنے والے سے جب پوچھا جائے کہ تم کون ہو تو وہ اپنا نام یا کنیت بتائے۔ ''میں ہوں'' نہ کہے۔

## کافر کو سلام کرنا

آپ ﷺ نے فرمایا ''یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل مت کرو۔'' (مسلم کتاب السلام باب النھی عن ابتداء اھل الکتاب بالسلام وکیف یرد علیھم ۔ح۔۲۱۶۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا ''جب تمہیں اہل کتاب سلام کریں تو تم ''وعلیکم'' کہا کرو۔''

(بخاری کتاب الاستیذان باب کیف یرد علی اهل الذمة السلام ۔ح۔۶۲۵۸۔مسلم کتاب السلام باب النهی عن ابتداء اهل الکتاب بالسلام ۔ح۔۲۱۶۳)

آپ ﷺ کا گزر ایک ایسی مجلس پر ہوا جس میں مسلمان' مشرک' بت پرست اور یہود ملے جلے لوگ تھے۔ پس آپ ﷺ نے انہیں سلام کیا۔

(بخاری کتاب الاستیذان باب التسلیم علی مجلس فیه اخلاط ۔ح۔۶۲۵۴۔مسلم :کتاب الجهاد والسیر باب فی دعاء النبی وصبره علی اذی المنافقین ۔ح۔۱۷۹۸)

## ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا

سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام میں مصافحے کا معمول تھا۔

(بخاری کتاب الاستیذان باب المصافحة۔ح۔۶۲۶۳)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''کسی بھی نیکی کو ہرگز حقیر نہ جاننا اگرچہ تیرا اپنے بھائی سے مسکرا کر ملنا ہی کیوں نہ ہو۔''

(مسلم کتاب البر باب استحباب طلقة الوجه عند اللقاء ۔ح۔۲۶۲۶)

آپ ﷺ نے فرمایا۔ اچھی گفتگو نیکی ہے۔

(صحیح بخاری الصلح باب فضل الاصلاح بین الناس ۔ح۔۲۷۰۷۔مسلم:الزکوة باب ان اسم الصدقة یقع علی کل نوع من المعروف ۔ح۔۱۰۰۹)

معلوم ہوا کہ مسلمان بھائی سے مسکرا کر ملنا اور اچھی گفتگو کرنا بھی نیکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مریض کی تیمارداری کرنا

نبی اکرم ﷺ نے مریض کی تیمار پرسی کرنے' جنازے کے ساتھ چلنے' چھینکنے والے کی چھینک کا جواب دینے (اگر وہ الحمدلله کہے تو جواب میں یرحمك الله کہنے) قسم دینے والے کی قسم پوری کرنے' مظلوم کی مدد کرنے' دعوت کرنے والے کی دعوت قبول کرنے' کمزور کی مدد کرنے اور سلام کے پھیلانے اور عام کرنے کا حکم دیا۔

(بخاری الاستئذان باب افشاء السلام م۔ح۔۶۲۳۵ '۱۲۳۹)

قسم اٹھانے والے کی قسم کو پورا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص تم پر اعتماد کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ اللہ کی قسم تم یہ کام ضرور کرو تو تم اس کے اعتماد کو مجروح مت کرو اور اس کام کو کر کے اس کی قسم پوری کرو بشرطیکہ وہ کام حرام نہ ہو۔

آپ ﷺ نے فرمایا ''بے شک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا ''اے آدم کے بیٹے! میں بیمار ہوا تو تو نے میری عیادت کیوں نہیں کی؟'' انسان عرض کرے گا ''اے میرے رب میں کیسے تیری عیادت کرتا جب کہ تو تمام جہانوں کا رب ہے۔'' اللہ تعالیٰ فرمائے گا ''کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا لیکن تو نے اس کی مزاج پرسی نہیں کی۔ کیا تجھے علم نہیں تھا کہ اگر تو اس کی مزاج پرسی کرتا تو تو مجھے اس کے پاس پاتا۔''

(مسلم البر والصلة باب فضل عیادة المریض۔ح۔۲۵۶۹)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو واپس آنے تک وہ جنت کے تازہ پھل چننے میں مصروف رہتا ہے۔

(مسلم البر والصلٰة باب فضل عيادة المريض ح۔۲۵۶۸)

## کافر کی عیادت کرنا اور اسے اسلام کی دعوت دینا

ایک یہودی لڑکا نبی رحمت ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہوگیا۔ آپ ﷺ اس کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔ اس کے سرہانے بیٹھے اور فرمایا ''اسلام قبول کرلے۔'' اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا۔ باپ نے کہا ''ابوالقاسم کی بات مان لے۔'' پس وہ مسلمان ہوگیا۔ آپ ﷺ یہ فرماتے ہوئے باہر تشریف لائے ''تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے اس لڑکے کو جہنم کی آگ سے بچالیا۔''

(بخاری الجنائز باب اذا اسلم الصبی فمات هل يصلی عليه ح۔۱۳۵۶)

## جنازے کے ساتھ جانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں' سلام کا جواب دینا' بیمار کی مزاج پرسی کرنا' جب وہ مرجائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جانا' دعوت قبول کرنا' اور چھینکنے والے کی چھینک کا جواب دینا۔''

(بخاری الجنائز باب الامر باتباع الجنائز ح۔۱۲۴۰ صحيح مسلم :السلام باب من حق المسلم على المسلم ردالسلام ح۔۲۱۶۲)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص کسی مسلمان کے جنازہ کے ساتھ ایمان کی حالت میں اور ثواب کی نیت سے چلے گا اور اس کی نمازِ جنازہ پڑھنے اور دفن سے فارغ ہونے تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس کے ساتھ رہے گا تو وہ دو قیراط اجر پائے گا' ہر قیراط احد پہاڑ کی مانند ہے۔اور جو اس کو دفنائے جانے سے پہلے صرف نمازِ جنازہ پڑھ کر لوٹ آئے تو اس کو ایک قیراط ثواب ملے گا۔"

(بخاری 'الایمان' باب اتباع الجنازہ من الایمان ۔ح۔۴۷)

سیدنا ام عطیہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہیں کہ" عورتوں کو جنازوں کے ساتھ چلنے سے منع کیا گیا ہے لیکن ہم پر سختی نہیں کی گئی ہے۔"

(بخاری 'الجنائز' باب اتباع النساء الجنائز ۔ح۔۱۲۷۸۔مسلم:الجنائز باب نهی النساء عن اتباع الجنائز ۔ح۔۹۳۸)

آپ ﷺ نے فرمایا" بیمار کی عیادت کرو اور جنازہ کے ساتھ چلو۔ یہ عمل تمہیں آخرت یاد کروائے گا۔" (مسلم)

## دعوت قبول کرنا

آپ ﷺ نے فرمایا" مجھے اگر بکری کے پائے کے لیے بھی دعوت دی جائے تو میں ضرور قبول کروں گا۔اگر مجھے اس کے بازو کا تحفہ دیا جائے تو میں قبول کروں گا۔

(بخاری 'کتاب الهبة ۔باب القليل من الهبة ۔ح۔۲۰۶۸)

سیدنا ابو طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک خرگوش ذبح کیا اور اس کی ران رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کی جسے آپ ﷺ نے قبول فرمایا۔

(البخاری کتاب الذبائح والعيد 'باب الدرنب۔ح۔۵۵۳۵)

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خرگوش حلال ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا" جب تمہیں کھانے کے لیے بلایا جائے تو قبول کرو۔اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روزہ دار ہو تو دعوت دینے والے کو دعا دو اور اگر روزہ دار نہیں تو کھانا کھالو۔

(مسلم کتاب النکاح باب الامر باجابة الداعی الی دعوة ۔ح۔١٤٣١)

آپ ﷺ نے فرمایا ''بدترین کھانا وہ ولیمہ ہے جس میں دولت مند بلائے جائیں اور فقراء کو نہ بلایا جائے۔ (بخاری کتاب النکاح باب من ترک الدعوة ۔ح۔٥١٧٧ ۔مسلم: کتاب النکاح ۔باب الامر باجابة الداعی الی دعوة ۔ح۔١٤٣٢)

## دوستی متقی لوگوں سے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مومن کے سوا کسی اور کو ساتھی نہ بناؤ اور متقی شخص کے علاوہ تمہارا کھانا کوئی اور نہ کھائے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب من یومر ان یجالس ؟ ۔ح۔٤٨٣٢ ۔ترمذی کتاب الزھد باب ماجاء فی صحبة المومن ۔ح۔٢٣٩٥ ۔ابن حبان، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## چھینک کا جواب دینا

آپ ﷺ نے فرمایا ''بے شک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند اور جمائی کو ناپسند کرتا ہے۔ پس جب تمہیں چھینک آئے تو اللہ کا شکر ادا کرو لیکن جمائی شیطان کی طرف سے ہے۔ جب تمہیں جمائی آئے تو کوشش کر کے اسے روکو۔ جب تم جمائی لیتے ہو تو شیطان ہنستا ہے۔'' (بخاری الادب باب اذا عطس کیف یشمت ۔ح۔٦٢٢٤)

آپ ﷺ نے فرمایا ''جب تمہیں چھینک آئے تو (اَلْحَمْدُ لِلّٰه) کہو۔ سننے والا اس کا بھائی جواب میں یہ دعا کرے (یَرْحَمُكَ اللّٰهُ) (اللہ تم پر رحم کرے)۔ چھینکنے والا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پھر کہے (یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ) (اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے حال کی اصلاح فرمائے۔")

(بخاری 'الادب 'باب مایستحب من العطاس ویکره من التثأوب .ح.٦٢٢٣)

آپ ﷺ نے فرمایا" جب کسی کو چھینک آئے اور وہ اس پر (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) کہے تو تم اس کے حق میں دعا کرو۔ اور اگر اس نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نہیں کہا تو تم بھی اس کو جواب نہ دو۔" (مسلم کتاب الزهد والرقاق باب تشمیت العاطس .ح.٢٩٩٢)

نبی رحمت ﷺ کے پاس دو آدمیوں کو چھینک آئی آپ نے ان میں سے ایک کو جواب دیا اور دوسرے کو جواب نہیں دیا۔ اس نے عرض کیا آپ نے فلاں شخص کی چھینک کا جواب دیا اور مجھے جواب نہیں دیا۔ آپ نے فرمایا اس شخص نے چھینک آنے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہا اور تو نے اللہ کی حمد بیان نہیں کی۔

(بخاری 'الادب 'باب لایشمت العاطس اذالم یحمد.ح.٦٢٢٥.مسلم کتاب الزهدباب تشمیت العاطس .ح.٢٩٩١)

نبی کریم ﷺ کو جب چھینک آتی تو آپ ﷺ اپنے منہ پر اپنا ہاتھ یا کپڑا رکھ لیتے جس کے ذریعے سے اپنی آواز کو ہلکا یا پست کرتے۔

(ابو داؤد 'الادب 'باب فی العطاس .ح.٥٠٢٩. ترمذی 'ابواب الاستیذان باب ماجآء فی خفض الصوت .ح.٢٧٤٥. امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

یہودی نبی اکرم ﷺ کے پاس اس امید پر چھینکتے کہ آپ ﷺ ان کے لیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(یَرْحَمُكَ اللّٰه) کہیں گے لیکن آپ ﷺ (اس کی بجائے) فرماتے۔'' (یَهْدِیْكُمُ اللّٰهُ وَیُصْلِحُ بَالَكُمْ) (ابو داؤد' الادب کیف یشمت الذمی ۔ح ۵۰۳۸. ترمذی' ابواب الادب' باب ماجاء کیف یشمت العاطس ۔ح ۲۷۳۹۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا'' جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اپنے ہاتھ سے اپنا منہ بند کر لے اس لیے کہ شیطان اندر داخل ہو جاتا ہے۔''

(مسلم کتاب الزهد باب تشمیت العاطس وکراهة التثاؤب ۔ح ۲۹۹۵)

## مومنوں کے ساتھ نرمی

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

''اپنے پیروکار مومنوں سے نرمی سے پیش آؤ۔'' (الشعراء ۲۶: ۲۱۵)

آپ ﷺ نے فرمایا'' اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی ہے کہ آپس میں عاجزی اختیار کرو۔ کوئی کسی پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر زیادتی کرے۔''

(مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها واهلها باب الصفات التی یعرف بها فی الدنیا اهل الجنة واهل النار ۔ح ۲۸۶۵)

آپ ﷺ نے فرمایا'' اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور ہر معاملے میں نرمی کرنے کو پسند فرماتا ہے۔'' (بخاری کتاب الادب باب الرفق فی الامر کله ۔ح ۶۰۲۴۔ مسلم: کتاب البر باب فضل الرفق ۔ح ۲۱۶۵)

آپ ﷺ نے فرمایا'' جو شخص نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ ہر قسم کی بھلائی سے محروم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کر دیا گیا۔" (مسلم کتاب البر باب فضل الرفق ح ۲۵۹۲)

آپ ﷺ نے ایک صحابی کو وصیت کی کہ غصہ نہ کیا کرو۔"

(بخاری کتاب الادب باب الحذر من الغضب ح ۶۱۱۶)

## لوگوں سے میل جول رکھنے کی فضیلت

آپ ﷺ نے فرمایا وہ مومن جو لوگوں سے میل جول رکھتا ہے۔ اور ان سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر کرتا ہے اس مومن سے افضل ہے جو لوگوں سے میل ملاپ نہیں رکھتا اور نہ ان کی تکلیفوں پر صبر کرتا ہے۔

(ترمذی صفة القیامة باب فی فضل المخالطة مع الصبر علی اذی الناس ح ۲۵۰۷)

معلوم ہوا کہ اسلام میں رہبانیت نہیں بلکہ اسلام کا مطالبہ یہ ہے کہ انسانوں میں رہ کر اللہ اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کیے جائیں اور حق کی سربلندی اور باطل کی سرکوبی کے لیے محنت کی جائے اور اس راہ کی صبر آزما مشکلات خوشی کے ساتھ برداشت کی جائیں۔

آپ ﷺ نے فرمایا "جہنم کی آگ اس پر حرام ہے جو لوگوں کے قریب رہنے والا، آسانی کرنے والا، نرمی کرنے والا اور نرم خو ہے۔"

(ترمذی ابواب صفة یوم القیامة باب کان النبی ﷺ فی مهنة اهله ح ۲۴۸۸۔ امام ترمذی نے حسن، ابن حبان نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا۔ صدقہ کسی مال کو کم نہیں کرتا، عفو و درگزر سے اللہ تعالیٰ عزت میں اضافہ فرماتا ہے اور جو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے بلند فرماتا ہے۔ (مسلم کتاب البر باب استحباب العفو والتواضع ح ۲۵۸۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسلمان کی مدد

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ''تم اپنے بھائی کی مدد کرو وہ ظالم ہو یا مظلوم۔'' ایک شخص نے عرض کیا ''یا رسول اللہ! جب وہ مظلوم ہو تو میں اس کی مدد کروں گا لیکن یہ بتایئے اگر وہ ظالم ہو تو اس کی مدد کیسے کروں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اس کو تم ظلم کرنے سے روک دو۔ یہی اس کی مدد کرنا ہے۔''

(بخاری کتاب المظالم ۔باب اعن اخاك ظالما اور مظلوما ۔ح۔۲٤٤۳)

معاشرے سے ظلم وفساد روکنے کے لیے کتنا جامع ارشاد ہے کہ اخلاقی جرات سے کام لے کر ظالم کو بھی ظلم کرنے سے روکو۔

## علماء اور بڑے لوگوں کی تعظیم

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''لوگوں کی امامت وہ کرائے جو ان میں کتاب اللہ سب سے اچھا پڑھنے والا ہو۔ اگر قراءت میں سب برابر ہوں تو سنت کا علم سب سے زیادہ رکھنے والا امامت کرائے۔'' (مسلم کتاب الصلوۃ باب من احق بالامامۃ۔ح۔٦٧۳)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم میں سے (نماز میں) میرے قریب وہ کھڑے ہوں جو سمجھدار اور عقلمند ہوں۔ پھر جو ان سے قریب ہوں اور پھر جو ان سے قریب ہوں۔''

(مسلم کتاب الصلوۃ باب تسویۃ الصفوف واقامتھا۔ح۔٤۳۲)

ابو سعید سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں نوعمر بچہ تھا۔ میں آپ ﷺ کی باتیں یاد کر لیتا تھا لیکن انہیں بیان کرنے سے مجھے یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بات روکتی تھی کہ مجھ سے زیادہ عمر کے لوگ موجود ہوتے تھے۔

(بخاری کتاب الجنائز باب الصلوۃ علی النفساء اذا ماتت فی نفاسھا ح ۱۳۳۱۔ مسلم الجنائز باب این یقوم الامام من المیت للصلوۃ علیہ ح ۹۶۴)

## مسلم امراء کا احترام

جنگ موتہ میں فتح کے بعد خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مال غنیمت تقسیم کیا۔ قبیلہ حمیر کے ایک شخص نے ایک کافر کو قتل کیا تھا۔ اس نے مقتول کا سامان لینا چاہا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قرینہ سے انکار کیا۔ عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اے خالد کیا تمہیں نہیں معلوم کہ رسول اللہ ﷺ نے قاتل کو مقتول کا سامان دلوایا ہے۔ خالد بن ولید نے کہا بے شک مگر مجھے یہ سامان بہت معلوم ہوتا ہے۔ جب یہ لشکر اسلام مدینہ منورہ آیا تو عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ کو بتایا کہ خالد نے قاتل کو مقتول کا سامان دینے سے انکار کیا۔ نبی کریم ﷺ نے خالد سے پوچھا کہ تم نے اس کو سامان کیوں نہ دیا۔ نبی رحمت ﷺ نے اس کو سامان دینے کا حکم دیا۔ جب خالد عوف کے سامنے سے گزرے تو عوف نے ان کی چادر کھینچ کر کہا ''جو میں نے کہا تھا وہی ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے عوف کی بات سن لی۔ آپ بہت ناراض ہوئے اور فرمایا اے خالد اسے نہ دو۔ اے خالد اسے نہ دو۔ پھر فرمایا کیا تم میرے امراء کو نہیں چھوڑتے (کیوں ان کی توہین کرتے ہو) تمہاری اور ان کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے اونٹ اور بکریاں چرانے کے لیے لیں۔ پھر ان کی پیاس کا وقت دیکھ کر حوض پر آیا۔ انہوں نے پینا شروع کیا تو صاف صاف پانی پی لیا اور تلچھٹ چھوڑ دی تو کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صاف اور اچھی چیزیں تمہارے لیے اور بری سرداروں کے لیے ہیں۔

(صحيح مسلم كتاب الجهاد باب استحقاق القاتل سلب القتيل .ح.١٧٥٣)

## امیر کی اطاعت صرف معروف کاموں میں ہے

رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن حذافہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سپہ سالاری میں ایک لشکر بھیجا اور اہل لشکر کو حکم دیا کہ اپنے سپہ سالار کی اطاعت کریں۔ راستہ میں سپہ سالار کو کسی بات پر غصہ آ گیا۔ اس نے لکڑیاں جمع کرنے کا حکم دیا۔ پھر آگ جلائی۔ سپہ سالار نے کہا اس آگ میں داخل ہو جاؤ۔ بعض لوگوں نے حکم کی تعمیل کا ارادہ کیا اور بعض نے انکار کیا اور دوسروں کو بھی تعمیل کرنے سے روکتے رہے اور کہا کہ ہم آگ ہی سے بھاگ کر رسول اللہ ﷺ کی طرف آئے۔ اس بحث میں آگ ٹھنڈی ہوگئی۔ اور سپہ سالار کا غصہ بھی ٹھنڈا ہو گیا۔ جب یہ خبر رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپ نے فرمایا اگر تم آگ میں داخل ہو جاتے تو قیامت تک اس میں سے نہ نکلتے اور فرمایا اطاعت تو صرف معروف کاموں میں ہے۔ بخاری كتاب المغازی باب سريه عبد الله بن حذافه .ح.٤٣٤٠ .مسلم :كتاب الامارة باب وجوب طاعة الامراء .ح.١٨٤٠ )

## مہمان کی عزت وتکریم کرنا

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ”جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔ اسے چاہیے کہ:

۱۔ اپنے مہمان سے حسن سلوک کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک کرے۔

۳۔ بھلائی کی بات کرے یا خاموش رہے۔"

(بخاری کتاب الادب باب من کان یومن باللّٰہ ۔ح۔۶۰۱۸۔مسلم :کتاب الایمان باب الحث علی اکرام الجار والضیف ولزوم الصمت الامن الخیر ۔ح۔۴۷)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ" جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے مہمان کی عزت کرتے ہوئے اس کا حق ادا کرنا چاہیے۔" صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے عرض کیا "اس کا حق کیا ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "ایک دن اور رات کا بہتر کھانا دینا۔ مہمان نوازی تین دن کی ہے اس کے بعد صدقہ ہے۔"

(بخاری کتاب الادب باب اکرام الضیف وخدمته ایاه بنفسه ۔ ح۔۶۱۳۵۔مسلم:کتاب اللقطة باب الضیافة ۔ح۔۴۸)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے بھائی کے پاس زیادہ ٹھہر کر اسے گناہ گار کرے۔" صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے عرض کیا "اے اللہ کے رسول! اس کو گناہ گار کیسے کرے گا؟" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "اس کے پاس اتنی دیر ٹھہرے کہ اس کے پاس مہمان نوازی کے لیے کوئی چیز نہ رہے۔"

(مسلم:کتاب القطعة باب تحریم حلب الماشیة بغیر اذن مالکھا۔ح۔۱۷۲۶)

## ایثار و قربانی کی فضیلت

ایک انصاری آپ ﷺ کے مہمان کو گھر لے گئے۔ بیوی نے بتایا کہ "گھر میں صرف بچوں کی خوراک ہے۔" اس نے کہا کہ "بچوں کو بہلا کر سلا دینا اور چراغ بجھا دینا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ظاہر کرنا کہ ہم بھی کھانا کھا رہے ہیں۔" چنانچہ مہمان نے کھانا کھایا اور یہ دونوں نے بھوکے رات گزاری۔ جب صبح ہوئی تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا "تم نے آج کی رات اپنے مہمان کے ساتھ جو سلوک کیا ہے اللہ تعالیٰ اس پر بڑا خوش ہوا ہے" (بخاری کتاب مناقب الانصار باب (ویوثرون علی انفسھم) ح ۳۷۹۸، مسلم: کتاب الاشربۃ باب اکرام الضیف وفضل ایثارہ ح ۲۰۵۴)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾ (الحشر: ۵۹/۹)

"اور وہ اپنے آپ پر (دوسروں کو) ترجیح دیتے ہیں چاہے خود محتاج ہوں اور جو نفس کی کنجوسی سے بچا لیے گئے وہی کامیاب ہیں۔"

## بیوہ اور مسکین کی خبر گیری

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ "بیواؤں اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کی طرح ہے۔" آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ "وہ اس عبادت کرنے والے کی طرح ہے جو سست نہیں ہوتا اور اس روزے دار کی طرح ہے جو ناغہ نہیں کرتا۔ (بخاری کتاب الادب باب الساعی علی الارملۃ ح ۶۰۰۶۔ مسلم: کتاب الزھد باب الاحسان الی الارملۃ والمسکین ح ۲۹۸۲)

## یتیم کی کفالت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا یتیم کی کفالت کرنے والا، یتیم اس کا قریبی ہو یا غیر، جنت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں میرے ساتھ ان دو انگلیوں کی طرح ہوگا۔ آپ ﷺ نے انگلی شہادت اور درمیان انگلی کے ساتھ اشارہ کیا۔

(بخاری کتاب الادب باب فضل من یعول یتیماح ۶۰۰۵) و مسلم کتاب الزھد باب الاحسان الی الارملة والمسکین والیتیم ح ۲۹۸۳)

مسکین مسلمانوں کی امداد

عبدالرحمن بن عوف اور سعد بن ربیع رضی اللہ عنہما مہاجرین و انصار کے مواخات میں بھائی بھائی قرار دیئے گئے۔ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عبدالرحمن سے کہا "میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار ہوں۔ میں اپنے مال کے دو حصے کرتا ہوں ایک تم لے لو اور میری دو بیویاں ہیں جو آپ کو پسند ہو میں اسے طلاق دیدوں پھر جب اس کی عدت پوری ہو جائے تو آپ اس سے نکاح کر لیں۔ عبدالرحمن نے کہا اللہ تمہیں تمہارے مال وعیال میں برکت عطا فرمائے۔ مجھے تو بس یہ بتاؤ کہ بازار کہاں ہے۔ (صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار باب اخاء النبی بین المهاجرین والانصار ح ۳۷۸۰)

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں تھے۔ رسول اللہ ﷺ بھی ہمارے ساتھ تھے آپ نے فرمایا۔ جس کے پاس فاضل سواری ہو وہ اس کو دیدے جس کے پاس سواری نہ ہو۔ جس کے پاس فاضل زادراہ ہو وہ اس کو دیدے جس کے پاس زادِراہ نہ ہو۔ پھر آپ نے چند اور چیزوں کا ذکر کیا یہاں تک کہ ہم نے سمجھ لیا کہ فاضل اشیاء میں ہمارا کوئی حق نہیں۔

(مسلم کتاب اللقطة باب استحباب المواساة بفضول المال۔ح۔۱۷۲۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مسکین مسلمانوں کو ناراض نہ کرنا

سیدنا سلمان، صہیب اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس سے ابوسفیان گزرے تو انہوں نے (ابوسفیان کو دیکھ کر) کہا "اللہ کی تلواروں نے اللہ کے دشمن (ابوسفیان) سے اپنا حق وصول نہیں کیا۔" سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے "کیا تم یہ بات قریش کے بزرگ سردار کے بارے میں کہہ رہے ہو؟" پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کو سارا قصہ سنایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا "اے ابوبکر! شاید تم نے ان مسکین مسلمانوں کو ناراض کردیا ہے۔ اگر واقعی تم نے ان کو ناراض کردیا تو اپنے رب کو ناراض کردیا۔" یہ سن کر سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس آئے اور کہا "کیا میں نے تمہیں ناراض کیا؟" انہوں نے کہا "نہیں اے میرے بھائی! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمائے۔"

(مسلم کتاب فضائل الصحابة باب من فضائل سلمان وصهيب وبلال ۔ح۔۲۵۰٤)

## بے وسیلہ لوگوں کی امداد کی برکت سے رزق میں اضافہ

نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں دو بھائی تھے۔ ان میں سے ایک آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر رہتا (اور دین کا علم سیکھتا) اور دوسرا کاروبار کرتا اور کماتا تھا۔ کاروباری بھائی نے اپنے بھائی کی شکایت آپ ﷺ سے کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا "(تمہیں کیا معلوم) شاید تمہیں روزی اس کی وجہ سے ہی ملتی ہو۔"

(ترمذی' ابواب الزهد باب فی التوکل علی الله ۔ح۔۲۳٤٥ ۔امام نووی نے مسلم کی شرط پر صحیح کہا)

سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیال آیا کہ انہیں اپنے سے کم تر لوگوں پر فضیلت حاصل ہے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''تم لوگ انہیں کمزوروں کی وجہ سے مدد کیے جاتے اور رزق دیے جاتے ہو (پھر ان سے برتر ہونے کے زعم کا کیا جواز ہے؟)

(بخاری کتاب الجهاد باب من استعان بالضعفاء والصالحین فی الحرب ح۔٢٨٩٦)

## نیک لوگوں کو ستانا خطرناک ہے

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس نے صبح کی نماز پڑھی' وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی حفاظت وضمانت میں ہے (اس کو ناحق تنگ کر کے اللہ کی ضمانت نہ توڑو) پس اللہ تعالیٰ تم سے اپنی ضمانت کے بارے میں کچھ باز پرس نہ کرے کیونکہ جس سے وہ باز پرس کرے گا تو (کوتاہی پر) اسے منہ کے بل (اوندھا کر کے) جہنم کی آگ میں ڈال دے گا''

(مسلم کتاب المساجد باب فضل صلاة العشاء والصبح فی جماعة ح۔٦٥٧)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# قناعت کا بیان

## مسکین مسلمانوں کی فضیلت

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا "جنت اور دوزخ میں جھگڑا ہوا۔ جہنم نے کہا "میرے اندر سرکش اور متکبر انسان ہوں گے" جنت نے کہا "میرے اندر کمزور اور مسکین لوگ ہوں گے [illegible]

(مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها باب النار یدخلها الجبارون والجنة یدخلها الضعفاء ح۔۲۸٤۷)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "بہت سے پراگندہ غبار آلود اشخاص جنہیں دروازوں سے ہی دھکیل دیا جاتا ہے اگر اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری فرمادیتا ہے۔"

(مسلم کتاب البر والصلة باب فضل الضعفاء والخاملین ح۔۲٦۲۲)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تو (میں نے دیکھا کہ) اس میں داخل ہونے والے اکثر مسکین لوگ ہیں اور دولت مند رکے ہوئے ہیں۔ میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا تو دیکھا کہ ان میں داخل ہونے والی اکثر عورتیں ہیں۔"

(بخاری کتاب النکاح باب ۸۸۔ح۔۵۱۹٦ مسلم :کتاب الرقاق باب اکثر اهل الجنة الفقراء ح۔۲۷۳٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا کہ "جنت میں فقراء مالداروں سے ۵۰۰ سال پہلے داخل ہوں گے۔" (ترمذی: ابواب الزهد باب ماجاء ان فقراء المهاجرین یدخلون الجنة قبل اغنیاء هم ح۔۲۳۵۲۔ امام ترمذی نے حسن صحیح ابن حبان نے صحیح کہا)

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ رسول اللہ ﷺ کے گھر آئے وہاں تین کھالوں، ایک صاع جو اور سلم نامی درخت کے پتوں کے سوا کچھ نہ تھا۔ عمر رضی اللہ تعالی عنہ کی آنکھیں بھر آئیں اور رونے لگے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیوں روتے ہو۔ عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا۔ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اور یہ آپ کی کل کائنات ہے۔ چٹائی کے نشان بازو پر پڑ گئے ہیں۔ فارس اور روم کے لوگ پھلوں اور نہروں میں عیش کر رہے ہیں۔ دنیا کی کونسی نعمت ہے جو انہیں نہ ملی ہو۔ حالانکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اے ابن خطاب، کیا تمہیں اس بات میں کچھ شک ہے کہ انہیں ان کے اعمال کی جزا دنیا میں دے دی گئی ہے۔ کیا تم اس بات پر راضی ہو کہ ان کے لیے دنیا ہو اور تمہارے لیے آخرت۔ عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول میرے لیے استغفار کیجیے۔ (بخاری کتاب النکاح باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها ح۔۵۱۹۱۔ مسلم: کتاب الطلاق باب فی الایلاء واعتزال النساء وتخیرهن ح۔۱۴۷۹)

سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا چکی پیسا کرتی تھیں۔ چکی پیستے پیستے انہیں کچھ تکلیف ہوگئی۔ ان ہی ایام میں رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک لونڈی آئی۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا لونڈی مانگنے کے لیے آپ کے پاس گئیں۔ آپ گھر میں نہیں تھے۔ جب آپ آئے تو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے آنے کا ذکر کیا۔ آپ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گھر گئے اور فرمایا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس چیز سے بہتر ہے جس کا تم نے سوال کیا۔ جب تم بستر پر لیٹو تو ۳٤ بار اللہ اکبر ۳۳ بار سبحان اللہ اور ۳۳ بار الحمدلله پڑھ لیا کرو۔ یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہے۔ (صحیح بخاری ابواب الفضائل باب مناقب علی بن ابی طالب - ح۔۳۷۰۵۔مسلم :کتاب الذکر)

ایک دن رسول اللہ ﷺ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر تشریف لے گئے لیکن دروازے ہی سے واپس ہو گئے۔ جب سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان سے اس بات کا ذکر کیا۔ سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واپسی کا سبب پوچھا۔ آپ نے فرمایا میں نے دروازہ پر ریشمی پردہ دیکھا تو میں نے کہا مجھے دنیا سے کیا مطلب؟ انہوں نے کہا آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اس کو فلاں شخص کے گھر والوں کے پاس بھیج دو وہ ضرورتمند ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الهبة وفضلها باب هدیه مایکره ولبسها ۔ح۔۲٦۱۳)

## کھانے پینے اور لباس میں قناعت

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جن کے سامنے بھنی ہوئی بکری تھی۔ انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دعوت دی لیکن انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ "رسول اللہ ﷺ دنیا سے اس حال میں تشریف لے گئے کہ آپ ﷺ نے جو کی روٹی بھی پیٹ بھر کر نہیں کھائی۔"

(بخاری کتاب الاطعمة باب ماکان النبی ﷺ واصحابه یاکلون ۔ح۔۵٤۱٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معلوم ہوا کہ جن دعوتوں میں اسراف کا مظاہرہ ہو ان میں شرکت سے انکار کرنا جائز ہے۔

سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اعلان نبوت سے وفات تک چھنے ہوئے صاف آٹے کی روٹی نہیں دیکھی اور آپ نے اعلان نبوت سے اپنی وفات تک چھلنی نہیں دیکھی۔ ہم جو کو پیستے پھر ان میں پھونک مارتے۔ جو باقی بچتا اسے ہم گوندھ لیتے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے وفات تک میز پر کھانا نہیں کھایا۔

(بخاری کتاب الاطعمة باب ماکان النبی ﷺ واصحابه یاکلون ۔ح۔٥٤١٠)

رسول اللہ ﷺ نے سیدنا اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک ریشمی جوڑا بھیجا۔ سیدنا اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس جوڑے کو پہن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے خفگی کی نظر سے ان کو دیکھا۔ اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمجھ گئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول یہ تو وہی جوڑا ہے جو آپ نے بھیجا۔ آپ نے فرمایا میں نے اس لیے نہیں بھیجا کہ تم اسے پہنو بلکہ اس لیے بھیجا کہ عورتوں کے دوپٹے بناؤ۔

(مسلم کتاب اللباس باب تحریم لبس الحریر للرجال ۔ح۔٢٠٦٨)

آپ نے ریشمی لباس کے بارے میں فرمایا کہ یہ اس کا لباس ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

(صحیح بخاری کتاب العیدین باب فی العیدین والتجمل فیه ۔ح۔٩٤٨۔مسلم :کتاب اللباس باب تحریم لبس الحریر وغیرذالك للرجال ۔ح۔٢٠٦٨)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تو اللہ نے چاندی کے برتنوں میں کھاتا پیتا

آپ نے فرمایا جو سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھاتا پیتا ہے وہ جہنم کی آگ

پیٹ میں بھرتا ہے۔

(بخاری کتاب الاشربة باب آنیة الفضة ح ۵۶۳۴ مسلم :کتاب اللباس والزینة باب

تحریم استعمال اوانی الذھب والفضة فی الشرب ح ۲۰۶۵)

آپ نے ریشم کے استعمال سے اور سونے چاندی کے برتن میں پینے سے منع

فرمایا اور فرمایا یہ دنیا میں کافروں کے لئے ہیں۔ آخرت میں تمہارے لئے ہیں۔

(بخاری کتاب الاشربة باب الشرب فی آنیة الذھب ح ۵۶۳۲ مسلم :کتاب اللباس

باب تحریم استعمال اناء الذھب ح ۲۰۶۷)

## قناعت کی فضیلت

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ ''وہ شخص کامیاب ہو گیا جس نے اسلام قبول کیا اور

برابر سرابر روزی دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو جو کچھ دیا اس پر اس کو قناعت کی توفیق ملی۔''

(مسلم کتاب الزکوة باب فی الکفافہ والقناعة ح ۱۰۵۴)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اوپر والا ہاتھ (دینے والا) نیچے والے ہاتھ (لینے

والے) سے بہتر ہے۔ خرچ کی ابتدا ان لوگوں سے کرو جن کی کفالت تمہارے ذمہ

ہے۔ بہترین صدقہ وہ ہے جو اپنی ضروریات پوری کرنے کے بعد ہو اور جو سوال سے بچنا

چاہے اللہ تعالیٰ اسے بچا لیتا ہے اور جو لوگوں سے بے نیازی اختیار کرے اللہ تعالیٰ اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بے نیاز کر دیتا ہے۔ (بخاری کتاب الزکوۃ باب لا صدقۃ الا عن ظہر غنی۔ح۔۱۴۲۷۔مسلم:کتاب الزکوۃ باب النفقۃ علی العیال۔ح۔۱۰۳٤)

سیدنا حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے مال کا سوال کیا آپ نے مجھے عطا فرمایا میں نے پھر سوال کیا۔ آپ نے مجھے عطا فرمایا۔ میں نے پھر سوال کیا آپ نے پھر عطا فرمایا اور فرمایا۔ ''اے حکیم! یہ مال یقیناً سرسبز ہے شیریں ہے جو اسے بے نیازی کے ساتھ حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو اپنے نفس کے لالچ کے ساتھ حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت نہیں دی جاتی اور وہ بیمار شخص کی طرح ہوتا ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا اور دینے والا ہاتھ مانگنے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ (بخاری کتاب الزکوۃ باب الاستعفاف عن المسئلۃ ۔ ح۔۱۴۷۲۔مسلم :کتاب الزکوۃ باب بیان ان الید العلیا خیر من الید السفلی۔ح۔۱۰۳۵)

## مال و دولت کی فراوانی خطرناک ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں غربت کا ڈر نہیں ہے بلکہ اندیشہ ہے کہ تم پر دنیا فراخ کر دی جائے گی جیسے تم سے پہلے لوگوں پر کی گئی تھی۔ پھر تم اس میں اسی طرح رغبت کرو گے جیسے انہوں نے کی تھی اور یہ تمہیں بھی اسی طرح ہلاکت میں ڈال دے گی جیسے اس نے ان کو ہلاک کیا۔''

(بخاری کتاب الجزیۃ باب الجزیۃ والموادعۃ مع اھل الذمۃ ۔ح۔۳۱۵۸۔ مسلم: اوائل کتاب الزھد والرقائق ۔ح۔۲۹۶۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”بے شک دنیا شیریں وشاداب ہے۔یقیناً اللہ تعالیٰ اس میں تمہیں جانشین بنائے گا اور دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔“

(فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَآءَ)

”(پس تم دنیا اور عورت (کے فتنے اور مکر) سے بچو۔بنی اسرائیل کے لیے پہلا فتنہ عورت تھی۔“

(مسلم۔کتاب الرقاق باب اکثر اهل الجنة الفقراء واکثر اهل النار النساء۔ح۔٢٧٤٢)

## دنیا میں اپنے سے کمتر کو دیکھنے کا حکم

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”ایسے لوگوں کی طرف دیکھو جو (دنیا کے مال واسباب میں) تم سے کم تر ہیں اور ان لوگوں کی طرف مت دیکھو جو مال ودولت میں تم سے بڑھ کر ہیں تا کہ تم اللہ تعالیٰ کی ناشکری سے بچ سکو۔“(بخاری کتاب الرقاق باب لینظر الی من هواسفل منه۔ح۔٦٤٩٠۔مسلم:اوائل کتاب الزهد والرقائق۔ح۔٢٩٦٣)

## دنیا کی رغبت سے ہلاکت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔خبردار! مجھے تم سے یہ اندیشہ نہیں کہ تم شرک کرو گے لیکن یہ اندیشہ ضرور ہے کہ تم دنیا میں زیادہ رغبت کرنے لگو گے۔(اس کی وجہ سے) باہم لڑو گے اور ایسے ہی ہلاک ہو جاؤ گے۔جیسے تم سے پہلے لوگ ہلاک ہوئے۔

(بخاری کتاب الجنائز باب الصلاة علی الشهید۔ح۔١٣٤٤۔مسلم:کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا۔ح۔٢٢٩٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اخلاقیات

## حسن اخلاق

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ﴾ (آل عمران : ١٣٤)

"(جنت ان لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو) غصہ پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کر دینے والے ہیں۔"

سیدنا نواس بن سمعان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ کے متعلق سوال کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "نیکی تو اچھا اخلاق ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تجھے یہ بات ناگوار ہو کہ لوگ اس سے باخبر ہو جائیں۔"

(مسلم کتاب البر والصلة باب تفسير البر والاثم .ح.٢٥٥٣)

آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ "تم میں بہترین شخص وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہے۔"

(بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ .ح.٣٥٥٩.مسلم:کتاب الفضائل باب کثرة حیائه .ح.٢٣٢١)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "قیامت کے دن مومن بندے کی میزان میں حسن اخلاق سے بھاری چیز کوئی نہیں ہوگی اور یقیناً اللہ تعالیٰ بدزبان اور بے ہودہ گوئی کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والے کو ناپسند کرتا ہے۔"

(ترمذی۔ ابواب البر والصلة باب ماجاء فی حسن الخلق ح۔۲۰۰۲۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

آپ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ "کون سا عمل انسانوں کے زیادہ جنت میں جانے کا سبب بنے گا؟" آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کا ڈر اور حسن اخلاق" آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ "کون سی چیز انسانوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب ہوگی؟" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "منہ اور شرم گاہ"

(ترمذی ابواب البر والصلة باب ماجاء فی حسن الخلق ح۔۲۰۰۴۔ امام ترمذی نے حسن صحیح اور ابن حبان نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "مومن یقیناً اپنے حسن اخلاق سے وہ درجہ پالیتا ہے جو ایک روزے دار اور شب بیدار شخص کے حصہ میں آئے گا۔"

(ابو داؤد کتاب الادب باب حسن الخلق ح۔۴۷۹۸۔ حاکم، ذہبی اور ابن حبان نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "میں اس شخص کے لیے جنت کے اطراف میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے حق پر ہوتے ہوئے بھی جھگڑا چھوڑ دیا (اور اپنے حق سے دستبردار ہوگیا) اور اس شخص کے لیے جنت کے درمیان میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے مزاح کے طور پر بھی جھوٹ کا ارتکاب نہیں کیا اور اس شخص کے لیے جنت کے بلند ترین حصے میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس کا اخلاق اچھا ہو۔"

(ابو داؤد کتاب الادب باب حسن الخلق ح۔۴۸۰۰۔ امام نووی نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غلام کی ماں کو برا بھلا کہنا جہالت ہے

ایک دن ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے غلام کی ماں کو جو عجم کی رہنے والی تھی کچھ برا بھلا کہہ دیا۔غلام نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی آپ نے ابوذر سے پوچھا کیا تم نے اس کی ماں کو برا بھلا کہا۔ابوذر نے کہا ہاں۔آپ نے فرمایا تم میں ابھی تک جاہلیت کی خصلت باقی ہے۔ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا کیا اس بڑھاپے کے زمانہ میں (یعنی اتنی عمر ہو جانے کے باوجود مجھ میں جاہلیت کی خصلت باقی ہے)۔آپ نے فرمایا ہاں۔

( بخاری کتاب الادب باب ماینھی من السباب واللعن۔ح۔٦٠٥٠ )

## رسول اللہ ﷺ کا حسنِ اخلاق

ایک مرتبہ یہودیوں کی ایک جماعت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور کہا السام علیکم (تم کو موت آئے) عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا فرماتی ہیں کہ میں سمجھ گئی کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں۔میں نے کہا ''تمہیں موت آئے، تم پر اللہ کی لعنت اور غضب ہو'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' اے عائشہ رہنے دو۔اللہ تعالیٰ ہر کام میں نرمی پسند کرتا ہے تم بھی نرمی کو اپنے اوپر لازم کر لو سختی اور تند کلامی سے پرہیز کرو۔میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ کیا آپ نے نہیں سنا انہوں نے کیا کہا آپ نے فرمایا۔تم نے نہیں سنا کہ میں نے وعلیکم کہہ کر اسی چیز کو لوٹا دیا تھا۔میری بددعا ان کے حق میں قبول ہوگی۔ان کی بددعا میرے حق میں قبول نہیں ہوگی۔(صحیح بخاری کتاب الادب باب الرفق فی الامر کلہ۔ح۔٦٠٢٤ وباب لم یکن النبی ﷺ فاحشا۔ح۔٦٠٣٠)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صبر و تحمل

تکلیف دہ صورت حال پر اپنے آپ کو حوصلہ دینا' برداشت کرنا اور اللہ کی رضا میں راضی رہنا صبر ہے۔ مسلمان کو تکلیف کے دوران اجر و ثواب کا وعدہ یاد کر کے اللہ سے صبر کی توفیق مانگنی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَاصْبِرْ عَلٰی مَآاَصَابَكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ﴾

(لقمان: ۳۱/۱۷)

''اور تجھے جو تکلیف پہنچے اس پر صبر کر۔ یقیناً یہ پختہ کردار میں سے ہے۔''

﴿وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ﴾ (البقرہ: ۲/۴۵)

''صبر اور نماز کے ذریعہ مدد حاصل کرو۔''

﴿وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ﴾ (النحل: ۱۶/۱۲۷)

''اور صبر کرو اور اللہ کی توفیق سے ہی تجھے صبر مل سکتا ہے۔''

﴿وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَّاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ﴾ (البقرہ: ۲/۱۵۷)

''اور صبر کرنے والوں کو خوش خبری دے دو کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو کہتے ہیں کہ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"ہم اللہ کے ہیں اور اس کی طرف ہی لوٹنے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے مہربانیاں اور رحمت ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔"

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جو شخص سوال سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اللہ اسے بچالیتا ہے۔ جو بے نیازی اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے لوگوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ اور جو صبر کا دامن پکڑتا ہے اللہ اسے صبر کی توفیق دے دیتا ہے اور کوئی شخص ایسا عطیہ نہیں دیا گیا جو صبر سے زیادہ بہتر اور وسیع تر ہو۔"

(بخاری کتاب الزکوۃ باب الاستعفاف عن المسألة ح۔١٤٦٩۔مسلم:کتاب الزکوۃ باب فضل التعفف والصبر ح۔١٠٥٣)

## دین کی وجہ سے تکلیف برداشت کرنا

رسول اللہ ﷺ ایک نبی کا حال بیان کر رہے تھے جسے اس کی قوم نے خون آلودہ کر دیا اور وہ اپنے چہرے سے خون بھی صاف کر رہے تھے اور کہے جا رہے تھے "اے اللہ! میری قوم کی مغفرت فرما کیونکہ یہ جانتے نہیں ہیں۔"

(بخاری کتاب الانبیاء باب ٥٤۔ح۔٣٤٧٧)

ایک دن رسول اللہ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے۔ عقبہ بن ابی معیط آیا اور اپنی چادر رسول اللہ ﷺ کے گلے میں ڈال کر بہت زور سے آپ کا گلا گھونٹنے لگا۔ اتنے میں سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے انہوں نے عقبہ کو ہٹایا پھر کہا۔ کیا تم ایک آدمی کو صرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس بات پر قتل کرتے ہو کہ وہ یہ کہتا ہے کہ میرا رب صرف اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس اپنے رب کے ہاں سے واضح دلائل بھی لے کر آیا ہے۔

(صحیح بخاری باب فضل ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ ۔ح۔۳۶۷۸)

ایک دن رسول اللہ ﷺ کعبہ کے سایہ میں نماز پڑھ رہے تھے۔ابو جہل اور قریش کے کچھ لوگ وہاں موجود تھے۔اس دن مکہ معظمہ میں ایک اونٹ نحر کیا گیا تھا۔ابو جہل نے کہا کون آل فلاں کے اونٹ کی طرف جائے گا وہاں اس کا گوبر‘خون اور اوجھڑی لائے پھر آپ کے سجدہ کے وقت آپ کے کندھوں پر ان چیزوں کو ڈال دے۔کچھ لوگ گئے اور اوجھڑی اٹھالائے۔ایک بد بخت عقبہ بن ابی معیط نے اسے سجدہ کی حالت میں آپ کے کندھوں پر رکھ دی۔رسول اللہ ﷺ بڑی دیر تک سجدہ میں پڑے رہے۔کفار مکہ ہنستے رہے حتی کہ ہنسنے کے سبب وہ ایک دوسرے پر جھک جاتے تھے۔ایک شخص نے فاطمہ رضی اللہ تعالی عنھا کو خبر دی وہ ابھی لڑکی ہی تھیں دوڑتی ہوئی آئیں آپ ابھی تک سجدہ ہی میں تھے۔انہوں نے آپ پر سے اوجھڑی ہٹائی اور کافروں کو برا بھلا کہنا شروع کیا۔جب آپ نے نماز ختم کی تو آپ نے دعا کی کہ اے اللہ قریش کو پکڑ لے۔اے اللہ قریش کو پکڑ لے۔یہ بددعا قریش کو بہت شاق گزری کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ اس شہر میں دعا قبول ہوتی ہے جب انہوں نے بددعا سنی تو ہنسنا بند کر دیا اور خوفزدہ ہو گئے۔پھر آپ نے ایک ایک کا نام لیا اے اللہ عمرو بن ہشام‘عتبہ بن ربیعہ‘شیبہ بن ربیعہ‘ولید بن عتبہ‘عقبہ بن ابی معیط‘امیہ بن خلف اور عمارہ بن ولید کو پکڑ لے۔جن لوگوں کے آپ نے نام لیے یہ سب جنگ بدر میں قتل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے اور عذاب الٰہی میں گرفتار ہوئے۔(صحیح بخاری کتاب الجهاد والسير باب الدعاء على المشركين - ح۔٢٩٣٤، ٢٤٠۔مسلم:كتاب الجهاد باب مالقى النبی ﷺ من االمشركين المنافقين۔ح۔١٧٩٤)

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مسلمان ہوئے تو ان کے اسلام لاتے ہی تمام لوگوں نے ان کا مکان گھیر لیا۔سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر میں خوفزدہ ہو کر بیٹھ گئے۔ لوگ باہر چلا رہے تھے عمر بے دین ہو گیا۔آپ کا ایک حلیف عاص بن وائل آپ کے پاس آیا اور آپ کو اس نے امان دی۔لوگوں میں اعلان کیا کہ میں نے عمر کو پناہ دے دی۔اب تم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔یہ سن کر لوگ واپس چلے گئے۔

(صحيح بخاری كتاب مناقب الانصار باب اسلام عمربن الخطاب رضی الله تعالی عنه۔ح۔٣٨٦٤)

سیدنا خباب بن ارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن کعبہ کے سائے تلے چادر کا سرہانہ لگا کر لیٹے ہوئے تھے۔ہم نے آپ ﷺ کے پاس ان (تکالیف کی) شکایت کی (جو مشرکین مکہ پہنچا رہے تھے) اور کہا "کیا آپ ﷺ ہمارا بدلہ نہیں لیں گے۔کیا آپ ﷺ ہمارے لیے دعا نہیں کریں گے؟" تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ "تم سے پہلے لوگوں میں ایسے مرد بھی تھے جنہیں گرفتار کر کے زمین میں زندہ گاڑ دیا جاتا اور پھر آرے سے ان کے جسموں کو دو ٹکڑے کر دیا جاتا اور لوہے کی کنگھیاں ان کے گوشت اور ہڈیوں کے درمیان کھینچی جاتیں۔یہ بات بھی انہیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے دین سے نہیں روکتی تھی۔" (بخاری كتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام ۔ح۔٣٦١٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سخت مصیبت میں اپنا ایمان چھپانے کا جواز

مکہ میں جب اہل ایمان پر مصائب کے پہاڑ توڑے جا رہے تھے تو عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالی عنہ مکہ آئے اور رسول اللہ ﷺ سے ملے۔ دین کی معلومات لینے کے بعد عرض کیا کہ میں آپ کی پیروی کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا ابھی تم اس کی طاقت نہیں رکھتے کیا تم میرا اور لوگوں کا حال نہیں دیکھتے۔ ابھی تم اپنے گھر چلے جاؤ جب تم سنو کہ میں غالب آ گیا تو پھر تم میرے پاس آ جانا۔ غرض وہ اپنے گھر واپس چلے گئے۔

(صحیح مسلم کتاب فضائل قرآن باب اسلام عمرو بن عبسة۔ح۔۸۳۲)

سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ تعالی عنہ نے بھی مکہ میں اسلام قبول کیا آپ نے فرمایا ''ابوذر ابھی اس بات کو خفیہ رکھو اپنے شہر لوٹ جاؤ جب ہمارے غلبہ کی خبر تمہیں ملے تو پھر آ جانا۔ ابوذر غفاری نے عرض کیا ''قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے میں ان لوگوں کے سامنے اعلان کرونگا'' پھر وہ مسجد میں گئے قریش موجود تھے۔ انہوں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ لوگوں نے آپ کو اتنا مارا کہ آپ مرنے کے قریب ہو گئے۔ سیدنا عباس رضی اللہ تعالی عنہ نے ان کو چھڑایا۔ اور کہا تمہاری بربادی ہو کیا تم نہیں جانتے کہ یہ غفار خاندان کا ہے اور تمہاری شام کی تجارت ان کے راستے پر ہے۔

(بخاری کتاب الاحادیث الانبیاء۔باب قصه اسلام ابی ذر۔ح۔۳۵۲۲ ۔مسلم:کتاب الفضائل باب من فضائل ابی ذر۔ح۔۲٤۷٤)

جامعہ بیت العتیق (رجسٹرڈ)
کتاب نمبر ________

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فتنے کے خوف سے گوشہ نشینی

• آپ نے فرمایا عنقریب وہ وقت آئے گا کہ مسلمانوں کا بہترین مال وہ بکریاں ہوں گی جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور بارش کی جگہوں پر چلا جائے گا۔ شہروں سے اس کا یہ فرار اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لئے ہوگا۔

(بخاری کتاب الایمان باب من الدین الفرار من الفتن۔ ح۔ ۱۹)

آپ ﷺ نے فرمایا لوگوں میں سب سے بہتر زندگی اس شخص کی ہے جو اللہ کے راستے میں اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہے۔ اس کی پیٹھ پر سوار ہو کر تیزی سے ادھر ادھر جاتا ہے۔ جب بھی کوئی دھماکہ یا گھبراہٹ کی آواز سنتا ہے تو تیزی سے وہاں پہنچتا ہے۔ قتل ہو جانے یا موت کے مقامات کو تلاش کرتا ہے۔

یا وہ شخص لوگوں میں بہتر حالت میں ہے۔ جو تھوڑی سی بکریوں کے ساتھ پہاڑ کی چوٹی پر یا کسی وادی میں رہتا ہے۔ نماز قائم کرتا' زکوۃ ادا کرتا ہے اور اپنے رب کی عبادت کرتا ہے حتیٰ کہ اسے موت آجاتی ہے۔

ایک روایت میں ہے۔ وہ اللہ سے ڈرتا اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔

(بخاری کتاب الجهاد باب افضل الناس مومن یجاهد بنفسه وماله فی سبیل الله ح۔ ۲۷۸٦۔ مسلم :کتاب الایمان باب فضل الجهاد والرباط۔ ح۔ ۱۸۸۸)

معلوم ہوا کہ جب لوگوں کے اخلاق و کردار اتنے بگڑ جائیں کہ لوگوں کے اندر رہتے ہوئے دین کو بچانا ممکن نہ رہے تو اپنے دین کی حفاظت کے لیے پہاڑوں اور جنگلوں میں نکلنا جائز ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فتنے کے خوف سے کعبہ کو اصل بنیادوں پر کھڑا نہ کرنا

ایک دن نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔اے عائشہ تمہاری قوم ابھی کفر سے نئی نئی نکلی ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ ان کو کعبہ گرانا بہت برا معلوم ہوگا اگر ایسا نہ ہوتا تو میں کعبہ کو گرا کر ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر اس کو از سر نو تعمیر کرتا۔

(مسلم ـ كتاب الحج باب نقض الكعبة ـ ح ١٣٣٣)

## مصیبت میں بھلائی

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کو مصیبت سے دوچار کر دیتا ہے۔''

(بخاری کتاب المرضی باب ماجاء فی کفاره المرض ح ٥٦٤٥)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''مسلمان کو جو بھی تکان' بیماری' فکر' غم اور تکلیف پہنچتی ہے حتیٰ کہ کانٹا بھی چبھتا ہے تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے۔'' (بخاری کتا ب المرضی باب فی ماجاء فی كفارة المرض ـ ح ٥٦٤١ ـ مسلم: كتاب البر باب ثواب المومن فيما يصيبه من مرض ـ ح ٢٥٧٣)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا وہ مومن بندہ میں جس کی محبوب ترین چیز واپس لے لوں لیکن وہ اس پر ثواب کی نیت سے صبر کرے تو اس کے لیے میرے پاس جنت کے سوا کوئی بدلہ نہیں۔''

(بخاری کتاب الرقاق باب العمل الذی یبقی به وجه الله تعالی ـ ح ٦٤٢٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بیماری کی وجہ سے جنت

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں اپنے بندے کو اس کی دو پیاری چیزوں کے ذریعہ (آنکھوں سے محروم کر کے) آزماؤں۔ پس اگر وہ صبر کرے تو اسے جنت دوں گا۔''

(بخاری کتاب المرضی باب فضل من ذهب بصره' ح۔۵۶۵۳)

عطاء بن ابی رباح کو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ''میں تجھے جنتی عورت نہ دکھاؤں۔ یہ کالی عورت نبی اکرم ﷺ کے پاس آئی اور کہا کہ ''مجھے مرگی کا دورہ پڑتا ہے جس سے میں ننگی ہو جاتی ہوں۔ آپ ﷺ میرے لیے دعا فرمائیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اگر تو چاہے تو اس تکلیف پر صبر کر۔ اس کے بدلے تیرے لیے جنت ہے۔ اگر تو چاہے تو دعا کرتا ہوں کہ اللہ تجھے شفا دے۔'' اس نے کہا ''میں صبر ہی اختیار کرتی ہوں' تاہم میں دورے کے وقت ننگی ہو جاتی ہوں آپ اللہ سے یہ دعا فرمائیں کہ میں ننگی نہ ہوا کروں۔'' آپ ﷺ نے دعا فرمائی کہ ''یہ دورے میں ننگی نہ ہو۔''

(بخاری کتاب المرضی باب فضل من يصرع من الريح ح۔۵۶۵۲۔مسلم:کتاب البر باب ثواب المومن فيمايصيبه ح۔۲۵۷۶)

## صبر صدمہ کے آغاز میں

نبی رحمت ﷺ ایک عورت کے پاس سے گزرے جو ایک قبر پر بیٹھی اپنے بچے کی موت پر رو رہی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اللہ سے ڈر اور صبر کر۔'' اس نے کہا ''مجھ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دور ہو جاؤ۔ تمہیں وہ مصیبت نہیں پہنچی جو مجھے پہنچی ہے۔'' اس نے آپ ﷺ کو نہیں پہچانا تھا۔ بعد میں اسے بتایا گیا۔ وہ آپ ﷺ کے پاس آئی اور عرض کیا کہ ''میں نے آپ ﷺ کو پہچانا نہیں تھا' اس لیے نامناسب بات زبان سے نکل گئی۔'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''صبر تو وہ ہے جو صدمے کے آغاز میں کیا جائے'' (بعد میں صبر آ ہی جاتا ہے)

(بخاری کتاب الجنائز باب زیارة القبور ح۔۱۲۸۳۔مسلم:کتاب الجنائز باب الصبر علی المصیبة عند الصدمة الاولی ح۔۹۲۶)

## ام سلیم کا حیرت انگیز صبر

ام سلیم رضی اللہ عنھا کے بیٹے کا انتقال ہو گیا۔ انہوں نے گھر والوں کو ہدایت کی کہ اس کے والد ابوطلحہ کو اس کے مرنے کی خبر نہ کرنا۔ میں خود انہیں بتاؤں گی۔ رات کو ابوطلحہ آئے۔ ام سلیم نے کھانا لا کر سامنے رکھ دیا۔ ابوطلحہ نے کھانا کھایا۔ پانی پیا پھر ام سلیم نے ان کے لیے بناؤ سنگھار کیا حتی کہ ابوطلحہ رات کو ان کے ساتھ سوئے جب ام سلیم نے دیکھا کہ ابوطلحہ کھا پی کر سیر ہو گئے اور ان کی خواہش بھی پوری ہو گئی تو کہنے لگیں اے ابوطلحہ اگر کچھ لوگ کسی گھر سے کوئی چیز عاریۃً لیں پھر وہ اپنی چیز مانگیں تو کیا عاریۃً لینے والے وہ چیز روک سکتے ہیں۔ ابوطلحہ نے کہا نہیں۔ ام سلیم نے کہا تو میں تمہارے بیٹے کے انتقال کی خبر دیتی ہوں۔ یہ سن کر ابوطلحہ خفا ہوئے اور کہا تم نے مجھے پہلے کیوں نہ بتایا حتی کہ میں نے صحبت بھی کی اور اب بتا رہی ہو۔ صبح کو ابوطلحہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام واقعہ سنایا۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری گزری ہوئی رات میں برکت عطا فرمائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ام سلیم حاملہ ہو گئیں اور پھر بیٹے کو جنم دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام عبداللہ رکھا۔

(صحیح مسلم باب من فضائل ابی طلحة الانصاری۔ح۔۲۱۴۴)

## خلیفہ کے ظلم پر صبر

زبیر بن عدی بیان کرتے ہیں کہ ہم نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حجاج کے ظلم کی شکایت کی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ''اس پر صبر کرو۔ اب جو بھی وقت آئے گا وہ پہلے سے بدتر ہو گا یہاں تک کہ تم اپنے رب سے جا ملو۔ میں نے یہ بات نبی اکرم ﷺ سے سنی ہے۔''

(بخاری کتاب الفتن ۔باب لایأتی زمان الاالذی بعده شرمنه ۔ ح۔۷۰۶۸)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد ناروا ترجیح دینے کا عمل ہو گا اور ایسے کام ہوں گے جنہیں تم برا سمجھو گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سوال کیا' یا رسول اللہ (ان حالات میں) آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا تم وہ حق ادا کرو جو تمہارے ذمے ہوں اور اپنے حق (جو دوسروں کے ذمے ہوں) کا سوال اللہ سے کرو۔

(بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام ۔ح۔۳۶۰۳۔مسلم:کتاب الامارہ باب وجوب الوفاء ببیعة الخلیفة۔ح۔۱۸۴۳)

## صبر کی تلقین کرنا

رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کا فرزند فوت ہونے لگا تو اس نے آپ ﷺ کو بلایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''میری بیٹی کو میرا اسلام کہو اور میرا پیغام دو۔

(اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَلَهُ مَا اَعْطٰی وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِاَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ)

''اللہ ہی کے لیے جو اس نے لے لیا اور جو اس نے دیا وہ بھی اسی کا ہے۔ ہر چیز کا اس کے ہاں ایک وقت مقرر ہے۔ بس اسے چاہیے کہ وہ صبر کرے اور اس میں ثواب کی نیت کرے۔''

(بخاری الجنائز باب قول الرسول ﷺ یعذب المیت ببعض بکاء اھلہ ح۔۱۲۸٤۔مسلم:الجنائز۔باب البکاء علی المیت۔ح۔۹۲۳)

## موت پر فطری طریقے سے درد و غم کا اظہار جائز ہے

آپ ﷺ جب زیادہ بیمار ہوئے تو اضطراب اور بے چینی آپ ﷺ پر چھا گئی تو فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے منہ سے نکلا ''ہائے ابا جان کی تکلیف'' آپ ﷺ نے سن کر فرمایا ''تمہارے باپ پر آج کے بعد بے چینی نہیں ہوگی۔'' جب آپ ﷺ وفات پا گئے تو فاطمہ نے فرمایا ''اے ابا جان! رب نے آپ ﷺ کو بلایا۔ آپ ﷺ نے رب کی پکار پر لبیک کہا۔ اے ابا جان! جنت الفردوس آپ ﷺ کا ٹھکانہ ہے۔ اے ابا جان! جبرائیل کو ہم آپ ﷺ کی موت کی خبر دیں گے۔'' جب آپ ﷺ کو دفنا دیا گیا تو فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے پوچھا ''کیا تمہارے نفسوں نے یہ گوارا کر لیا کہ تم نبی اکرم ﷺ کے جسدِ اطہر پر مٹی ڈالو؟''

(بخاری کتاب المغازی باب مرض النبی ﷺ ووفاته ۔ح۔٤٤٦٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فطری رونا صبر کے خلاف نہیں

نبی اکرم ﷺ کی گود میں آپ کا نواسہ تھا جب کہ اس کی جان بے چین اور مضطرب تھی۔(اس کی یہ حالت دیکھ کر) آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا "یا رسول اللہ! یہ کیا ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "یہ جذبہ شفقت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں میں رکھا ہے۔" ایک روایت میں ہے کہ "یہ جذبہ شفقت ہے جو اللہ تعالیٰ نے جن بندوں کے دلوں میں چاہا رکھا اور اللہ تعالیٰ اپنے رحم دل بندوں ہی پر رحمت فرماتا ہے۔"

(بخاری الجنائز باب قول النبی ﷺ یعذب المیت ببعض بکاء اھلہ علیہ ح۔۱۲۸۴۔مسلم:الجنائز باب البکاء علی المیت ح۔۹۲۳)

رسول اللہ ﷺ اپنے بیٹے ابراہیم کے پاس آئے اور وہ جان کنی کے عالم میں تھے۔ آپ کی آنکھوں میں آنسو جاری ہو گئے۔ عبد الرحمان بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول کیا آپ بھی روتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اے ابن عوف! یہ رحمت و شفقت ہے آپ پھر دوبارہ رو پڑے اور فرمایا۔ "بے شک آنکھیں آنسو بہاتی ہیں اور دل غمگین ہے لیکن ہم وہی بات کہیں گے جو ہمارے رب کو راضی کر دے اے ابراہیم! ہم تیری جدائی پر یقیناً غمگین ہیں۔ (بخاری الجنائز باب قول النبی ﷺ انا بك لمحزونون ح۔۱۳۰۳۔مسلم:کتاب الفضائل باب رحمتہ الصبیان والعیال وتواضعہ ح۔۲۳۲۵)

## جس کے گھر موت کا حادثہ ہو وہ کیا کہے

ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جب تم بیمار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یا میت کے پاس آؤ تو اچھی بات کہو۔اس لیے کہ تم جو بھی بات کہتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔" (مسلم ۔ح۔۹۱۹)

ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب میرے خاوند ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوت ہو گئے تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا "یارسول اللہ! ابوسلمہ وفات پا گئے۔" آپ ﷺ نے فرمایا کہ "تم کہو۔

(اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلَه وَاَعْقِبْنِیْ مِنْهُ عُقْبَی حَسَنَةً)

"اے اللہ! مجھے اور اسے بخش دے اور مجھے اس سے بہتر بدل عطا فرما۔"

پس میں نے انہی الفاظ میں دعا کی۔اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے بہتر بدل محمد ﷺ عطا فرما دیے۔(مسلم کتاب الجنائز باب مایقال عند المریض المیت ۔ح۔۹۱۹)

## میت پر بین کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے رخساروں کو پیٹا۔ گریبان چاک کیا اور جاہلیت کے بول بولے (بین کیا)۔

(بخاری کتاب الجنائز باب لیس منا من شق الجیوب ۔ح۔۱۲۹٤ ۔مسلم:کتاب الایمان باب تحریم ضرب الخدود۔ح۔۱۰۳)

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سخت بیمار ہوئے ان پر غشی طاری ہوئی۔ان کا سر ان کی بیوی کی گود میں تھا وہ چیخ چیخ کر رونے لگی۔آپ (بے ہوشی کی وجہ سے) نہ روک سکے۔جب انہیں ہوش آیا تو فرمایا میں اس سے بیزار ہوں جس سے رسول اللہ ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے بیزاری کا اظہار فرمایا ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نوحہ کرنے والی' سرمنڈوانے والی گریبان چاک کرنے والی عورت سے بیزار ہیں۔

(بخاری کتاب الجنائز باب ماینهی من الحلق عند المصيبة ـح۔١٢٩٦ تعليقا۔مسلم : كتاب الايمان باب تحريم ضرب الخدود۔ح۔١٠٤)

آپ نے فرمایا بین کرنے والی عورت اگر مرنے سے پہلے توبہ نہ کرے تو اسے قیامت کے دن تارکول کا کرتہ اور خارش کی زرہ پہنائی جائے گی۔

(مسلم:كتاب الجنائز باب التشديد فى النياحة ـح۔٩٣٤)

## عدل وانصاف

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَاىءِ ذِى الْقُرْبىٰ﴾

"بے شک اللہ تعالیٰ عدل کرنے' احسان کرنے اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔" (النحل:١٦/ ٩٠)

﴿وَاَقْسِطُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ﴾ (الحجرات: ٤٩/ ٩)

"اور انصاف کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔"

﴿وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبىٰ﴾ (الانعام:٦/ ١٥٢)

"اور جب تم بات کہو تو انصاف سے کہو چاہے وہ رشتہ دار ہی (کے خلاف) ہو۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جولوگ اپنے فیصلوں میں' اپنے اہل وعیال میں اور جو کام ان کے سپرد ہیں ان میں انصاف کرتے ہیں وہ اللہ کے پاس نور کے منبروں پر ہوں گے۔ (مسلم کتاب الامارہ باب فضیلة الامیر العادل وعقوبة الجائر۔ح۔۱۸۲۷)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تین قسم کے لوگ جنتی ہیں۔

۱۔ انصاف کرنے والا حکمران۔

۲۔ ہر مسلمان اور رشتہ دار کے لیے مہربان اور نرم دل رکھنے والا مسلمان۔

۳۔ عیال دار ہونے کے باوجود سوال سے بچنے والا مسلمان۔

(مسلم کتاب الجنة وصفة نعیمها واهلها باب الصفات التی یعرف بها فی الدنیا اهل الجنة واهل النار۔ح۔۲۸۶۵)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''سات قسم کے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اپنے سائے تلے جگہ دے گا جس دن اس سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

۱۔ انصاف کرنے والا حکمران۔

۲۔ وہ نوجوان جس کی جوانی اللہ کی عبادت میں گزری۔

۳۔ وہ مومن جس کا دل مسجد کے ساتھ اٹکا ہوا ہو۔

۴۔ وہ دو مومن جو ایک دوسرے سے صرف اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرتے ہیں۔اسی پر وہ جمع ہوتے ہیں اور اسی پر ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں۔

۵۔ وہ مومن جسے کوئی حسین وجمیل عورت دعوتِ گناہ دے لیکن وہ (انکار کرتے ہوئے) کہے کہ میں تو اللہ سے ڈرتا ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۶۔ وہ مومن جس نے اس طرح چھپا کر صدقہ کیا کہ اس کے بائیں ہاتھ کو علم نہیں کہ اس کے دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔

۷۔ وہ مومن جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔"

(بخاری کتاب الاذان باب من جلس فی المسجد ینتظر الصلاۃ ح۔ ٦٦٠۔ مسلم:کتاب الزکوۃ باب فضل اخفاء الصدقۃ۔ ح۔ ١٠٣١)

## رعیت کے حقوق

آپ ﷺ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ جس آدمی کو کسی رعیت کا ذمہ دار بنائے' پھر وہ انہیں دھوکہ دیتے ہوئے مر جائے یعنی ان کے حقوق کی حفاظت کی کوشش نہ کرے' اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت حرام کر دی ہے۔"

(بخاری کتاب الاحکام باب من استرعی رعیۃ فلم ینصح۔ ح۔ ٧١٥٠۔ مسلم:کتاب الامارۃ باب فضیلۃ الامیر العادل ۔ح۔١٤٢ بعد ۔ح۔١٨٢٩)

## شرم وحیا

آپ ﷺ نے فرمایا "ایمان کی ستر یا ساٹھ سے اوپر شاخیں ہیں۔ افضل شاخ (لا الٰہ الا اللّٰہ) ہے۔ کم تر شاخ راستے سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا ہے اور حیا بھی ایمان کا حصہ ہے۔" (بخاری کتاب الایمان باب امور الایمان ۔ح۔٩۔ مسلم:کتاب الایمان باب شعب الایمان ۔ح۔٣٥)

باحیا انسان گندے کام نہیں کرتا' برے الفاظ نہیں بولتا۔ اس لیے کہ وہ مذمت اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملامت سے ڈرتا ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا'' حیا خیر ہی لاتا ہے اور حیا پوری کی پوری خیر و بھلائی ہے۔'' (بخاری کتاب الادب باب الحیاء ۔ح۔٦١١٧۔مسلم:کتاب الایمان باب شعب الایمان ۔ح۔٣٧)

مسلمان مخلوق کے سامنے شرم کرتا ہے' ان کے سامنے ننگا نہیں ہوتا' ان کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کرتا' کسی کے احسان کا انکاری نہیں ہوتا اور نہ برے انداز سے کسی کا سامنا کرتا ہے۔ اسی طرح وہ اپنے خالق کے آگے بھی وہ باحیا ہوتا ہے اور اس کی اطاعت اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے میں کمی نہیں کرتا۔

## صدقہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' ہر نیکی صدقہ ہے۔''

(بخاری کتاب الادب باب کل معروف صدقة ۔ح۔٦٠٢١۔مسلم:کتاب الزکوة ۔باب ان اسم الصدقة یقع علی کل نوع من المعروف ۔ح۔١٠٠٥)

آپ ﷺ نے فرمایا

'' مسلمان جو درخت لگاتا ہے تو اس سے کوئی انسان' کوئی جانور' اور پرندہ جو کھاتا ہے وہ قیامت کے دن تک اس کے لیے صدقہ ہے۔'' '' جو اس سے چرا لیا جائے وہ صدقہ ہے۔ جو کوئی اسے نقصان پہنچائے وہ صدقہ ہے۔''

(بخاری کتاب الحرث والمزارعة باب فضل الزرع والغرس ۔ح۔٢٣٢٠۔مسلم:کتاب المساقاة باب فضل الزرع والغرس ۔ح۔١٥٥٢۔١٥٥٣)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عہد کی پابندی

سیدنا یمان اور حذیفہ رضی اللہ عنہما دونوں جنگ بدر میں شرکت کے لیے روانہ ہوئے (راستہ میں) کفار مکہ نے انہیں گرفتار کرلیا۔اور کہنے لگے تم محمد کے پاس جانا چاہتے ہو؟انہوں نے کہا۔ہم ان کے پاس جانا نہیں چاہتے بلکہ ہم تو مدینہ منورہ جانا چاہتے ہیں۔ کفار نے ان دونوں سے اللہ کی قسم کے ساتھ عہد لیا کہ وہ مدینہ چلے جائیں اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہو کر نہ لڑیں۔وہ دونوں وہاں سے روانہ ہو کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور آپ کو سارا واقعہ سنایا۔آپ نے فرمایا۔تم مدینہ چلے جاؤ۔ہم ان کا عہد پورا کریں گے اور ان کے مقابلے میں اللہ سے مدد طلب کریں گے۔

(صحیح مسلم کتاب الجهاد باب الوفاء بالعهد ـح۔۱۷۸۷)

## سچائی

اللہ تعالیٰ ﷺ فرماتا ہے۔

﴿يَاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوااتَّقُوااللّٰهَ وَكُوْنُوْامَعَ الصّٰدِقِيْنَ﴾

''اے ایمان والو!اللہ سے ڈرو اور سچ والوں کا ساتھ دو۔''

(التوبہ:۹/۱۱۹)

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا''سچائی اختیار کرو۔سچائی نیکی کا راستہ دکھاتی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے۔انسان برابر سچ بولتا اور سچائی تلاش کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں صدیق لکھ دیا جاتا ہے۔اور جھوٹ سے بچو۔جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور گناہ جہنم میں لے جاتا ہے۔انسان ہمیشہ جھوٹ بولتا اور جھوٹ تلاش کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں کذاب لکھ دیا جاتا ہے۔''

(بخاری کتاب الادب باب قول اللہ تعالی ﴿یٰایھاالذین امنو اتقوا اللہ وکونوامع الصادقین﴾ح۔٦٠٩٤۔مسلم:کتاب البر باب قبح الکذب وحسن الصدق ح۔٢٦٠٧)

## لوگوں کے درمیان صلح کروانا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿اِنَّمَاالْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْابَیْنَ اَخَوَیْکُمْ﴾ (الحجرات:١٠)

''مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔پس بھائیوں کے درمیان صلح کروادو۔''

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ''وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان صلح کروانے کے لیے(اپنی طرف سے باتیں بنا کر) بھلائی کی بات آگے پہنچاتا ہے یا بھلائی کی بات کہتا ہے۔''

(بخاری کتاب الصلح باب لیس الکذاب الذی ح۔٢٦٩٢۔صحیح مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم الکذب وبیان المباح منه ح۔٢٦٠٥)

ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے تین موقعوں کے علاوہ (جھوٹ بولنے کی اجازت) بالکل نہیں دی۔

۱۔ لڑائی کے موقع پر (دشمن کو اصل صورت حال سے بے خبر رکھنے کے لیے)

۲۔ لوگوں کے درمیان صلح کروانے کے لیے (اپنی طرف سے باتیں بنانا)

۳۔ مرد کا اپنی بیوی سے اور عورت کی اپنے خاوند سے (کوئی بات کہنا تا کہ گھریلو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زندگی خوش گوار رہے) (مسلم۔ح۔۲۶۰۰)

## صدقہ خیرات کرنے کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے ہر شخص سے اس کا رب براہِ راست ہم کلام ہوگا۔ انسان کے دائیں طرف بھی اس کے اعمال ہوں گے اور بائیں طرف بھی۔ سامنے جہنم کی آگ ہوگی۔ پس تم آگ سے بچو اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کو خیرات کرکے۔ اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو اچھی بات کرکے دوزخ سے بچو۔''

(بخاری کتاب الادب باب طیب الکلام ۔ح۔۶۰۲۳ کتاب التوحید ۔ح۔۷۵۱۲۔مسلم: کتاب الزکوۃ باب الحث علی الصدقۃ ۔ح۔۱۰۱۶)

آپ ﷺ نے فرمایا ''صدقہ کرنے سے مال کبھی کم نہیں ہوتا اور معاف کرنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی عزت میں اضافہ کرتا ہے اور اللہ کے لیے تواضع اختیار کرنے والے کو اللہ اونچا کرتا ہے۔'' (مسلم کتاب البر والصلۃ باب استحباب العفو والتواضع ۔ح۔۲۵۸۸)

## اللہ کے نام پر مانگنا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ کے نام پر پناہ مانگے اس کو پناہ دو۔ جو شخص اللہ کے نام پر سوال کرے اسے دو اور جو تمہیں دعوت دے اسے قبول کرو۔ جو تمہارے ساتھ احسان کرے تو تم اس کا بدلہ دو۔ اگر بدلہ دینے کی طاقت نہیں تو اس کے لئے دعائے خیر کرو (اور اتنی دعا کرو) حتیٰ کہ تمہیں یقین ہو جائے کہ تم نے اس کو بدلہ دے دیا ہے۔

(ابوداؤد اواخر کتاب الزکاۃ باب عطیۃ من سال باللّٰہ ۔ح۔۱۶۷۲۔نسائی کتاب الزکوۃ باب من سال باللّٰہ عزوجل۔ح۔۲۵۶۸۔امام نووی نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## انسان کا مال صرف وہ ہے جو اس نے صدقہ کیا

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک بکری ذبح کی تو نبی رحمت ﷺ نے پوچھا ''اس کا کتنا حصہ باقی ہے؟'' انہوں نے کہا ''صرف ایک دستی باقی ہے۔'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''سب ہی باقی ہے سوائے ایک دستی کے۔''

(ترمذی ابواب صفة القيامة باب ۲۳۔ح۔۲٤۷۰۔امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

امام نووی نے فرمایا ''اس کا مطلب ہے کہ صدقہ شدہ سارا حصہ باقی ہے کیونکہ آخرت میں اس کا اجر ملے گا اور دستی باقی نہیں رہی کیونکہ اسے خود کھایا۔

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے کون ہے جسے اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ محبوب ہو؟'' صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا ''ہم میں سے ہر شخص کو اپنا مال ہی سب سے زیادہ محبوب ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پس انسان کا مال تو وہی ہے جو اس نے (صدقہ و خیرات) کر کے آگے بھیجا اور اس کے وارث کا مال وہ ہے جو وہ پیچھے چھوڑ گیا۔'' (بخاری کتاب الرقاق باب ماقدم من ماله فهوله۔ح۔٦٤٤٢)

## رسول اللہ ﷺ کی سخاوت

ایک مرتبہ ایک عورت نے تحفہ میں ایک چادر رسول اللہ ﷺ کو پیش کی اور عرض کیا اے اللہ کے رسول یہ چادر آپ کے لیے لائی ہوں آپ نے چادر لے لی اس وقت آپ کو چادر کی ضرورت بھی تھی۔ آپ نے وہ چادر لپیٹ لی۔ ایک صحابی نے عرض کیا ''یا رسول اللہ یہ تو بہت عمدہ چادر ہے۔ مجھے دے دیجئے۔'' آپ نے فرمایا اچھا یہ کہہ کر آپ اندر چلے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ کے جانے کے بعد لوگوں نے اس شخص کو ملامت کی۔ انہوں نے اس سے کہا ''رسول اللہ کو تو خود چادر کی ضرورت تھی تم نے چادر مانگ کر اچھا نہیں کیا اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ جب آپ سے کوئی چیز مانگی جائے تو آپ انکار نہیں کرتے۔ اس نے کہا'' جب آپ نے اس چادر کو جسم اطہر کے ساتھ لپیٹ لیا تو میں نے برکت کی امید میں وہ چادر آپ سے مانگی تا کہ میں اس چادر کو اپنا کفن بناؤں۔ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور وہ چادر اس صحابی کو دے دی۔ جب اس صحابی کا انتقال ہوا تو اس چادر میں انہیں کفن دیا گیا۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب حسن الخلق والسخاء۔ح۔٦٠٣٦)

انس رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں اسلام لانے کے بعد جس شخص نے جو چیز بھی رسول اللہ ﷺ سے طلب کی آپ نے عنایت فرمائی۔ ایک شخص آیا اس نے آپ سے کچھ مانگا۔ آپ نے دو پہاڑوں کے درمیان جتنی بکریاں تھیں سب دیدیں۔ جب وہ اپنی قوم کے پاس پہنچا تو کہنے لگا اے قوم مسلم ہو جاؤ کیونکہ محمد ﷺ بے حد وحساب دیتے ہیں۔ افلاس سے بالکل نہیں ڈرتے۔ انس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ بعض لوگ دُنیا کی خاطر مسلم ہوتے تھے لیکن اسلام لانے کے بعد ان کی نظر میں اسلام تمام دنیا سے زیادہ محبوب ہو جاتا تھا۔

(مسلم کتاب الفضائل باب فی سخائه ﷺ۔ح۔٢٣١٢)

## سخی کے لیے دعا کرنا

آپ ﷺ نے فرمایا ''ہر صبح دو فرشتے اترتے ہیں۔ ایک کہتا ہے'' اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا اچھا بدلہ دے۔'' دوسرا کہتا ہے کہ'' اے اللہ! کنجوسی کرنے والے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کو برباد کر۔"

(صحیح بخاری کتاب الزکوۃ باب قوله تعالٰی ۔فاما من اعطی واتقی ۔ح۔۱۴۴۲۔مسلم

:کتاب الزکوۃ باب فی المنفق والممسك۔ح۔۱۰۱۰)

## اچھی بری نیت پر اجر اور گناہ

آپ نے فرمایا کسی بندے کا مال صدقہ کرنے سے کم نہیں ہوتا جس پر ظلم کیا جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کی عزت میں اضافہ فرماتا ہے جو شخص مانگنے کا دروازہ کھولتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر فقر ومحتاجی کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ دنیا میں چار قسم کے لوگ ہیں۔

ایک وہ جسے اللہ نے مال اور علم دیا وہ اللہ سے ڈرتا ہے۔ رشتہ داروں سے حسن سلوک کرتا ہے۔ اللہ کے حق کو پہچانتا ہے۔ یہ شخص جنت میں سب سے افضل درجہ میں ہوگا۔

دوسرا وہ جسے اللہ نے علم دیا مگر مال نہ دیا پس وہ سچی نیت رکھتا اور کہتا ہے اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں بھی فلاں آدمی کی طرح عمل کرتا پس اس کا اور پہلے شخص کا اجر برابر ہے۔

تیسرا وہ جسے اللہ نے مال دیا مگر علم نہ دیا وہ علم کے بغیر اندھادھند خرچ کرتا ہے۔ نہ رب سے ڈرتا ہے نہ اللہ کے اور رشتہ داروں کے حقوق پہچانتا ہے۔ یہ برے مرتبہ والا ہے۔

چوتھا وہ جسے اللہ نے مال دیا نہ علم مگر وہ کہتا ہے اگر میرے پاس مال ہوتا تو فلاں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرح اندھادھند خرچ کرتا۔ پس جب اس کی نیت یہ ہے تو ان دونوں کا گناہ برابر ہے۔

(ترمذی ابواب الزھد باب ماجاء مثل الدنیا مثل اربعة نفر۔ح۔۲۳۲۵۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

## محنت کی ترغیب

آپ ﷺ نے فرمایا ''کسی شخص نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کوئی کھانا نہیں کھایا اور اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے کما کر کھایا کرتے تھے۔''

(بخاری کتاب البیوع باب کسب الرجل وعمله بیده ۔ح۔۲۰۷۲)

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے ایک شخص لکڑی کا گٹھا اپنی پیٹھ پر لاد کر لائے اور اسے بیچ کر گزارہ کرے۔ اس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ اس کے چہرہ کو (سوال کی ذلت سے) بچائے۔ یہ اس کے لیے اس سے بہتر ہے کہ کسی سے سوال کرے۔ وہ اسے دے یا انکار کرے۔''

(بخاری کتاب الزکوة باب الاستعفاف عن المسئلة ۔ح۔۱۴۷۰۔مسلم :کتاب الزکوة باب کراهة المسئلة للناس ۔ح۔۱۰۴۲)

## پیچھے پڑ کر مانگنے کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص مانگتا رہتا ہے یہاں تک کہ مر جاتا ہے تو اس کے چہرہ پر (قیامت کے دن) گوشت کا کوئی ٹکڑا نہ ہوگا۔''

(بخاری کتاب الزکوة باب من سال الناس تکثرا۔ح۔۱۴۷۴۔مسلم:کتاب الزکوة باب کراهة المسألةللناس ۔ح۔۱۰۴۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ ﷺ نے فرمایا'' پیچھے پڑ کر سوال مت کیا کرو۔ اللہ کی قسم! تم میں سے کوئی مجھ سے سوال کرے اور میری ناگواری کے باوجود وہ مجھ سے پچھ لے لے تو میری طرف سے دی گئی چیز میں برکت نہیں ہوگی۔'' (مسلم کتاب الزکوۃ باب النهی عن المسالة ۔ح.١٠٣٨)

آپ ﷺ نے فرمایا'' جو شخص مجھے اس بات کی ضمانت دے کہ وہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہ کرے گا تو میں اس کے لیے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

(ابو داؤد کتاب الزکوۃ باب کراهية المسألة ۔ح.١٦٤٣۔ حاکم' ذہبی اور نووی نے صحیح کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا'' جو لوگوں سے مال میں اضافہ کی خاطر سوال کرتا ہے وہ آگ کے انگارے کا سوال کرتا ہے چاہے کم طلب کرے یا زیادہ۔''

(مسلم کتاب الزکوۃ باب کراهية المسالة للناس ۔ح.١٠٤١)

آپ ﷺ نے فرمایا''

تین آدمیوں کے سوا کسی کے لیے سوال کرنا جائز نہیں۔

۱۔ ایک وہ جو کسی کا ضامن بنا (اور بطور ضامن اسے کسی اور کا مال ادا کرنا پڑا)

۲۔ دوسرا وہ جس کا مال کسی حادثے کی بنا پر تباہ و برباد ہو جائے اس کے لیے بھی اس حد تک سوال کرنا جائز ہے جس سے اس کی گزران ہو سکے۔

۳۔ تیسرا وہ جو فاقے کی حالت میں پہنچ گیا۔

ان کے سوا سوال حرام ہے اور ایسا سوال کرنے والا حرام کھاتا ہے۔''

(مسلم کتاب الزکوۃ باب من تحل له المسألة ۔ح.١٠٤٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## زکوۃ آل محمد پر حرام ہے

ایک دفعہ عبدالمطلب بن ربیعہ اور فضل بن عباس رضی اللہ عنھم نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا" آپ سب سے زیادہ احسان کرنے والے اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ہیں ۔ہم نکاح کے قابل ہو گئے ہیں (لیکن اس کے لیے روپیہ کی ضرورت ہے) ہم اس لیے حاضر ہوئے ہیں کہ آپ ہمیں صدقات وصول کرنے پر عامل بنائیں تاکہ ہم بھی مال وصول کر کے آپ کو لا کر دیں پھر ہمیں بھی اس مال میں سے کچھ مل جایا کرے۔ کچھ دیر بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" زکوۃ کا مال محمد اور آلِ محمد کے لیے جائز نہیں ہے یہ تو لوگوں کا میل ہے۔(صحیح مسلم:کتاب الزکوۃ باب ترک استعمال آل النبی ﷺ ۔ح۔۱۰۷۲)

## بغیر سوال کے مال ملے تو لینا جائز ہے

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ" رسول اللہ ﷺ مجھے عطیہ دیتے تو میں کہتا کہ" آپ ﷺ اس کو دیں جو مجھ سے زیادہ ضرورتمند ہو۔" آپ ﷺ نے فرمایا "جب تمہیں مال ملے اور تمہیں اس کی حرص نہ ہو اور نہ تم نے اس کا سوال کیا ہو تو اسے لے کر اپنے مال میں شامل کر لو۔ پھر چاہو تو اسے کھا لو اور چاہو تو اسے صدقہ کر دو۔ اور جو مال اس طرح نہ ملے تو اپنے آپ کو اس کے پیچھے مت لگاؤ۔" عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی سے کسی چیز کا سوال نہ کرتے تھے اور جو چیز بغیر مانگے مل جاتی تو اسے لینے سے انکار بھی نہیں کرتے تھے۔" (بخاری کتاب الزکوۃ باب من اعطاہ اللہ شیئا من غیر مسألة ح۔۱۴۷۳۔مسلم:کتاب الزکوۃ باب اباحة الاخذ لمن اعطی من غیر مسالة ۔ح۔۱۰۴۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سرکاری ملازمین کے لیے تنبیہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "کچھ لوگ بیت المال میں ناجائز تصرف کرتے ہیں۔ پس ایسے لوگوں کے لیے قیامت کے دن جہنم کی آگ ہے۔"

(بخاری کتاب فرض الخمس باب (فان للّٰہ خمسه)۔ح۔۳۱۱۸)

رسول اللہ ﷺ نے ابن لتبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زکوٰۃ کی وصولی کے لیے بھیجا۔ جب وہ (زکوٰۃ کا مال لے کر واپس) آیا تو کہنے لگا کہ "یہ بیت المال کا حق ہے اور یہ مجھے ہدیہ میں ملی ہوئی چیزیں ہیں۔" آپ ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے اور اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا "میں تم میں سے کسی کو کسی کام کا عامل مقرر کرتا ہوں اور وہ آ کر کہتا ہے کہ یہ تمہارا مال ہے اور یہ مجھے ملا ہوا ہدیہ ہے۔ اگر وہ سچا ہے تو اس کا ہدیہ اسے اس وقت کیوں نہ ملا جب وہ اپنے ماں باپ کے گھر بیٹھا تھا (یعنی وہ ہدیہ نہیں بلکہ سرکاری منصب کا نتیجہ ہے)۔ اللہ کی قسم! تم میں سے کوئی شخص حق کے بغیر کوئی مال لے گا تو قیامت کے دن اسے اٹھائے ہوئے آئے گا۔ پس میں تم میں سے کسی کو نہ دیکھوں کہ وہ اللہ سے ملاقات کے وقت (ناجائز طریقے سے حاصل کردہ) اونٹ کو اٹھائے ہوئے ہو جو بلبلا رہا ہو یا گائے کو جو آواز نکال رہی ہو یا بکری کو جو ممیا رہی ہو (اٹھائے ہوئے ہو) (بخاری کتاب الزکوۃ باب قوله تعالی (والعاملین علیها) ح۔۱۵۰۰۔ مسلم کتاب الامارة باب تحریم هدایاالعمال ۔ح۔۱۸۳۲)

## شبہ والی چیزوں کو چھوڑنے کا بیان

آپ ﷺ نے فرمایا "حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی۔ ان کے درمیان بہت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سی چیزیں شبہہ والی ہیں۔ پس جو شخص شبہے والی چیزوں سے بچ گیا' اس نے اپنے دین کو بچالیا اور جس نے شبہات کو اختیار کیا' وہ حرام میں مبتلا ہو گیا۔"

(بخاری' کتاب الایمان باب فضل من استبرالدینه ح۔۵۲ مسلم:کتاب البیوع باب اخذ الحلال وترك الشبهات ح۔۱۵۹۹)

آپ ﷺ نے فرمایا "وہ چیز چھوڑ دو جو تمہیں شک میں ڈالے اور اسے اختیار کرو جو تمہیں شک میں نہ ڈالے" (ترمذی ابواب الزهدباب اعقلها وتوكل ح۔۲۵۱۸ ۔ابن حبان' حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## بھلائی کے کاموں پر پابندی کرنا

رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا "اے عبداللہ! تم فلاں شخص کی طرح مت ہو جانا۔ وہ رات کو اٹھ کر اللہ کی عبادت کرتا تھا۔ پھر اس نے رات کو اٹھنا چھوڑ دیا۔"

(بخاری کتاب التهجد باب مایکره من ترك قیام اللیل ح۔۱۱۳۱ مسلم:کتاب الصیام باب النهی عن صوم الدهر لمن تضرربه اوفوت به حقاخ۔۱۱۵۹)

## جو حرام کام کا ارتکاب کر بیٹھے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۔ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''وہ لوگ جو کوئی برا کام کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر لیتے ہیں تو (فوراً) اللہ کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا کون گناہوں کو بخش سکتا ہے۔ اور اپنے کیئے پر اصرار نہیں کرتے (بار بار وہ گناہ نہیں کرتے) جب کہ وہ جانتے ہوتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کا بدلہ ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور نیکی کرنے والوں کا کیا اچھا اجر ہے۔''

(آل عمران: ۳/۱۳۵،۱۳۶)

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جس شخص نے قسم میں کہا لات وعزّی کی قسم تو اسے چاہیے کہ وہ فوراً کہے لا الٰہ الا اللّٰہ اور جس نے اپنے ساتھی سے کہا آؤ جوا کھیلیں تو اسے چاہیے کہ وہ صدقہ کرے۔

(بخاری کتاب التفسیر تفسیر سورۃ النجم ح۔۴۸۶۰۔ مسلم: کتاب الأیمان باب من حلف باللات والعزیٰ ح۔۱۶۴۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# توبہ کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''بے شک اللہ تعالیٰ رات کو ہاتھ دراز کرتا ہے تا کہ دن کو برائی کا ارتکاب کرنے والا توبہ کرلے اور دن کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تا کہ رات کو گناہ کرنے والا توبہ کرلے۔ سورج کے مغرب سے طلوع ہونے تک توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔''

(مسلم کتاب التوبة باب غيرة الله تعالى۔ح۔۲۷۵۹)

جہینہ قبیلے کی ایک عورت آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ وہ ارتکابِ زنا سے حاملہ تھی۔ اس نے کہا ''یا رسول اللہ ﷺ! مجھ سے حد والے گناہ کا ارتکاب ہوگیا ہے۔ آپ ﷺ مجھ پر حد قائم فرمادیجیے۔'' آپ ﷺ نے اس کے وارث کو بلایا اور فرمایا ''اس کو اچھے طریقے سے اپنے پاس رکھو۔ جب یہ بچہ جن لے تو اس کو لے آنا۔'' چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ بچہ جننے کے بعد اسے رجم کردیا گیا۔ پھر آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ ''کیا آپ ﷺ بدکاری کرنے والی عورت پر نمازِ جنازہ پڑھائیں گے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اسے اہلِ مدینہ کے ستر آدمیوں پر تقسیم کردیا جائے تو ان کو بھی معافی مل جائے۔ کیا اس سے بھی افضل کوئی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اس نے اپنی جان تک قربان کردی۔''

(مسلم كتاب الحدود باب من اعترف على نفسه بالزنى۔ح۔۱۶۹۶)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ناجائز محصول لینا سخت گناہ ہے

جب لوگ زنا کی حد پانے والی عورت کو سنگسار کر رہے تھے تو خالد رضی اللہ تعالی عنہ نے اس کے سر پر پتھر مارا۔ خون اڑ کر خالد رضی اللہ تعالی عنہ کے منہ پر گرا۔ خالد نے اسے برا بھلا کہا رسول اللہ ﷺ نے سنا تو فرمایا اے خالد' خبردار اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر ناجائز محصول لینے والا بھی ایسی توبہ کرتا تو اس کا گناہ بھی معاف ہو جاتا۔ (مسلم کتاب الحدود ۔ح۔١٦٩٦)

## نیکیوں سے گناہ ختم ہونے کا بیان

ایک شخص نے ایک عورت کا بوسہ لیا۔ پھر وہ نبی رحمت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے گناہ کا اقرار کیا۔ اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی۔

﴿وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ﴾ (هود:١١/١١٤)

''اور تم دن کے دونوں سروں پر اور رات کے کچھ حصے میں نماز قائم کرو۔ بیشک نیک کام برے کاموں کو مٹا دیتے ہیں۔'' اس شخص نے عرض کیا'' اے اللہ کے رسول! کیا یہ حکم میرے لیے خاص ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا'' نہیں بلکہ میری تمام امت کے لیے ہے۔'' (بخاری کتاب مواقیت الصلاة باب الصلاة کفارة ۔ح۔٥٢٦)

## گناہ کے بعد توبہ کرنے کا اجر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا'' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب کوئی بندہ گناہ کرنے کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہتا ہے ''اے اللہ! میرا گناہ بخش دے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''میرے بندے نے گناہ کیا۔وہ جانتا ہے کہ اس کا رب گناہ پر پکڑتا ہے اور گناہ بخشتا بھی ہے۔میں نے اسے معاف کر دیا۔'' بندہ پھر گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ''اے میرے رب! میرا گناہ معاف فرما دے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''میرے بندے نے گناہ کیا۔اسے علم ہے کہ اس کا رب ہے جو گناہ معاف فرماتا ہے اور گناہ پر گرفت بھی کرتا ہے۔میں نے اسے معاف کر دیا۔'' بندہ تیسری بار گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ''اے میرے رب! میرا گناہ معاف فرما دے۔'' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''میرے بندے نے گناہ کیا۔وہ جانتا ہے کہ اس کا رب ہے جو گناہ بخشتا ہے اور گناہ پر پکڑتا ہے۔یقیناً میں نے اپنے بندے کو بخش دیا۔بس جو چاہے کرے (یعنی جب تک گناہ کر کے توبہ کرتا رہے گا میں بخشتا رہوں گا۔

(بخاری کتاب التوحید باب قول اللّٰہ تعالٰی (یریدون ان یبدلوا کلام اللّٰہ) ح۔۷۵۰۷۔مسلم :کتاب التوبة باب قبول التوبة من الذنوب۔ح۔۲۷۵۸)

معلوم ہوا کہ عذاب ان باغیوں اور سرکشوں کے لیے ہے جنہیں اللہ کی پکڑ کا ڈر ہی نہیں اور نہ ہی وہ توبہ کرتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ کی قسم! اگر تم گناہ نہ کرتے تو اللہ تعالیٰ تمہیں ختم کر کے ایسی مخلوق پیدا کرتا جو گناہ کرتی اور اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگتی اور وہ انہیں بخشتا۔'' (مسلم کتاب التوبة باب سقوط الذنوب بالاستغفار والتوبة۔ح۔۲۷٤۸)

معلوم ہوا کہ اللہ کو وہ لوگ پسند ہیں جو گناہ کر کے اس پر اڑتے نہیں بلکہ توبہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔اس حدیث کا اصل مقصد توبہ واستغفار کی اہمیت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واضح کرتا ہے۔

## خیر یا شر کا آغاز کرنے والے کا حال

رسول اللہ ﷺ کے پاس مضر قبیلہ کے چند لوگ ننگے بدن، اون کی دھاری دار چادریں لیے ہوئے آئے۔ ان کی فاقہ زدگی دیکھ کر آپ ﷺ پریشان ہو گئے۔ نماز کے بعد آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو خیرات کرنے کی ترغیب دی۔ صحابہ مال لاتے رہے حتیٰ کہ دو ڈھیر بن گئے۔ ایک سامان کھانے کی چیزوں کا اور دوسرا کپڑوں کا۔ یہ دیکھ کر آپ ﷺ خوش ہو گئے اور فرمایا ''جس نے اسلام میں کوئی اچھا طریقہ جاری کیا، اس کو اپنا اور ان تمام لوگوں کا اجر ملے گا جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے اور بعد والوں کے اجر میں کوئی کمی نہ کی جائے گی۔ اور جس نے اسلام میں برا طریقہ جاری کیا اس پر اپنے گناہ اور ان تمام لوگوں کے گناہ کا بوجھ ہوگا جو اس کے بعد اس پر عمل کریں گے بغیر اس کے کہ ان کے گناہوں کے بوجھ میں کوئی کمی کی جائے۔''

(مسلم کتاب الزکوۃ باب الحث علی الصدقة ولو بشق تمرة او بکلمة طیبة ح۔۱۰۱۷)

اس حدیث میں جو چیز اسلام میں جائز ہے اس پر سب سے پہلے عمل کرنے اور اسے فروغ دینے والے کا اجر بیان کیا گیا ہے۔ اس میں بدعتِ حسنہ کی کوئی دلیل نہیں ہے کیونکہ بدعت شریعت سازی ہے جس کا تمام تر اختیار اللہ عزوجل کو ہے۔ کسی انسان کو شریعت سازی کا حق نہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جو جان بھی ظلم سے قتل کی جاتی ہے، اس خون ناحق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے گناہ کا ایک حصہ آدم علیہ السلام کے بیٹے کو ہوگا کیونکہ وہ پہلا شخص ہے جس نے قتل ناحق کا طریقہ شروع کیا۔"

(بخاری کتاب الانبیاء باب خلق آدم زذریته ح۔٣٣٣٥۔مسلم:کتاب القسامة باب اثم من سن القتل ح۔١٦٧٧)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "جس نے لوگوں کو ہدایت کی طرف بلایا تو اس کو ان تمام لوگوں کے برابر اجر ملے گا جو اس کی پیروی کریں گے۔ اور ان کے اجروں میں سے کچھ کمی نہیں جائے گی۔ اور جو گمراہی کی طرف بلائے گا تو اس پر ان تمام لوگوں کے برابر وبال ہوگا جو اس کی پیروی کریں گے اور ان کے گناہوں میں سے کچھ کمی نہ ہوگی۔"

(مسلم کتاب العلم باب من سن سنة حسنة اوسيئة ومن دعا ح۔٢٦٧٢)

## حلال امور میں سفارش کرنے کی ترغیب

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهُ نَصِيبٌ مِّنْهَا﴾(النساء:٤/٨٥)

"جس نے کوئی اچھی سفارش کی اس کے لیے بھی اس نیکی میں حصہ ہوگا۔"

نبی کریم ﷺ کے پاس جب کوئی ضرورت مند آتا تو آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوتے اور فرماتے "سفارش کرو۔ تمہیں بھی اجر دیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی زبان پر جو پسند فرماتا ہے فیصلہ فرما دیتا ہے۔"

(بخاری کتاب الزکوة باب التحريص على الصدقة ح۔١٤٣٢۔مسلم:کتاب البر والصلة باب استحباب الشفاعة فيماليس بحرام ح۔٢٦٢٧)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سفارش قبول کرنا ضروری نہیں

بریرہ رضی اللہ تعالی عنھا ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا کی لونڈی تھی اور ایک غلام مغیث رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ عائشہ رضی اللہ عنھا نے انہیں آزاد کر دیا۔ آزادی کے بعد اسلام نے لونڈی کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے غلام خاوند کے نکاح میں رہنا پسند نہ کرے تو نکاح فسخ کرا سکتی ہے چنانچہ اس نے اپنا یہ حق استعمال کرتے ہوئے اپنے خاوند مغیث سے علیحدگی اختیار کر لی۔ مغیث کو بریرہ سے بڑی محبت تھی وہ اس کی منت سماجت کرتا کہ تعلق زوجیت ختم نہ کرے۔

نبی رحمت ﷺ نے بریرہ رضی اللہ تعالی عنھا سے فرمایا کہ اگر تو اپنے خاوند سے رجوع کرلے (تو اچھا ہے) اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ مجھے رجوع کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں تو صرف سفارش کرتا ہوں۔ وہ کہنے لگی مجھے مغیث کی کوئی ضرورت نہیں۔ (بخاری کتاب الطلاق باب شفاعة النبی ﷺ فی زوج بریرہ۔ ح۔۵۲۸۳)

## حدود الہی میں سفارش کی ممانعت

ایک دفعہ اسامہ بن زید رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک عورت کی سفارش کی جس نے چوری کا ارتکاب کیا۔ آپ نے فرمایا اسامہ کیا تو اللہ کی حدوں میں سفارش کرتا ہے پھر آپ نے خطبہ ارشاد فرمایا ''تم سے پہلے لوگوں کو اسی چیز نے ہلاک کیا کہ ان میں سے کوئی بلند مرتبہ چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور کوئی کمزور چوری کرتا تو اس پر حد قائم کر دیتے۔ اللہ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قسم اگر محمد کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی میں اس کا ہاتھ بھی ضرور کاٹتا۔

(بخاری 'اواخر کتاب الانبیاء ۔ح۔٣٤٧٥۔مسلم :کتاب الحدود باب قطع السارق الشریف وغیرہ ۔ح۔١٦٨٨)

## تقدیر پر ایمان

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''طاقت ور مومن کمزور مومن کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے اور ہر ایک میں بہتری ہے۔اس چیز کی حرص کرو جو تمہیں نفع دے۔اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو اور ہمت نہ ہارو۔اگر تمہیں کچھ نقصان پہنچے تو مت کہو کہ اگر میں ایسا کر لیتا تو ایسا ہو جاتا بلکہ کہو:

﴿قَدَرُ اللّٰهِ وَمَاشَآءَ فَعَلَ﴾

''اللہ کی تقدیر میں یہی تھا اور جو اس نے چاہا' کیا۔''

اور اگر مگر کا لفظ شیطان کے کام کا دروازہ کھول دیتا ہے۔''

(مسلم کتاب القدر باب فی الامر بالقوۃ وترک العجز۔ح۔٢٦٦٤)

## موت کی آرزو

آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے۔اگر وہ نیک ہے تو اس کی نیکیاں زیادہ ہو جائیں گی۔اور اگر وہ بدکار ہے تو شاید وہ توبہ کر لے کیونکہ موت سے عمل کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔''

(بخاری 'کتاب المرضی باب تمنی المریض الموت ۔ح۔٥٦٧٣۔مسلم:کتاب الذکر والدعاء باب کراھة تمنی الموت لضر نزل به ۔ح۔٢٦٨٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## موت کو یاد کرنے کا بیان

نبی اکرم ﷺ نے ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کندھا پکڑا اور فرمایا ''دنیا میں اس طرح رہو گویا پردیسی ہو یا مسافر ہو۔'' ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ ''جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار نہ کرو اور جب تم صبح کرو تو شام کا انتظار نہ کرو۔ اپنی تندرستی کے زمانے میں اپنی بیماری کے لیے اور اپنی زندگی میں اپنی موت کے لیے تیاری کر لو۔''

(بخاری کتاب الرقاق باب قول النبی ﷺ کن فی الدنیا۔ح۔٦٤١٦)

## وقار

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''جب نماز کی جماعت کھڑی ہو جائے تو تم دوڑتے ہوئے نہ آؤ۔ آرام سے چلتے ہوئے آؤ۔ وقار اختیار کرو۔ جو نماز امام کے ساتھ پا لو وہ پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے پورا کرو۔''

(بخاری کتاب الاذان باب لایسعی الی الصلاۃ مستعجلا۔ح۔٦٣٦۔مسلم:کتاب المساجد باب استحباب اتیان الصلاۃ بوقار وسکینہ۔ح۔٦٠٢)

نبی رحمت ﷺ میدانِ عرفات سے واپس لوٹ رہے تھے۔ آپ ﷺ نے اپنے پیچھے اونٹوں پر مار اور ڈانٹ کی آواز سنی۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''لوگو! سکون سے چلو۔ اس لیے کہ تیز رفتاری نیکی نہیں ہے۔''

(بخاری کتاب الحج باب امر النبی ﷺ بالسکینۃ عند الافاضۃ۔ح۔١٦٧١۔مسلم:کتاب الحج باب الافاضۃ من عرفات الی المزدلفۃ۔ح۔١٢٨٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نیکیوں کی طرف جلدی کرنا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ﴾البقرہ ۲: ۱٤۸)

"پس نیکیوں کی طرف جلدی کرو۔"

نبی اکرم ﷺ نے مدینہ میں عصر کی نماز پڑھائی۔ آپ ﷺ نے سلام پھیرا اور تیزی کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے اور لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے اپنی بیوی کے حجرے میں تشریف لے گئے۔ لوگ آپ ﷺ کی جلدی سے گھبرا گئے۔ تھوڑی دیر بعد آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا "مجھے (نماز کی حالت میں) یاد آیا کہ ہمارے پاس سونے کی ایک ڈلی رہ گئی تھی۔ مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ وہ مجھے اللہ کی یاد سے روکے۔ سو میں نے اس کو تقسیم کر دینے کا حکم دیا۔" (بخاری 'الاذان باب من صلی بالناس فذکر حاجة فتخطاهم ۔ح۔۸۵۱)

آپ ﷺ نے فرمایا کہ "صحت اور فرصت دو ایسی نعمتیں ہیں کہ اکثر لوگ ان کے غلط استعمال کی وجہ سے خسارے اور گھاٹے میں رہتے ہیں۔"

(بخاری کتاب الرقاق باب الصحة والفراغ ولا عيش الا عيش الاخرة ۔ح۔٦٤١٢)

## لمبی عمر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ "کیا میرے ساتھی مجھ سے پہلے فوت ہو جائیں گے؟" آپ ﷺ نے فرمایا (اگر ایسا ہوا بھی تو کیا حرج ہے۔ یہ تمہارے حق میں اچھا ہے) کیونکہ ساتھیوں کی وفات کے بعد جب تم ان کے پیچھے رہ جاؤ گے تو جو بھی تم اللہ کی رضا کے لیے عمل کرو گے اس سے تمہارے درجات بلند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہونگے۔تمہاری لمبی عمر سے کچھ لوگ(اہل ایمان )فائدہ اٹھائیں گے اور کچھ لوگوں( کفار)کوتم سے نقصان پہنچے گا۔(بخاری کتاب الجنائز باب رثاء النبی ﷺ سعد بن خولة ۔ح۔١٢٩٥ ۔مسلم:کتاب الوصیة باب الوصیة بالثلث ۔ح۔١٦٢٨ )

آپ ﷺ نے فرمایا۔سب سے بہتر وہ مسلمان ہے'جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا ہو۔(ترمذی ابواب الزهد باب ماجاء فی طول العمر للمومن ۔ح۔٢٣٢٩۔ترمذی نے حسن کہا)

آپ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ نے اس آدمی کے لیے کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا جس کی موت کو اس نے اتنا مؤخر کر دیا کہ وہ ٦٠ سال کی عمر کو پہنچ گیا۔(بخاری کتاب الرقاق باب من بلغ ستین سنة فقد اعذرالله الیه فی العمر ۔ح۔٦٤١٩ )

## کافروں کے اعمال کا بدلہ

آپ ﷺ نے فرمایا''اللہ تعالیٰ کسی مومن پر اس کی نیکی کے معاملے میں ظلم نہیں کرتا۔اس کی نیکی کا بدلہ دنیا میں دیا جاتا ہے اور آخرت میں بھی اسے اچھا بدلہ ملے گا لیکن کافر کو اس کی نیکیوں کا بدلہ دنیا میں ہی دے دیا جاتا ہے اور آخرت میں اس کے پاس کوئی عمل ایسا نہیں ہوگا جس پر اسے بدلہ دیا جائے۔(مسلم:کتاب التوبہ باب جزاء المومن بحسناته ۔ح۔٢٨٠٨ )

## اصفہان کے یہودی دجال کے پیروکار

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اصفہان کے ستر ہزار یہودی دجال کی پیروی کریں گے جن کے جسموں پر سبز یا سیاہ رنگ کی چادریں ہوں گی۔

(مسلم :کتاب الفتن باب فی بقیة من احادیث الرجال۔ح۔٢٩٤٤ )

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

# علم کا بیان

## علم حاصل کرنے کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جس شخص کے ساتھ اللہ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔

(بخاری کتاب العلم باب من یرد اللہ به خیرا.ح.۷۱.مسلم: کتاب الزکوۃ .باب النھی عن المسئالة .ح.۱۰۳۷)

آپ نے فرمایا۔ جو شخص دین کا علم تلاش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔ فرشتے طالب علم کے لیے اس کے عمل سے خوش ہو کر اپنے پر رکھ دیتے ہیں۔ عالم کے لیے آسمان وزمین کی ہر مخلوق حتی کہ پانی میں مچھلیاں مغفرت کی دعا کرتی ہیں۔ عالم کی فضیلت عابد پر ایسے ہے جیسے چاند کو ستاروں پر فضیلت حاصل ہے۔ علماء انبیاء کے وارث ہیں کیونکہ انبیاء نے اپنے ورثے میں دینار اور درہم نہیں چھوڑے وہ تو دین کا علم ہی ورثے میں چھوڑتے ہیں، پس جس نے وہ علم حاصل کیا اس نے شرف وفضل کا بڑا حصہ حاصل کیا۔ (ابوداؤد کتاب العلم باب الحث علی طلب العلم. ح.۳٦٤۱.ترمذی.ابواب العلم باب ماجاء فی فضل الفقه علی العبادة.ح.۲٦۸۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عالم پر رشک کرنا جائز ہے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ رشک کے قابل صرف دو آدمی ہیں۔ ایک وہ جس کو اللہ نے مال دیا پھر اسے حق کی راہ میں خرچ کرنے کی توفیق بھی دی۔ اور دوسرا وہ جس کو اللہ نے حکمت سے نوازا اور وہ اس کے ساتھ فیصلے کرتا اور دوسروں کو بھی سکھاتا ہے۔

(بخاری :کتاب العلم باب الاغتباط فی العلم والحکمۃ۔ح۔۷۳۔مسلم ۔کتاب صلاۃ المسافرین باب فضل من یقوم بالقرآن ویعلمہ ۔ح۔۸۱٦)

## علم کا فائدہ مرنے کے بعد بھی ملتا ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ”جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے سوائے تین چیزوں کے جس کا ثواب اسے ملتا رہتا ہے۔ صدقہ جاریہ یا وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے یا نیک اولاد جو اس کے لیے دعائے خیر کرتی ہے۔

(مسلم :کتاب الوصیۃ باب مایلحق الانسان من الثواب بعد وفاتہ۔ح۔۱٦۳۱)

## علم کی طلب جہاد فی سبیل اللہ کے برابر ہے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جو شخص علم کی جستجو میں نکلتا ہے وہ واپسی تک ”فی سبیل اللہ“ (اللہ کی راہ) میں شمار ہوگا۔

(ترمذی۔ابواب العلم باب فضل طلب العلم ۔ح۔۲٦٤٧)

## علم دین کو چھپانا کبیرہ گناہ ہے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس سے دین کی کوئی بات پوچھی جائے پھر وہ اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھپائے تو قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام دی جائے گی۔

(ابوداؤد کتاب العلم باب کراھیة منع العلم ۔ح۔۳٦٥٨۔ترمذی ۔ابواب العلم باب ماجاء فی کتمان العلم ۔ح۔٢٦٤٩)

## قربِ قیامت علماء حقہ ناپید اور جاہل پیشوا ہوں گے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی علم اس طرح ختم نہیں کرے گا کہ اسے لوگوں کے سینوں سے کھینچ لے بلکہ علماء وفات پا جائیں گے اور علم ختم ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ کسی عالم کو باقی نہیں رکھے گا۔ پھر لوگ جاہلوں کو پیشوا بنالیں گے۔ پس ان سے سوال کیا جائے گا وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے اور یوں خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ (بخاری :کتاب العلم باب کیف یقبض العلم ۔ح۔۱۰۰۔مسلم :کتاب العلم باب رفع العلم وقبضه۔ح۔٢٦٧٣)

## علم کی بنیاد پر اللہ کا ڈر

آپ نے فرمایا اگر تم وہ باتیں جان لو جس کا مجھے علم ہے تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ۔ پس صحابہ رضوان اللہ اجمعین نے اپنے چہرے ڈھانپ لئے اور ان کی آہ وزاری کی آوازیں آرہی تھیں۔

(بخاری کتاب الرقاق باب قول النبی ﷺ لوتعلمون ماأعلم لضحکتم قلیلا ولبکیتم کثیرا۔ح۔٦٤٨٦۔مسلم :کتاب الفضائل باب زوجوب اقباعه ﷺ ۔ح۔٢٣٥٩)

## علم کا حصول دنیا کے لئے

آپ نے فرمایا جو شخص دین کا علم اس لئے سیکھتا ہے کہ اس سے دنیا کا ساز و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سامان حاصل کرے تو وہ قیامت کے دن جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔
(ابوداؤد کتاب العلم باب فی طلب العلم لغیر اللہ ح۔۳٦٦٤) حاکم ذہبی نے صحیح کہا

## علم سے مراد کتاب وسنت کا علم ہے

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ "جو شخص دین کے علم کی تلاش میں چلتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے سے اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے۔ جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو کر اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے اور آپس میں اس کو (سیکھتے سکھاتے) ہیں ان پر سکینت نازل ہوتی ہے۔ انہیں اللہ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے۔ فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اپنے پاس کے فرشتوں میں فرماتا ہے۔" (مسلم کتاب الدعوات باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن ح۔۲٦۹۹)

## عورتوں کی تعلیم

ایک دن ایک صحابیہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول مرد تو خوب آپ کی باتیں سنتے رہتے ہیں۔ ہمارے لیے بھی ایک دن مقرر کر دیجیے کہ ہم اس دن آپ کے پاس آجایا کریں اور آپ ہمیں بھی وہ باتیں سکھا دیا کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو سکھائی ہیں۔ آپ نے فرمایا تم فلاں فلاں دن جمع ہو جایا کرو۔ وہ جمع ہو جاتیں۔ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور ان کو تعلیم دیا کرتے تھے۔

(صحیح مسلم کتاب البر والصلة۔ بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب تعلیم النبی امته من الرجال والنسا۔ح۔۷۳۱۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## وعظ ونصیحت میں میانہ روی

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر جمعرات کو ایک مرتبہ وعظ ونصیحت کرتے۔ایک آدمی نے کہا" آپ ہمیں روزانہ وعظ کیا کریں۔" آپ نے فرمایا" میں روزانہ وعظ اس لیے نہیں کرتا کہ کہیں تم اکتا نہ جاؤ۔ میں وعظ میں تمہارا خیال رکھتا ہوں جس طرح رسول اللہ ﷺ ہمارا خیال رکھتے تھے کہ کہیں ہم اکتا نہ جائیں۔"

(بخاری کتاب العلم باب من جعل لاهل العلم اياما معلومة ـح۔٧٠۔مسلم:كتاب صفات المنافقين باب الاقتصادفی الموعظة ـح۔٢٨٢١)

## دین پھیلانے کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔میری طرف سے لوگوں کو (احکام الٰہی) پہنچادو۔ اگرچہ ایک آیت ہی ہو۔

(صحيح بخاری :كتاب احاديث الانبياء باب ماذكرعن بنی اسرائيل ـح۔٣٤٦١)

## دعوت الی اللہ کی فضیلت

نبی کریم ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔" اللہ کی قسم! تیرے ذریعے سے کسی ایک آدمی کو اللہ تعالیٰ کا ہدایت دینا تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔

(بخاری كتاب المغازی باب غزوة خيبر۔ح۔٤٢١٠۔مسلم:كتاب فضائل الصحابه باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی الله تعالی عنه ـح۔٢٤٠٦)

## دعوت وتبلیغ کی ترغیب

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ اس کو تروتازہ رکھے جو ہم سے کوئی بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سنے پھر اسے اسی طرح دوسروں تک پہنچادے جس طرح اس نے سنا۔اس لیے کہ بہت سے ایسے لوگ جن کو بات پہنچائی جائے سننے والے سے زیادہ یادر کھنے والے ہوتے ہیں۔

(ترمذی۔ابواب العلم باب ماجاء فی الحث علی تبلیغ السماع۔ح۔۲۶۵۷۔امام ترمذی نے حسن صحیح اور ابن حبان نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

''اور تم میں ایک گروہ ہونا چاہیے جو بھلائی کی طرف بلائے' نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے یہی لوگ کامیاب ہیں۔'' (آل عمران: ۱۰۴/۳)

رسول ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص تم میں سے کسی برائی کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ سے روکے۔ اگر (ہاتھ سے روکنے کی) طاقت نہ ہو تو زبان سے (اس کی برائی واضح کرے) اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو دل سے (برا جانے) اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے۔

(مسلم کتاب الایمان باب بیان کون النھی عن المنکر من الایمان ح۔۴۹)

آپ نے فرمایا۔ مجھ سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جو نبی بھیجے۔ اس کے حواری اور ساتھی ہوتے تھے جو اس کے حکم کی پیروی اور اس کی سنت پر عمل کرتے پھر ایسے ناخلف پیدا ہوئے جو ایسی بات کہتے جو وہ کرتے نہیں تھے اور وہ کام کرتے جس کا انہیں حکم نہیں دیا گیا تھا۔ پس جو شخص ان سے ہاتھ سے جہاد کرے گا وہ مومن ہے۔

جو شخص ان سے زبان سے جہاد کرے گا وہ مومن ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جوشخص ان سے دل سے جہاد کرے گا وہ مومن ہے۔اوراس کے علاوہ رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان نہیں۔
(مسلم کتاب الایمان باب کون بیان کون النهی عن المنکر من الایمان ۔ح۔٥٠)

## افضل جہاد

ایک صحابی نے آپ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا جہاد افضل ہے۔آپ نے فرمایا ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا۔ (نسائی کتاب البیعة باب فضل من تکلم بالحق عند امام جائر۔ح۔٤٢١٤۔امام نووی نے صحیح کہا)

## ظالم کو ظلم سے روکنا

آپ نے فرمایا کہ لوگ جب ظالم کو ظلم کرتے ہوئے دیکھیں اور اسے نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنے عذاب کی لپیٹ میں لے لے۔
.ابوداؤد کتاب الملاحم باب الامر والنهی ۔ح۔٤٣٣٨۔ترمذی ابواب الفتن باب ماجاء فی نزول العذاب اذا لم یغیر المنکر ۔ح۔٢١٦٨ )امام نووی نے صحیح کہا ہے

## نیکی کا حکم دینے والا اگر خود نیکی پر عمل نہ کرے

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ كَبُرَ مَقْتًا عِندَ ٱللَّهِ أَن تَقُولُوا۟ مَا لَا تَفْعَلُونَ ﴾ (الصف:٦١/٣'٢)

’’اے ایمان والو! تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہو۔اللہ کے ہاں یہ بات بڑی ناراضگی والی ہے کہ تم وہ باتیں کہو جو تم (خود) نہ کرو۔‘‘

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ''قیامت کے دن ایک آدمی لایا جائے گا اور آگ میں ڈال دیا جائے گا پس اس کی انتڑیاں باہر نکل آئیں گی وہ انہیں لے کر ایسے گھومے گا جیسے گدھا چکی میں گھومتا ہے۔ جہنمی اس کے گرد جمع ہو جائیں گے اور کہیں گے اے فلاں تجھے کیا ہوا کیا تو نیکی کا حکم نہیں دیتا تھا اور برائی سے نہیں روکتا تھا۔ وہ کہے گا ہاں۔ میں لوگوں کو نیکی کا حکم دیتا تھا لیکن خود نہیں کرتا تھا اور دوسروں کو برائی سے روکتا تھا لیکن خود اس کا ارتکاب کرتا تھا۔ (بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة النار ح۔٣٢٦٧۔مسلم :کتاب الزهد باب عقوبة من يامر بالمعروف ولايفعله ح۔٢٩٨٩)

## اچھا مسلمان

آپ نے فرمایا انسان کا بے فائدہ باتوں کو چھوڑ دینا اس کے اچھے مسلمان ہونے کی دلیل ہے۔

(ترمذی ابواب الزهد باب ماجاء فيمن تكلم فيمالايعنيه ح۔٢٣١٧۔امام نووی نے حسن کہا)

## صدقہ واپس لینا

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے ایک شخص کو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لئے ایک گھوڑا دیا۔ اس نے (اس کی دیکھ بھال نہ کر کے) اسے خراب کر دیا۔ میں نے اسے اس سے خریدنے کا ارادہ کیا۔ میرا خیال تھا کہ وہ اسے معمولی سی قیمت پر بیچ دے گا۔ میں نے نبی اکرم ﷺ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا اسے نہ خریدو اور اپنا صدقہ واپس نہ لو اگرچہ وہ تمہیں ایک درہم میں دے دے۔ صدقہ واپس لینے والا اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کتے کی طرح ہے جو قے کر کے قے کو چاٹ لیتا ہے۔

(بخاری کتاب الزکاة باب هل یشتری صدقته -ح-١٤٩٠-مسلم کتاب المساقاة باب کراهة شراء الانسان ماتصدق به-ح-١٦٢٠)

## دکھلاوے کے لئے عمل

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص دکھلاوے کے لئے کوئی عمل کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن رسوا کرے گا۔ اور جو کوئی نیک عمل لوگوں کی نظروں میں بڑا بننے کے لئے کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے چھپے عیبوں کو لوگوں کے سامنے ظاہر کر دے گا۔

(بخاری کتاب الرقاق باب الریاء والسمعة -ح-٦٤٩٩-مسلم:کتاب الزهد باب تحریم الریاء-ح-٢٩٨٧)

## لوگوں کا تعریف کرنا

رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا گیا۔ کہ آدمی نیک عمل کرتا ہے اور لوگ اس پر اس کی تعریف کرتے ہیں (کیا یہ ریاکاری تو نہیں)۔ آپ نے فرمایا یہ مومن کے لئے پیشگی خوشخبری ہے۔ (مسلم کتاب البر باب اذا اثنی علی الصالح-ح-٢٦٤٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# گندے اور قبیح اخلاق

## زبان کی حفاظت

سیدنا سفیان بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا "یا رسول اللہ! مجھے ایسی بات بتلایئے جس کو میں مضبوطی سے پکڑ لوں۔ آپ نے فرمایا کہو میرا رب اللہ ہے پھر اس پر جم جاؤ۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ سب سے زیادہ خطرے والی چیز کیا ہے؟ آپ نے اپنی زبان پکڑی پھر فرمایا یہ زبان۔

(ترمذی ابواب الزهد باب ماجاء فی حفظ اللسان ح۔٢٤١٠۔ امام ترمذی نے صحیح کہا ہے)

آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھے زبان اور شرم گاہ کی حفاظت کی ضمانت دے میں اس کے لئے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

(بخاری کتاب الرقاق باب حفظ اللسان ح۔٦٤٧٤)

رسول اللہ ﷺ نے اپنی زبان پکڑی اور فرمایا اس کو قابو میں رکھ۔ معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کیا ہم زبان کے ذریعے جو گفتگو کرتے ہیں اس پر بھی ہماری گرفت ہوگی۔ آپ نے فرمایا۔ لوگ اپنی زبان کی وجہ سے جہنم میں جائیں گے۔ (ترمذی ابواب الایمان باب ماجاء فی حرمة الصلاة ح۔٢٦١٦۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جھوٹ بولنا منافق کی نشانی ہے

آپ ﷺ نے فرمایا "منافق کی چار نشانیاں ہیں۔جس میں وہ چاروں ہوں گی وہ خالص منافق ہے اور جس میں ان میں سے کوئی ایک خصلت ہوگی اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی۔

۱۔ بات کہے تو جھوٹ بولے۔

۲۔ وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے۔

۳۔ امانت رکھی جائے تو خیانت کرے۔

۴۔ جب جھگڑے تو بدزبانی کرے۔

(بخاری کتاب الایمان باب علامات المنافق ح.۳٤.مسلم:کتاب الایمان باب خصال المنافق ح.۵۸)

## جھوٹا خواب بیان کرنا ٹوہ لگانا اور تصویر بنانے کی مذمت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ایسا خواب بیان کرے جو اس نے نہیں دیکھا تو قیامت کے دن اسے مجبور کیا جائے گا کہ وہ جو کے دو دانوں کے درمیان گرہ لگائے اور یہ ہرگز نہیں کر سکے گا۔ جو شخص ایسے لوگوں کی بات سننے کے لئے ان کی طرف کان لگائے جو اس کے لئے اس کو ناپسند کرتے ہوں تو قیامت کے دن اس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔

جو شخص (کسی جاندار کی) تصویر بنائے تو اسے عذاب دیا جائے گا اور اسے مجبور کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے گا کہ وہ اس میں روح پھونکے جب کہ وہ اس میں روح نہیں پھونک سکے گا۔

(بخاری کتاب التعبیر باب من کذب فی حلمه ۔ح۔۷۰۴۲)

## سوکن کو غلط تاثر دینے کی ممانعت

ایک عورت نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میری ایک سوکن ہے۔ کیا مجھے اس بات سے گناہ ہوگا اگر میں یہ ظاہر کروں کہ مجھے خاوند کی طرف سے خوب مل رہا ہے جب کہ مجھے وہ چیزیں نہیں دیتا؟ تو آپ نے فرمایا جو چیز اس کو نہیں دی گئی اس کا جھوٹ موٹ اظہار کرنے والا جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے۔ (بخاری کتاب النکاح باب المتشبع بمالم ینل۔ح۔۵۲۱۹۔مسلم:کتاب اللباس والزینة باب النهی عن التزویر فی اللباس۔ح۔۲۱۳۰)

## رسول اللہ ﷺ کا خواب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے آج رات خواب دیکھا دو آدمی میرے پاس آئے اور مجھے ایک مقدس زمین میں لے گئے۔ میں نے دیکھا کہ ایک آدمی بیٹھا ہے اور ایک آدمی کھڑا ہے جس کے ہاتھ میں لوہے کی ایک درانتی ہے وہ اس درانتی سے بیٹھے ہوئے شخص کے جبڑے' نتھنے' اور آنکھ کو چیرتا ہے یہاں تک کہ درانتی اس کی گدی تک پہنچ جاتی ہے اس کے بعد دوسرے جبڑے کے ساتھ وہ ایسا کرتا ہے اتنی دیر میں اس کا پہلا جبڑا ٹھیک ہوجاتا ہے۔ پھر وہ دوبارہ پہلے جبڑے کو چیرتا ہے مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ یہ جھوٹ بولتا تھا' جھوٹی باتیں بیان کرتا تھا۔ اور جھوٹی باتیں اس سے نقل کی جاتیں تھیں۔ یہاں تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ اطراف عالم میں پھیل جاتی تھیں۔اس کے ساتھ قیامت تک ایسا ہی ہوگا۔پھر آپ نے ایک شخص کو دیکھا جو چت لیٹا ہوا تھا۔ایک شخص اس کے سرہانے پتھر لیے کھڑا تھا۔اس پتھر سے وہ آدمی لیٹے ہوئے شخص کا سر کچل دیتا تھا۔پتھر لڑھک کر دور چلا جاتا۔مارنے والا اسے لینے جاتا ہے اتنی دیر میں اس کا سر ویسا ہی ہو جاتا تھا پھر وہ دوبارہ اسے مارتا تھا۔مجھے بتایا گیا ہے کہ یہ وہ شخص ہے جسے اللہ نے قرآن کا علم دیا تھا۔مگر وہ رات کو اس سے غافل ہو کر سو جاتا تھا۔اور دن کو بھی اس پر عمل نہیں کرتا تھا۔اس کے ساتھ بھی قیامت تک ایسا ہوتا رہے گا۔پھر آپ نے زنا کاروں کو دیکھا جو ایک تنور میں تھے جس کا منہ تنگ اور پیندا چوڑا تھا۔تنور میں بڑا شور ہو رہا تھا۔چیخنے چلانے کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں جب آگ بھڑکتی تھی تو وہ اوپر اٹھ جاتے تھے یہاں تک کہ نکلنے کے قریب ہو جاتے تھے جب آگ ہلکی ہوتی تھی تو وہ واپس گڑھے کی تہ میں لوٹ جاتے تھے۔پھر آپ نے سود خور کو دیکھا جو خون کی نہر کے بیچ میں تھا۔ایک آدمی نہر کے کنارے پر تھا۔اس کے سامنے کچھ پتھر پڑے ہوئے تھے۔جب نہر کے اندر کا آدمی باہر نکلنا چاہتا تو وہ اس کے منہ پر پتھر کھینچ مارتا تھا۔پس وہ پھر ندی میں لوٹ جاتا۔اس طرح جب وہ دوبارہ باہر نکلنا چاہتا تو وہ شخص اسے پھر پتھر کھینچ مارتا اور اسے وہیں واپس کر دیتا۔

(بخاری کتاب التعبیر باب تعبیر الرویابعد صلاۃ الصبح-ح-۷۰۴۷)

## جھوٹ بولنا کبیرہ گناہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑے گناہ نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بتاؤں ۔آپ نے فرمایا۔اللہ کے ساتھ شرک' والدین کی نافرمانی اور جھوٹ بولنا۔آپ ﷺ برابر اس کو دہراتے رہے۔

(بخاری کتاب الشهادات باب ماقيل فی شهادة الزور۔ح۔۲٦٥٣)

## غیبت کا بیان

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کیا تم جانتے ہو غیبت کیا ہے۔صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتا ہے۔آپ نے فرمایا اپنے بھائی کا ایسے انداز میں ذکر کرنا جسے وہ پسند نہ کرے۔عرض کی کہ اگر میرے بھائی میں وہ چیز موجود ہو جس کا میں ذکر کروں؟ آپ نے فرمایا اگر اس میں وہ بات موجود ہے تو تو نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ بات اس میں نہیں ہے جو تو نے اس کی بابت بیان کی تو تو نے اس پر بہتان باندھا۔

(مسلم کتاب البر باب تحريم الغيبة ۔ح۔۲٥٨٩)

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم ﷺ سے آپ کی دوسری بیوی صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پستہ قد ہونے کا ذکر کیا۔آپ نے فرمایا اے عائشہ تو نے ایسی بات کہی کہ اگر اسے سمندر کے پانی میں ملا دیا جائے تو اس کا ذائقہ بھی بدل جائے۔

۔ابو داؤد ۔کتاب الادب باب الغيبة ۔ح۔٤٨٧٥۔ترمذی ۔ابواب صفة القيامة باب تحريم الغيبة۔ح۔۲٥٠۲)(امام ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے

آپ نے فرمایا معراج کی رات میرا گزر ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے چہروں اور سینوں کو نوچ رہے تھے۔جبرائیل علیہ السلام نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو غیبت کر کے لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزتوں کو پامال کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تھے۔ (ابوداؤد کتاب الادب باب الغیبۃ۔ح۔٤٨٧٨)

## کسی کی غیبت سننا بھی حرام ہے

آپ ﷺ نے فرمایا۔ جس شخص نے اپنے مسلم بھائی کی عزت کا دفاع کیا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرہ سے جہنم کی آگ دور کرے گا۔ (ترمذی ابواب البر والصلة باب ماجاء فی الذب عن عرض المسلم۔ح۔١٩٣١۔ امام ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے)

## برے کردار کے حامل کی غیبت

برے کردار کے حامل کی غیبت کرنا جائز ہے تا کہ وہ لوگوں کے دین و دنیا کا نقصان نہ کر سکے۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نے نبی رحمت ﷺ سے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے فرمایا اس کو اجازت دے دو۔ یہ اپنے خاندان کا برا آدمی ہے' پھر وہ شخص آیا آپ اس سے خندہ پیشانی اور تپاک سے ملے۔ جب وہ چلا گیا تو عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی کہ آپ برے شخص سے خندہ پیشانی سے کیوں ملے۔ آپ نے فرمایا" اے عائشہ تم نے مجھے بدکلامی کرتے کب دیکھا ہے۔ اللہ کے نزدیک قیامت کے دن سب سے بدتر وہ شخص ہوگا جس کے شر سے بچنے کے لیے لوگ اس سے ملنا بند کر دیں۔ (بخاری کتاب الادب باب مایجوز من اغتیاب اهل الفساد ح۔٦٠٥٤۔ مسلم: کتاب البر باب مداراة من یتقی فحشه۔ح۔٢٥٩١)

## شادی کی خواہش رکھنے والوں کو ایک دوسرے کے حالات بتانے کی اجازت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے نبی اکرم ﷺ سے کہا کہ ابوجہم اور معاویہ دونوں نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا معاویہ مفلس آدمی ہے اس کے پاس مال نہیں ہے۔ ابوجہم لاٹھی ہی اپنے کندھے سے نہیں رکھتا (عورتوں کو مارتا ہے یا کثرت سے سفر کرتا ہے)۔

(بخاری کتاب النفقات باب نفقة المرأة اذا غاب عنها زوجها ۔ح۔۵۳۵۹۔مسلم :کتاب الاقضية باب قضية هند۔ح۔۱۷۱۴)

## مفتی کے پاس مسئلہ پوچھنے کے لئے غیبت کرنا جائز ہے

ہند زوجہ ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنھما نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ ابوسفیان بخیل آدمی ہیں۔ وہ مجھے اتنا خرچہ بھی نہیں دیتے کہ مجھے اور میرے بچوں کو کافی ہو جائے۔ کیا میں ان کے علم کے بغیر ان کے مال میں سے کچھ مال لے لوں۔ آپ نے فرمایا تم دستور کے مطابق اتنا مال لے لیا کرو جو تمہیں اور تمہارے بچوں کو کافی ہو جائے۔

(بخاری کتاب النفقات باب نفقة المرأة اذا غاب عنها زوجها ۔ح۔۵۳۵۹۔مسلم :کتاب الاقضية باب قضية هند۔ح۔۱۷۱۴)

## چغلی حرام ہے

آپ ﷺ نے فرمایا چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔

(بخاری کتاب الادب باب مایكره من النميمة ۔ح۔۶۰۵۶۔مسلم:کتاب الایمان باب غلظ تحريم النميمة۔ح۔۱۰۵)

نبی رحمت ﷺ کا دو قبروں کے پاس سے گزر ہوا آپ نے فرمایا ان کو عذاب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہورہا ہے۔ اور یہ عذاب کسی بڑی بات پر نہیں ہورہا (پھر فرمایا) کیوں نہیں وہ بڑی بات ہی ہے۔ ان میں سے ایک چغلی کیا کرتا تھا اور دوسرا پیشاب کے چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا۔

(بخاری کتاب الوضوء باب من الكبائر ان لا يستتر من بوله ح۔٢١٦۔مسلم:كتاب الطهارة باب الدليل على نجاسة البول ح۔٢٩٢)

## دورُخے شخص کی مذمت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگوں میں سب سے بدتر دورخہ شخص ہے جو ایک گروہ کے پاس ایک رخ لے کر جاتا ہے اور دوسرے گروہ کے پاس دوسرا رخ۔

(بخاری اوائل كتاب المناقب ح۔٣٤٩٣،٣٤٩٤۔مسلم:كتاب فضائل الصحابة باب خيار الناس ح۔٢٥٢٦)

لوگوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے عرض کیا کہ ہم اپنے حکمرانوں کے پاس جاتے ہیں تو ان سے ایسی باتیں کرتے ہیں جو ان باتوں سے مختلف ہوتی ہیں جو ہم ان کے پاس سے باہر نکل کر کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہم ایسے رویئے کو رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں (عملی) نفاق شمار کرتے تھے۔

(بخاری کتاب الاحكام باب مايكره من ثناء السلطان ح۔٧١٧٨)

## بغیر تحقیق بیان کی ممانعت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ جو سنے (بغیر تحقیق کئے) بیان کردے۔

(مسلم المقدمة باب النهي عن الحديث بكل ما سمع ح۔٥٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مومن پر لعنت کرنا حرام ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن پر لعنت کرنے کا گناہ اس کو قتل کرنے کے برابر ہے۔

(بخاری کتاب الایمان والنذر باب من حلف بملة سوی ملة الاسلام۔ح۔٦٦٥٢۔مسلم:کتاب الایمان باب غلظ تحریم قتل الانسان نفسه۔ح۔١١٠)

آپ نے فرمایا مومن لعن طعن کرنے والا نہیں ہوتا۔

(مسلم کتاب البر باب النهی عن لعن الدواب وغیرها۔ح۔٢٠٩٧)

آپ نے فرمایا۔ لعن طعن کرنے والے قیامت کے دن نہ سفارشی ہوں گے اور نہ گواہ۔ (مسلم کتاب البر باب النهی عن لعن الدواب وغیرها۔ح۔٢٠٩٨)

آپ نے فرمایا مومن طعنہ زنی کرنے والا، لعنت کرنے والا، فحش بکنے والا، فضول گوئی اور زبان درازی کرنے والا نہیں ہوتا۔

(ترمذی ابواب البر باب ماجاء فی اللعنة۔ح۔١٩٧٧۔ امام ترمذی نے حسن، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## کسی کا نام لئے بغیر بعض گناہوں کے کرنے والوں پر لعنت جائز ہے

رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی۔

۱۔ سود خور پر۔

۲۔ تصویر بنانے والے پر۔

۳۔ چور پر چاہے وہ انڈے کی چوری کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۴۔ ان عورتوں پر جو دوسروں کے بال اپنے بالوں کے ساتھ ملاتی ہیں

۵۔ اللہ کے سوا کسی اور کے لئے جانور ذبح کرنے والے پر۔

۶۔ جو مدینہ میں کوئی بدعت ایجاد کرتا ہے یا کسی بدعتی کو پناہ دیتا ہے۔

۷۔ ان یہودیوں پر جنھوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو عبادت گاہ بنالیا۔

۸۔ جو زمین کی حدوں میں ردو بدل کرتا ہے۔

۹۔ جو اپنے ماں باپ پر لعن طعن کرتا ہے۔

۱۰۔ ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔ (یہ مختلف روایات بخاری، مسلم میں ہیں)

## مسلمان کو گالی دینا گناہ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس کا قتل کرنا کفر ہے۔

(بخاری کتاب الادب باب ماینهی من السباب واللعن -ح-٦٠٤٤-مسلم:کتاب الایمان باب قول النبی سباب المسلم فسوق-ح-٦٤)

آپ نے فرمایا آپس میں گالی دینے والے دو شخص جو کچھ ایک دوسرے کو کہیں گے اس کا گناہ ابتداء کرنے والے کو ہوگا۔ یہاں تک کہ مظلوم زیادتی کرے۔

(مسلم کتاب البر باب النهی عن الشحناء-ح ٢٥٦٥ -ح-٢٥٨٧)

## مسلمان کو کافر کہنے کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے کسی آدمی کو کافر یا اللہ کا دشمن کہہ کر پکارا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگر وہ ایسا نہ ہوا تو بات کہنے والے کی طرف لوٹ جائے گی۔

(بخاری کتاب الادب باب من کفر اخاہ من غیر تاویل ۔ح۔٦١٠٤۔مسلم :کتاب الایمان باب بیان حال ایمان من قال لاخیہ المسلم یا کافر۔ح۔٦٠)

## شرابی پر لعنت کرنا منع

نبی رحمت ﷺ کے پاس ایک شرابی لایا گیا آپ نے فرمایا اسے مارو جب وہ مار کھا کر جانے لگا تو ایک صحابی نے کہا۔ اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے بار بار یہی حرکت کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا اس طرح مت کہو اس کے خلاف شیطان کی مدد مت کرو۔ اس پر لعنت نہ بھیجو اللہ کی قسم وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے۔

(بخاری کتاب الحدود باب مایکرہ من لعن شارب الخمر۔ح۔٦٧٨١)

معلوم ہوا ایک مسلمان کا دوسرے گنہگار مسلمان پر لعنت کرنا یا ذلت ورسوائی کی بددعا دینا شیطان کے مشن کی تکمیل ہے۔

## قطع تعلقی کی ممانعت

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔ نہ باہم حسد کرو۔ نہ ایک دوسرے کو پیٹھ دکھاؤ (ایک دوسرے سے کنی کترا کر مت گزرو) نہ آپس میں تعلق منقطع کرو۔ اللہ کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ۔ کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ بول چال چھوڑے رکھے۔

(بخاری کتاب الادب باب ماینھی عن التحاسد ۔ح۔٦٠٦٥۔مسلم:کتاب البر باب ماینھی عن التحاسد۔ح۔٢٥٥٩)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ نے فرمایا پیر اور جمعرات کے روز جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں پس ہر اس بندے کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو۔ سوائے اس آدمی کے کہ اس کے اور اس کے بھائی کے درمیان دشمنی ہو پس کہا جاتا ہے ان دونوں کو مہلت دے دو یہاں تک کہ صلح کر لیں۔

(مسلم کتاب البر باب النہی عن الشحناء ح۔ ۲۵۶۵)

## تین دن سے زائد قطع تعلقی کی سزا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ تین دن سے زیادہ اپنے بھائی سے تعلق منقطع رکھے۔ پس جو شخص تین دن سے زائد تعلق منقطع رکھے گا اور اگر اسی حالت میں اسے موت آ گئی تو وہ جہنم میں جائے گا۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فیمن یہجر اخاہ المسلم ح۔ ٤٩١٤۔ امام نووی نے صحیح کہا)

آپ نے فرمایا جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے ایک سال تک تعلق منقطع رکھے گا اس کا یہ عمل اس کو قتل کرنے کے برابر ہے۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب من هجر اخاه سنة ح۔ ٤٩١٥۔ حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا ہے)

## مسلمانوں کے عیبوں کی تلاش منع

آپ نے فرمایا اگر تو مسلمانوں کے عیب تلاش کرے گا تو تو ان کے اندر بگاڑ پیدا کر دے گا اور قریب ہے کہ تو ان کے اندر فساد پیدا کر دے۔

(ابو داؤد۔ کتاب الادب باب النہی عن التجسس ح۔ ٤٨٨٨۔ ابن حبان اور نووی نے صحیح کہا ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بدگمانی کی ممانعت

آپ نے فرمایا بدگمانی سے بچو اس لئے کہ بدگمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے۔ (بخاری کتاب النکاح باب لایخطب علی خطبة اخیه حتی ینکح اویدع ح۔۵۱۴۳۔مسلم:کتاب البر باب تحریم ظلم المسلم وخذله ح۔۲۵۶۳)

## تکبر کی ممانعت

آپ نے فرمایا وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں رائی کے برابر بھی تکبر ہوگا۔ایک صحابی نے عرض کیا۔ایک آدمی اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا کپڑا اچھا ہو اس کی جوتی اچھی ہو (کیا یہ بھی تکبر ہے؟) آپ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے۔خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔تکبر یہ ہے کہ تو حق کا انکار کرے اور لوگوں کو حقیر سمجھے۔ (مسلم کتاب الایمان باب تحریم الکبر وبیانه ح۔۹۱)

## عبادت پر گھمنڈ کرنا منع ہے

آپ نے فرمایا۔ایک آدمی نے کہا اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ فلاں شخص کو نہیں بخشے گا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا کون ہے جو مجھ پر اس بات کی قسم کھاتا ہے کہ میں فلاں شخص کو نہیں بخشوں گا۔بے شک میں نے اس کو بخش دیا اور تیرا عمل میں نے برباد کر دیا۔

(مسلم کتاب البر باب النهی عن تقنیط الانسان من رحمة اللّٰه ح۔۲۶۲۱)

## قومیت کی پکار خبیث پکار ہے

مہاجرین میں ایک شخص بہت ہی ظریف الطبع تھا۔اس نے مذاق میں ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



انصاری کی پیٹھ پر تھپڑ مار دیا۔انصاری کو غصہ آ گیا۔اس نے انصار کو آواز دی۔اس مہاجر نے مہاجرین کو آواز دی۔رسول اللہ ﷺ یہ آوازیں سن کر اپنے خیمہ سے باہر تشریف لائے۔آپ نے فرمایا ''یہ ایام جاھلیت کی سی پکار کیسی؟ یہ لوگوں کا کیا حال ہے؟ صحابہ کرام نے آپ کو پوری بات سنائی آپ نے فرمایا۔اس پکار کو ترک کر دو۔یہ خبیث پکار ہے۔

(بخاری کتاب المناقب باب ماینهی من دعوة الجاهلية۔ح۔۳۵۱۸۔مسلم:کتاب البر والصلة باب نصر الاخ ظالما او مظلوما۔ح۔۲۵۸٤)

## نسب میں طعن کرنا حرام ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔دو چیزیں لوگوں میں ایسی ہیں جو ان کے کفر کا باعث ہیں،نسب میں طعن کرنا اور فوت شدہ پر بین کرنا۔

(مسلم کتاب الایمان باب اطلاق اسم الکفر علی الطعن۔ح۔٦٧)

## احسان جتلانے کی سزا

آپ نے فرمایا تین آدمیوں سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نہ کلام کرے گا۔نہ (رحمت کی نظر) سے دیکھے گا۔اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔آپ نے تین بار فرمایا ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانے والا۔احسان کر کے احسان جتلانے والا اور اپنا سامان جھوٹی قسم کے ذریعے بیچنے والے۔(مسلم کتاب الایمان باب غلظ تحريم اسبال الازار والمن بالعطية۔ح۔١٠٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دو آدمیوں کی سرگوشی منع ہے

آپ نے فرمایا جب تین آدمی ہوں تو تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی آپس میں سرگوشی نہ کریں۔ یہاں تک کہ تم لوگوں میں مل جاؤ اس لئے کہ ایسا کرنا تیسرے آدمی کو غمگین بنادے گا۔ (بخاری کتاب الاستیذان باب اذا کانوا اکثر من ثلاثة فلا باس۔ح۔٦٢٩٠۔مسلم :کتاب السلام باب تحریم مناجاة الاثنین دون الثالث۔ح۔٢١٨٤)

چوری

رسول اللہ ﷺ کے سامان پر ایک آدمی ''کرکرہ'' مقرر تھا۔ وہ مرگیا تو آپ نے فرمایا وہ جہنم میں ہے۔ صحابہ اسے دیکھنے گئے۔ انہوں نے اس کے پاس ایک عبا دیکھی جسے اس نے مال غنیمت میں سے چرایا تھا۔

(بخاری کتاب الجهاد باب القلیل من الغلول۔ ح۔٣٠٧٤)

جنگ خیبر میں ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بہادری سے لڑکر مرجانے والے شخص کو شہید کیا۔ آپ نے فرمایا۔ ہرگز نہیں میں نے ایک چادر کی وجہ سے جو اس نے چوری کی تھی اسے جہنم میں دیکھا۔

(مسلم کتاب الایمان باب غلظ تحریم الغلول وانه لا یدخل الجنة الاالمومنون۔ ح۔١١٤)

مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ خبردار بے شک اللہ نے تم پر تمہارا خون اور مال حرام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کردیا۔ دیکھو میرے بعد تم کافر نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔

بخاری کتاب المغازی باب حجته الوداع ۔ح۔ ٤٤٠٣۔ مسلم: کتاب الایمان باب بیان معنی قول النبی ﷺ لا ترجعوابعدی کفاراً۔ح۔ ٦٥)

## زمین پر ناجائز قبضے کی سزا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے ایک بالشت کے برابر زمین ہتھیا کر کسی پر ظلم کیا تو اسے سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔

( مسلم کتاب البیوع باب تحریم الظلم وغصب الارض ۔ح۔ ١٦١٢)

آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے لیکن پھر جب اس کی گرفت فرماتا ہے تو اسے نہیں چھوڑتا۔

(بخاری کتاب التفسیر سورۃ ھود ٤٦٨٦ مسلم :کتاب البرباب تحریم ظلم۔ ح۔ ٢٥٨٣)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص بھی ناجائز طریقہ سے کسی کی زمین پر قبضہ کرے گا تو وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا۔

(مسلم :کتاب الایمان باب وعید من اقتطع حق مسلم۔ح۔١٣٩)

## قاضی کے فیصلہ سے ناجائز حق لینے والے کے لئے آگ ہے

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا بے شک میں انسان ہوں تم میرے پاس جھگڑے لے کر آتے ہو۔ تم میں سے بعض اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے فریق سے زیادہ تیز اور چرب زبان ہوتے ہیں۔ پس میں جو کچھ سنوں گا اس کے مطابق فیصلہ دے دوں گا۔ اگر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں کسی شخص کو اس کے بھائی کا حق یا حصہ دے دوں تو میں اسے جہنم کی آگ کا ٹکڑا دے رہا ہوں۔(بخاری کتاب الاحکام باب موعظة الامام للخصوم ۔ح۔۷۱۶۹۔مسلم :کتاب الاقضية باب الحکم بالظاهر واللحن بالحجة ۔ح۔۱۷۱۳)

معلوم ہوا کہ قاضی کا فیصلہ اگر چہ ظاہر میں نافذ ہوگا مگر غلط فیصلہ کی بنا پر غیر حق دار کو ملنے والی چیز اس کے لینے والے کے لیے باعث عذاب ہوگی۔

## خاندانی عزت پر اترانے کی بجائے اعمالِ صالحہ کی ضرورت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس کے عمل میں کوتاہی ہے اس کا نسب (خاندانی عزت وشرافت) اس کے کچھ کام نہیں آئے گا۔

(مسلم:کتاب الدعوات باب فضل الاجتماع علی تلاوة القرآن ۔ح۔۲۶۹۹)

## بخل اور حرص کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ظلم کرنے سے بچو اس لئے کہ ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا سبب ہوگا۔ بخل اور حرص سے بچو اس لئے کہ اس نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا۔ انہوں نے ایک دوسرے کا خون بہایا اور حرام کردہ چیزوں کو حلال سمجھا۔

(مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم الظلم ۔ح۔۲۵۷۸)

آپ نے فرمایا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نہیں دیکھے گا جو اپنی تہ بند کو فخر و غرور سے ٹخنوں سے نیچے گھسیٹتا ہوا چلے۔(بخاری کتاب اللباس باب من جر ازاره من خيلاء۔ح۔۵۷۸۸۔مسلم :کتاب اللباس باب تحریم جر الثوب خيلا ۔ح۔۲۰۸۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## غصہ شیطانی حرکت ہے

دو آدمی ایک دوسرے کو گالی گلوچ کر رہے تھے۔ ان میں سے ایک کا چہرہ (غصہ سے) سرخ ہو گیا۔ اس کی رگیں پھول گئیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر یہ

﴿ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴾

(میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ پکڑتا ہوں) پڑھ لے تو اس کا غصہ دور ہو جائے گا۔

(بخاری کتاب الادب باب الحذر من الغضب ـح۔٦١١٥)

آپ نے فرمایا اصل طاقت ور پہلوان وہ ہے' جو شخص غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔

(بخاری کتاب الادب باب العذر من الغضب ـح۔٦١١٤۔مسلم :کتاب البر باب فضل من يملك نفسه عند الغضب.ح۔٢٦٠٩)

آپ نے فرمایا جو شخص غصہ کو پی جائے جب کہ وہ اسے نافذ کرنے پر قادر بھی ہو تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے بلائے گا اور اسے کہے گا کہ وہ جس موٹی آنکھوں والی حور کو چاہے اپنے لئے پسند کر لے۔

(ابوداؤد کتاب البر والصلة باب فی مظم الغیظ۔ح۔٢٠٢١ ترمذی) امام ترمذی نے حسن کہا)

## ظالموں کی ہم نشینی کی ممانعت

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ برے ساتھی کی مثال ایسی ہے جیسے آگ کی بھٹی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھٹی دھونکنے والا یا تو تیرے کپڑے جلائے گا یا دھویں کی بدبو دے گا۔ (بخاری ومسلم)

آپ نے فرمایا کہ خانہ کعبہ پر حملہ کی نیت سے ایک لشکر جائے گا۔ جب وہ مقام بیداء پر پہنچے گا تو اس کے اول آخر سب کے سب زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے۔ ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا کہ ان میں تو عام لوگ اور تاجر بھی ہونگے پھر سب کو کیوں دھنسا دیا جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ ان کے اول آخر سب دھنسا دیئے جائیں گے پھر قیامت کے دن ان سے معاملہ ان کی نیت کے مطابق کیا جائے گا۔

(بخاری کتاب البیوع باب ماذکر فی الاسواق.ح.۲۱۱۸.مسلم :کتاب الفتن باب الخسف بالجیش الذی یؤم البیت.ح.۲۸۸٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# جانوروں کے بارے میں احکامات

## جانوروں پر لعنت کرنا منع ہے

ایک دفعہ ایک نوجوان لڑکی ایک اونٹنی پر سوار تھی۔ اس پر لوگوں کا سامان تھا۔ اس لڑکی نے اونٹ کی رفتار تیز کرنے کے لئے اسے ڈانٹا اور کہا اے اللہ اس پر لعنت فرما۔ نبی رحمت ﷺ نے سنا تو فوراً فرمایا اس اونٹنی پر جو سامان لدا ہوا ہے۔ وہ اتار لو اور اسے چھوڑ دو وہ اونٹنی ہمارے ساتھ نہ رہے جس پر لعنت کی گئی ہے۔

(مسلم کتاب البر باب النهی عن لعن الدواب وغيرها ـ ح۔٢٥٩٦)

## بلی کو قید کرنے کی بنا پر عذاب

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ ایک عورت کو بلی کی وجہ سے عذاب دیا گیا۔ اس نے اسے قید کر دیا حتیٰ کہ وہ مر گئی پس وہ اس کی وجہ سے جہنم میں گئی۔ نہ اس نے اسے کھلایا پلایا اور نہ اسے اس نے چھوڑا کہ وہ خود زمین کے کیڑے مکوڑے کھا لیتی۔

(بخاری کتاب المساقات باب فضل سقی الماء ۔ح۔٢٣٦٥۔مسلم:کتاب السلام باب تحريم قتل الهرة ۔ح۔٢٢٤٢)

## جانور کے چہرہ کو داغنہ منع

نبی اکرم ﷺ نے ایک گدھا دیکھا جس کے چہرے کو داغا ہوا تھا۔ آپ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے اسے داغا ہے' رسول اللہ نے چہرے پر مارنے اور چہرے کو داغنے سے منع فرمایا۔ (مسلم کتاب اللباس باب النهی عن ضرب الحیوان فی وجهه وسمه فیه ۔ح۔۲۱۱۷۔۲۱۱۸)۔

## پرندوں کو ایذا پہنچانے کی ممانعت

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے ایک سرخ پرندہ کے دو بچوں کو پکڑ لیا۔ وہ پرندہ ہمارے گرد منڈلانے لگا۔ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا اس پرندے کو اس کے بچوں کی وجہ سے کس نے تکلیف پہنچائی۔ اسے اس کے بچے لوٹا دو۔ آپ نے چیونٹیوں کی ایک بستی دیکھی جس کو ہم نے جلا دیا تھا۔ آپ نے فرمایا آگ کا عذاب دینا تو اللہ ہی کو لائق ہے۔ (ابوداؤد' کتاب الجهاد' باب کراهیة حرق العدو بالنار ۔ح۔۲۶۷۵۔ حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا ہے)

## جانوروں کے ساتھ احسان کرنا بھی نیکی ہے

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ایک آدمی کو پیاس لگی اس نے کنواں دیکھا۔ اس نے اتر کر پانی پیا اور باہر آ گیا۔ اس نے ایک کتا دیکھا جو پیاس کے مارے کیچڑ چاٹ رہا تھا۔ وہ دوبارہ کنویں میں اترا اور کتے کو پانی پلایا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے عمل کی قدر کی اور اسے بخش دیا اور جنت میں داخل کر دیا۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا جانوروں پر ترس کھانے میں بھی اجر ہے۔ آپ نے فرمایا ہر جاندار کی دیکھ بھال میں اجر ہے۔ (بخاری' کتاب المساقلة باب فضل سقی الماء ۔ح۔۲۳۶۳۔ مسلم :کتاب السلام باب فضل ساقی البهائم المحترمة واطعامها ۔ح۔۲۲۴۴)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سفر میں کتا لے جانا منع

آپ نے فرمایا (رحمت کے) فرشتے اس قافلے کے ساتھ نہیں ہوتے جس میں کوئی کتا یا گھنٹی (جانور کی گردن میں لٹکا ہوا گھنگرو) ہو۔ (مسلم کتاب اللباس والزینة باب کراھة الکلب والجرس فی السفر۔ح۔۲۱۱۳)

آپ نے فرمایا گھنٹی (یا گھنگرو) شیطان کے باجے ہیں۔ (مسلم۔کتاب اللباس والزینة باب کراھة الکلب والجرس فی السفر ۔ح۔۲۱۱٤)

ایک دن جبریل علیہ السلام نے نبی اکرم ﷺ سے ایک مقررہ وقت پر آنے کا وعدہ کیا۔ لیکن نہ آئے۔ آپ کے پاس ایک عصا تھا۔ آپ نے اسے نیچے ڈال دیا اور فرمایا اللہ اور اس کے فرشتے وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ پھر آپ نے دیکھا کہ ایک پلا اور کتا پلنگ کے نیچے بیٹھے ہیں۔ آپ نے فرمایا اے عائشہ یہ کتا یہاں کب آیا۔ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا اللہ کی قسم مجھے معلوم نہیں۔ آپ نے انہیں نکالنے کا حکم دیا۔ پھر جبریل آئے آپ نے فرمایا تم نے مجھ سے وعدہ کیا تھا۔ میں تمہارے انتظار میں بیٹھا رہا مگر تم وقت مقررہ پر نہیں آئے۔ جبریل علیہ السلام نے کہا مجھے اس کتے نے روک دیا جو آپ کے گھر میں تھا۔ ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔

(صحیح مسلم کتاب اللباس باب تحریم تصویر صورة الحیوان ۔ح۔۲۱۰٤)

## مرغ کو برا بھلا کہنے کی ممانعت

آپ نے فرمایا مرغ کو برا بھلا نہ کہو اس لئے کہ وہ نماز کے لئے جگاتا ہے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب ماجاء فی الدیک والبھائم ۔ح۔۵۱۰۵۔ ابن حبان نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## کرلے کو مارنے کا حکم

نبی کریم ﷺ نے کرلے کو مارنے کا حکم دیا اور فرمایا یہ ابراہیم علیہ السلام کی آگ پر پھونکیں مارتی تھی۔ (بخاری کتاب بدء الخلق باب خیر مال المسلم ۔ح۔۳۳۰۷)

آپ نے فرمایا جو پہلی چوٹ میں کرلا مارے اس کے لئے سو نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔ دوسری چوٹ میں مارنے پر اس سے کم اور تیسری چوٹ میں مارنے پر اس سے کم

(مسلم کتاب السلام باب استحباب قتل الوزغ۔ح۔۲۲۳۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پردے کے احکام

## مخنث (ہیجڑوں) کا گھروں میں داخلہ منع

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ طائف کے محاصرہ میں ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اس وقت میرے پاس ایک مخنث بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے میرے بھائی عبداللہ بن ابی امیہ سے کہا اے عبداللہ اگر کل اللہ طائف فتح کرا دے تو تم غیلان کی بیٹی کو لے لینا کیونکہ جب وہ سامنے سے آتی ہے تو اس کے پیٹ میں چار شکن پڑتے ہیں اور جب پیٹھ پھیر کر جاتی ہے تو آٹھ شکن پڑتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''مخنث آئندہ کبھی تمہارے پاس نہ آئیں۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ الطائف۔ح۔٤٣٢٤)

## شرم گاہ کی حفاظت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''سُبْحَانَ اللّٰه کہنا نیکی ہے۔ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه) کہنا نیکی ہے۔ نیکی کا حکم دینا نیکی ہے۔ برائی سے روکنا نیکی ہے۔ شرم گاہ کی حفاظت نیکی ہے۔'' ایک صحابی نے عرض کیا ''کیا مرد کا حلال طریقہ سے اپنی جنسی شہوت پوری کرنا بھی نیکی ہے؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''اگر وہ شہوت حرام جگہ سے (بدکاری کرکے) پورا کرتا تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسے گناہ ہوتا۔ پس جو حلال طریقے سے اپنی شہوت پوری کرے گا تو اسے اجر ملے گا۔"

(مسلم الزکوۃ باب بیان ان اسم الصدقۃ یقع علی کل نوع من المعروف ۔ح۔١٠٠٦)

## آنکھ' کان اور زبان کا زنا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا انسان کے لئے اس کے زنا کا حصہ لکھ دیا گیا ہے۔ وہ اسے پائے گا۔ آنکھوں کا زنا (غیر محرم عورت کی طرف) دیکھنا ہے کانوں کا زنا (حرام آواز کا) سننا زبان کا زنا (ناجائز) کلام کرنا ہے۔ ہاتھ کا زنا (ناجائز) پکڑنا اور پاؤں کا زنا (ناجائز کام کی طرف) چل کر جانا ہے۔ دل خواہش اور آرزو کرتا ہے اور شرمگاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کرتی ہے۔

(بخاری کتاب الاستیذان باب زنی الجوارح ۔ح۔٦٢٤٣۔ مسلم: کتاب القدر باب قدر علی ابن آدم حظه من الزنی ۔ح۔٢٦٥٧)

## نگاہ پست رکھو

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ تم راستوں میں بیٹھنے سے بچو۔ صحابہ رضی اللہ عنھم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارے لئے بیٹھے بغیر چارہ نہیں۔ ہم یہاں بیٹھ کر گفتگو کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تم بیٹھے بغیر نہیں رہ سکتے تو راستے کا حق ادا کیا کرو اور وہ یہ ہے نگاہ کو پست رکھنا۔ تکلیف دہ چیزوں کو ہٹا دینا' سلام کا جواب دینا' نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے روکنا۔

(بخاری کتاب المظالم باب افنیة الدور والجلوس علی الصعدات ۔ح۔٢٤٦٥۔ مسلم: کتاب اللباس باب النهی عن الجلوس فی الطرقات ۔ح۔٢١٢١)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اچانک نظر پھیرنے کا حکم

سیدنا جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اچانک نظر پڑنے کے بارے میں سوال کیا۔ آپ نے فرمایا نظر فوراً پھیر لو۔

(مسلم کتاب الادب باب نظر الفجاۃ ح۔۲۱۵۹)

## عورت کا محرم کے بغیر سفر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''کوئی عورت سفر نہ کرے جب تک اس کے ساتھ محرم نہ ہو'' ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ میرا نام فلاں جنگ میں جانے والوں میں لکھ لیا گیا ہے اور میری بیوی حج کرنے جا رہی ہے۔ آپ نے فرمایا تم جاؤ اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کرو۔

(صحیح بخاری کتاب الجهاد والسیر باب من اکتتبت فی جیش فخرجت امرأته حاجة ح۔۳۰۰۶)

## پردہ میں سختی

زمعہ کی لونڈی کے بچہ پیدا ہوا۔ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ یہ میرے بھائی عتبہ کا لڑکا ہے۔ عبد بن زمعہ نے کہا کہ یہ میرے باپ کی لونڈی کا بچہ ہے۔ میرے باپ کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ لہذا میرا بھائی ہے۔ آپ نے فرمایا اے عبد یہ تمہارا بھائی ہے۔ بچہ بستر والے کا اور زانی کے لیے پتھر ہوتے ہیں۔ آپ نے بچے میں عتبہ کی مشابہت دیکھی تو ام المومنین سودہ بنت زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اے سودہ اس لڑکے سے پردہ کیا کرو۔ سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس کے سامنے نہ آئیں یہاں تک کہ اس کی وفات ہوئی۔ (بخاری کتاب البیوع باب تفسیر الشبهات ح۔۲۰۵۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نابینا سے پردہ

سیدہ ام سلمہ اور میمونہ رضی اللہ تعالی عنہما رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں۔ام مکتوم رضی اللہ تعالی عنہ آئے یہ واقعہ پردے کا حکم آ جانے کے بعد کا ہے۔آپ نے فرمایا تم دونوں ان سے پردہ کرو ہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول وہ تو نابینا ہے۔نہ ہمیں دیکھتا ہے نہ پہچانتا ہے آپ نے فرمایا کیا تم بھی نابینا ہو؟ کیا تم اسے نہیں دیکھتیں۔(ابوداؤد کتاب اللباس باب فی قوله (وقل للمؤمنات یغضضن ۔ ح۔۴۱۱۲۔ترمذی۔ابواب الادب ماجاء فی احتجاب النساء ۔ح۔۲۷۷۸۔امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

## کسی کا ستر دیکھنا منع

آپ نے فرمایا کوئی مرد دوسرے مرد کا اور کوئی عورت دوسری عورت کا ستر نہ دیکھے۔کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ اور کوئی عورت دوسری عورت کے ساتھ برہنہ ایک کپڑے میں نہ لیٹے۔(مسلم کتاب الحیض باب تحریم النظر الی العورات ح۔۳۳۸)

## شوہر کے رشتہ داروں سے پردہ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم غیر محرم عورتوں کے پاس جانے سے گریز کرو۔ایک صحابی نے شوہر کے قریبی رشتہ دار (شوہر کا بھائی' بھتیجا یا چچازاد) کی بابت پوچھا آپ نے فرمایا شوہر کے قرابت دار تو موت ہیں۔

(بخاری کتاب النکاح ۔باب لایخلون رجل بامراۃ ۔ح۔۵۲۳۲)(مسلم کتاب السلام باب تحریم الخلوۃ بالاجنبیۃ والدخول علیھا ۔ح۔۲۱۷۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کسی عورت کی خوبیاں آدمی کے سامنے بیان کرنے کی ممانعت

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کوئی عورت دوسری عورت کے اوصاف اپنے خاوند کے سامنے اس طرح بیان نہ کرے گویا کہ وہ اسے دیکھ رہا ہے۔

(بخاری کتاب النکاح باب لاتباشر المرأة۔ح۔۵۲٤۰)

اس سے آدمی دوسری عورت کے حسن و جمال سے متاثر ہو کر فتنہ میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

## نگرانی میں خیانت کی سزا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مجاہدین کی عورتوں کی عزت' پیچھے رہ جانے والوں پر ایسی ہے جیسے ان کی اپنی ماؤں کی عزت' پیچھے رہ جانے والوں میں سے جو شخص مجاہدین میں سے کسی کے گھر والوں کا جانشین بنا پھر اس نے خیانت کی تو قیامت کے دن وہ مجاہد کے سامنے کھڑا کر دیا جائے گا اور وہ اس کی نیکیوں میں سے جتنی نیکیاں چاہے گا لے لے گا۔ یہاں تک کہ وہ راضی ہو جائے گا۔ پھر آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تمہارا کیا خیال ہے۔ (کیا وہ اس کے پاس کوئی نیکی چھوڑے گا)۔

(مسلم کتاب الامارة باب حرمة نساء المجاهدين۔ح۔۱۸۹۷)

## عورتوں کا مردوں کی مشابہت اختیار کرنا

رسول اللہ ﷺ نے عورتوں والا حلیہ اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر اور مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی۔

(بخاری کتاب الحدود باب نفی اهل المعاصی والمخنثين۔ح۔٦٨٣٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ نے اس مرد پر لعنت فرمائی جو عورتوں کا سا لباس پہنتا ہے اور اس عورت پر بھی جو مردوں کا سا لباس پہنتی ہے۔

(ابوداؤد' كتاب اللباس باب لباس النساء ح ٤٠٩٨۔ ابن حبان' حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی عورتیں

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ دو قسم کے جہنمی میں نے نہیں دیکھے (یعنی وہ بعد میں ہوں گے)

۱۔ وہ ظالم لوگ جن کے پاس گائے کے دموں جیسے کوڑے ہونگے جو لوگوں پر (ظلم و ستم کرتے ہوئے) ماریں گے۔

۲۔ ایسی عورتیں جو لباس پہنے ہوئے ہوں گی مگر (بے پردگی اور زیب و زینت کے اظہار کی بنا پر) برہنہ ہوں گی۔ (اپنی چال ڈھال اور ناز و ادا سے) لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی اور خود ان کی طرف مائل ہونے والی ہوں گی۔ ان کے سر (بالوں کے مختلف شائلوں کی وجہ سے) اونٹ کی جھکی ہوئی کوہانوں کی طرح ہوں گے۔ ایسی عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی۔ بلکہ اس کی خوشبو بھی نہ پائیں گی۔

(مسلم كتاب اللباس والزينة باب النساء الكاسيات المائلات المميلات ح ٢١٢٨)

## اگر بدگمانی کا اندیشہ ہو تو وضاحت کی جانی چاہیے

نبی اکرم ﷺ مسجد میں اعتکاف بیٹھے ہوئے تھے ام المومنین صفیہ بنت حی رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ سے ملنے آئیں۔ اتنے میں دو انصاری ادھر سے گزرے۔ جب انہوں نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو تیزی سے جانے لگے آپ نے فرمایا ٹھہرو یہ میری بیوی صفیہ ہے۔ انہوں نے عرض کیا سبحان اللہ اے اللہ کے رسول (ہمیں آپ پر کیا شک ہوسکتا ہے) آپ نے فرمایا شیطان انسان کی رگوں میں اس طرح دوڑتا ہے جیسے خون رگوں میں گردش کرتا ہے۔ مجھے اندیشہ ہوا کہ وہ کہیں تمہارے دلوں میں کوئی بری بات نہ ڈال دے۔

(بخاری کتاب الاعتکاف باب هل یخرج المعتکف لحوائجه الی باب المسجد ح۔۲۰۳۵۔مسلم :کتا ب السلام باب بیان انه یستحب لمن رؤی خالیابامراۃ ۔ح۔۲۱۷۵)

### بوڑھا بدکار

آپ نے فرمایا۔ تین آدمی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت والے دن کلام نہ کرے گا۔ نہ انہیں گناہوں سے پاک کرے گا۔ نہ ان کی طرف رحمت کی نظر سے دیکھے گا اوران کے لئے دردناک عذاب ہے بوڑھا بدکار' جھوٹا بادشاہ' اور مغرور فقیر۔

(مسلم کتاب الایمان باب غلظ تحریم اسبال الازار ۔ح۔۱۰۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اللہ کے منع کردہ احکام

## شیطان کی مشابہت منع

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ نہ پیو۔ اس لئے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔

(مسلم کتاب الاشربة باب اداب الطعام والشراب واحکامھا ۔ح۔۲۰۱۹)

## اہل کتاب سے مشابہت کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

''جو شخص جس قوم کی مشابہت اختیار کرے گا وہ انہی میں سے ہوگا'' (ابوداؤد ۔ح۔۴۰۳۱)

یقیناً مشابہت اختیار کرنے سے آپس میں محبت والفت اور مناسبت وموافقت پیدا ہوتی ہے جو شرعاً حرام ہے اور مسلمانوں میں احساس کمتری بھی اسی وجہ سے ہے۔

## مشرکین کی مخالفت۔ داڑھی بڑھانا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مشرکین کی مخالفت کرو۔ مونچھیں صاف کرو' داڑھیوں کو بڑھاؤ۔ (صحیح بخاری ۔ح۔۵۸۹۳' مسلم ۔ح۔۲۵۹)

## یہود ونصاریٰ کی مخالفت۔ داڑھی رنگنا

آپ نے فرمایا یہودی اور عیسائی (داڑھی اور سر کے سفید بال) نہیں رنگتے تم ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی مخالفت کرو۔ (بخاری کتاب اللباس باب الخضاب ح ۵۸۹۹۔ مسلم: کتاب اللباس والزینة باب مخالفة الیهود فی الصبغ ح ۲۱۰۳)

## بالوں کو سیاہ رنگنے کی ممانعت

آپ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں حکم دیا کہ ان کے سفید بالوں کو بدل دو اور ان کو سیاہ کرنے سے بچو۔

(مسلم کتاب اللباس والزینة باب صبغ الشعر وتغیر الشیب ح ۲۱۰۲)

## سر کے بال مونڈنا

نبی اکرم ﷺ نے کچھ بالوں کے مونڈنے اور کچھ کو چھوڑنے سے منع فرمایا۔

(بخاری کتاب اللباس باب القزع ح ۵۹۲۰۔ مسلم: کتاب اللباس باب کراهة القزع ح ۲۱۲۰)

آپ نے ایک بچے کو دیکھا کہ اس کے سر کے کچھ بال مونڈے ہوئے تھے اور کچھ چھوڑے ہوئے تھے۔ آپ نے انہیں اس سے منع فرمایا اور حکم دیا کہ اس کے سارے بال مونڈ دو یا سارے بال چھوڑ دو۔ (ابوداؤد کتاب الترجل باب الذؤبة ح ۴۱۹۵)

## مصنوعی بال (وگ) کے احکامات

ایک عورت نے نبی رحمت ﷺ سے پوچھا کہ میری بیٹی کے بال جلدی بیماری کی وجہ سے جھڑ گئے ہیں اور میں نے اس کی شادی کر دی ہے۔ کیا میں اس میں مصنوعی بال جوڑ سکتی ہوں۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے بال جوڑنے والی پر بال جڑوانے کی خواہش

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے والی پر اور اس پر جس کے بال لے کر جوڑے جائیں لعنت فرمائی ہے۔

(بخاری کتاب اللباس باب الموصولة۔ح۔۵۹۴۱۔مسلم :کتاب اللباس والزينة باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة۔ح۔۲۱۲۲)

### مغربی فیشن حرام ہے

اللہ تعالیٰ نے بدن گودنے والیوں اور گدوانے والیوں اور پلکوں کے بال اکھڑوانے والیوں اور خوبصورتی کے لیے دانتوں کے درمیان فاصلہ کرنے والیوں پر جو اللہ کی پیدا کردہ صورت میں تبدیلی کرتی ہیں لعنت فرمائی ہے۔

(بخاری کتاب اللبا س باب المتفلجات للحسن ۔ح۔۵۹۳۱۔مسلم:کتاب اللباس والزينة باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة۔ح۔۲۱۲۵)

بدن گودنا سے مراد حسن و جمال کے اضافے کے لئے جلد میں سوئی چبھو کر خون نکالنا اور اس جگہ سرمہ یا نیل بھر دینا ہے تا کہ وہ جگہ سیاہ یا سبز ہو جائے۔

### داڑھی اور سر کے سفید بال اکھاڑنے کی ممانعت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا سفید بالوں کو نہ اکھیڑو اس لئے کہ قیامت کے دن یہ مسلمان کے لئے نور ہوں گے۔

(ابوداؤد کتاب الترجل باب نتف الشيب۔ح۔۴۲۰۲۔ ترمذی ابواب الادب ۔ح۔۲۸۲۱۔ نسائی کتاب الزينة باب النهی عن نتف الشيب۔ح۔۵۰۷۱۔ امام ترمذی نے حسن کہا)

### ایک جوتا پہن کر چلنے کی ممانعت

آپ نے فرمایا'' کوئی مومن ایک جوتا پہن کر نہ چلے چاہے تو دونوں جوتے پہنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یا دونوں پیروں کو ننگا کرے۔

(بخاری کتاب اللباس باب لا یمشی فی نعل واحدۃ ۔ح۔٥٨٥٥۔مسلم:کتاب اللباس والزینۃ باب اذا انتعل فلیبدا بالیمین ۔ح۔٢٠٩٧)

## رات کو آگ بجھانے کا حکم

مدینہ میں ایک گھر گھر والوں سمیت رات کو جل گیا۔ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا

''یہ آگ تمہاری دشمن ہے۔ جب تم سونے لگو تو اسے بجھا دیا کرو۔

(بخاری کتاب الاستیذان باب لا نترك النار فی البیت عند النوم ۔ح۔٦٢٩٤۔مسلم : کتاب الاشربۃ باب الامر بتغطیۃ الاناء وایکاء السقاء ۔ح۔٢٠١٦)

## برتنوں کو ڈھانپنے کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جب شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو گھروں میں رکھو کیونکہ اس وقت شیطان (زمین میں) پھیلتے ہیں اور جب رات کا کچھ حصہ گزر جائے تو انہیں چھوڑ دو اور بسم اللہ پڑھ کر دروازے بند کر دیا کرو کیونکہ شیطان بند دروازے نہیں کھولتا اور اللہ کا نام لے کر برتنوں کو ڈھانپا کرو۔ مشکیزے کا منہ باندھا کرو۔ اور چراغ بجھا دو۔ اس لئے کہ شیطان بندھے ہوئے مشکیزے کو اور ڈھکے ہوئے برتن کو نہیں کھولتا۔ اگر تمہیں کوئی چیز نہ ملے تو اس کی چوڑائی میں بسم اللہ کہہ کر لکڑی ہی رکھ دو۔ ایک چوہا بھی گھر کو گھر والوں سمیت جلا دیتا ہے۔

(بخاری کتاب الاستئذان باب لاتترك النار فی البیت عند النوم ۔ح۔٦٢٩٥۔مسلم : کتاب الاشربۃ باب الامر بتغطیہ الاناء وایکاء السقاء ح۔٢٠١٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تکلف کی ممانعت

سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں تکلف اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے۔(بخاری کتاب الاعتصام باب مایکرہ من کثرۃ السوال وتکلف مالایعنیہ۔ح۔۷۲۹۳)

تصنع اور بناوٹ تکلف ہے۔ آپ نے لباس' چال ڈھال' کھانے پینے' مہمان نوازی اور خاطر داری میں ضرورت سے زیادہ مشقت اٹھانے سے منع فرمایا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا۔

مبالغے اور تکلف سے کام لینے والے ہلاک ہو گئے۔

(مسلم کتاب العلم باب هلك المتنطعون ۔ح۔ ۲٦٧٠)

آپ نے فرمایا قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب اور میرے محبوب وہ لوگ ہوں گے جو اخلاق میں سب سے زیادہ اچھے ہونگے۔ اور قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ دور اور ناپسندیدہ وہ لوگ ہوں گے جو تکلف سے زیادہ باتیں کرنے والے' باچھیں کھول کر گفتگو کرنے والے اور منہ بھر کر کلام کرنے والے ہیں۔

(ترمذی ابواب البر والصلة باب ماجاء فی معالی الاخلاق ۔ح۔۲۰۱۸۔امام ترمذی نے حسن کہا)

## کاہنوں کی حقیقت

رسول اللہ ﷺ سے کاہنوں کے بارے میں سوال کیا گیا۔ آپ نے فرمایا وہ کچھ نہیں عرض کیا اے اللہ کے رسول بعض دفعہ ان کی باتیں سچ نکلتی ہیں۔ آپ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرمایا فرشتے (اللہ کے احکام لے کر) بادلوں میں اترتے ہیں اور اس بات کا ذکر کرتے ہیں جس کا فیصلہ آسمان میں کیا گیا ہوتا ہے۔ پس شیطان چوری چھپے اسے سنتا ہے اور کاہنوں کو پہنچا دیتا ہے تو وہ اس کے ساتھ اپنی طرف سے سو جھوٹ (ملا کر) بیان کرتے ہیں۔ (بخاری وکتاب بدء الخلق۔باب ذکر الملائکة ۔ح۔۳۲۱۰۔مسلم :کتاب السلام باب تحریم الکھانة واتیان الکھان۔ح۔۲۲۲۸)

## نجومیوں کے پاس جانا منع

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی عراف (غیبی امور جاننے کے دعویدار) کے پاس آئے اور اس سے کسی چیز کی بابت پوچھے اور اس کو سچ مانے تو اس کی چالیس دن کی نماز قبول نہیں کی جائے گی۔ (مسلم کتاب السلام ۔باب تحریم الکھانہ وایتان الکھان ۔ ح۔۲۲۳۰)

## علم نجوم جادوگری ہے

آپ نے فرمایا جس نے علم نجوم سیکھا اس نے (اصل میں) جادو سیکھا۔

(ابوداؤد کتاب الطب باب فی النجوم ۔ح۔۳۹۰۵۔امام ذہبی صحیح کہا)

## ستاروں پر ایمان

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے یہ کہا کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہم پر بارش ہوئی پس وہ مجھ پر ایمان لایا اور ستاروں (کے تصرف) کا منکر ہوا۔ اور جس نے کہا کہ فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی پس وہ ستاروں پر ایمان لایا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میرے ساتھ کفر کیا۔(بخاری کتاب الاذان باب یستقبل الامام الناس اذا سلم ح۔۸٤٦۔مسلم :کتاب الایمان باب بیان الکفر من قال مطرنا بالنوء۔ح۔۷۱)

معلوم ہوا اسباب کو ہی فاعل اور موثر مان لینا کفر و شرک ہے۔

## سورہ فاتحہ سے علاج اور اس کا معاوضہ

ایک دفعہ چند صحابہ رضی اللہ عنھم نے ایک قبیلہ کے ہاں قیام کیا۔قبیلہ والوں نے ان کی مہمانی نہ کی۔اتنے میں قبیلہ کے سردار کو سانپ نے کاٹ لیا قبیلہ کے ایک آدمی نے پوچھا کیا تمہارے پاس اس کی دوا ہے۔صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے کہا" ہاں لیکن تم نے ہماری مہمانداری نہیں کی لہذا ہم بغیر کسی معاوضہ کے علاج نہیں کریں گے۔"انہوں نے کچھ بکریاں دینے کا وعدہ کیا۔ایک صحابی رضی اللہ عنہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر تھتکارتا رہا۔سردار اچھا ہوگیا۔اس نے تیس بکریاں دیں۔بعض صحابہ نے کہا۔" کیا تم نے کتاب اللہ پر اجرت لی ہے؟جب وہ مدینہ منورہ پہنچے تو اس واقعہ کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا۔آپ مسکرائے اور فرمایا تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ فاتحہ منتر ہے۔پھر فرمایا۔تم نے ٹھیک کیا' یہ مال لے لو اسے تقسیم کرو اور مجھے بھی اس میں سے حصہ دو۔صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اس نے کتاب اللہ پر اجرت لی۔آپ نے فرمایا جن چیزوں پر تم اجرت لیتے ہو ان میں سب سے زیادہ حقدار اللہ کی کتاب ہے کہ اس پر اجرت لی جائے۔

(بخاری کتاب الطب باب الشروط فی الرقیه بفاتحة الکتاب باب جواز اخذ الاجره علی الرقیة بالقرآن والانکار۔ح۔۲۲۰۱ '۵۷۳۷۔مسلم :کتاب السلام باب جواز اخذ الاجره علی الرقیة بالقرآن والانکار۔ح۔۲۲۰۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## بدشگونی لینا منع

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ بیماری کا ایک سے دوسرے کو لگ جانا اور بدشگونی لینا کوئی چیز نہیں۔

(بخاری کتاب الطب باب الطیرہ ح۔۵۷۵۳۔ مسلم :کتاب السلام باب الطیرہ والفال۔ح۔۲۲۲۰)

## تصویر سازی بہت بڑا گناہ ہے

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا بے شک تصویر بنانے والے کو قیامت کے دن سخت عذاب دیا جائے گا۔ (بخاری کتاب اللباس باب لاتدخل الملائکۃ بیتا۔ح۔۲۱۰۹)

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے چند تصاویر والا گدا خریدا۔ جب آپ ﷺ نے اس گدے کو دیکھا تو دروازے پر کھڑے ہو گئے۔ اندر داخل نہ ہوئے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے آپ کے چہرہ پر ناپسندیدگی کے آثار دیکھے تو عرض کیا کہ میں نے کیا قصور کیا؟ آپ نے فرمایا یہ گدا کیسا ہے۔ عرض کیا کہ آپ کے لیے خریدا ہے آپ اس پر بیٹھیں۔

آپ نے فرمایا قیامت کے دن تصویر بنانے والے کو عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ تم نے جو تصویریں بنائی تھیں ان کو زندہ کرو (یعنی ان میں روح پھونکو)

(بخاری کتاب اللباس باب عذاب المصورین یوم القیامۃ ح۔۵۹۵۱۔مسلم :کتاب اللباس باب لاتدخل الملائکۃ بیتافیہ کلب ح۔۲۱۰۸)

گھروں میں سیاسی اور مذہبی لیڈروں، کھلاڑیوں، فلم ایکٹروں اور مولویوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تصاویر آویزاں کرنے والوں کو فکر کرنا چاہیے۔

آپ نے فرمایا بے شک (رحمت کے فرشتے) اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی کتا یا تصویر ہو۔ (بخاری کتاب اللباس باب التصاویر ۔ح۔٥٩٤٩۔مسلم :کتاب اللباس باب لاتدخل الملائکة بیتا۔ح۔٢١٠٦)

رسول اللہ ﷺ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا جاؤ کوئی تصویر دیکھو تو اسے مٹا دو۔کوئی اونچی قبر دیکھو تو اسے برابر کر دو۔

(مسلم کتاب الجنائز باب الامر بتسوية القبور ۔ح۔٩٦٩)

## قبروں پر مسجد بنانا

ام سلمہ اور ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک گرجے کا ذکر کیا۔جس کو ماریہ کہتے تھے۔جس کو انہوں نے حبشہ میں دیکھا تھا۔انہوں نے بیان کیا کہ اس میں تصاویر تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ان لوگوں میں جب کوئی نیک آدمی مر جاتا تو اس کی قبر پر مسجد بنا لیتے تھے اور اس میں تصویریں بناتے تھے۔قیامت کے دن یہ لوگ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہونگے۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب هل تنبش قبور مشرکی الجاهلية۔ح۔٤٢٧۔مسلم :کتاب المساجد باب النهی عن بناء المسجد علی القبور۔ح۔٥٢٦)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔"خبردار تم سے پہلے گزرے ہوئے لوگ اپنے انبیاء اور صالحین کی قبروں کو مسجد بنا لیا کرتے تھے۔تم قبروں کو مسجد نہ بنانا۔میں تم کو اس سے منع کرتا ہوں

۔(صحیح مسلم کتاب المساجد باب النهی عن بناء المسجد علی القبور۔ح۔٥٣٢)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رسول اللہ ﷺ نے آخری بیماری میں فرمایا۔ اللہ یہود ونصاری پر لعنت کرے۔ انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا تھا۔ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں جو کچھ انہوں نے کیا آپ اس سے ڈرا رہے تھے۔ اگر یہ خطرہ نہ ہوتا کہ آپ کی قبر کو مسجد بنالیا جائے گا تو آپ کی قبر کھلی جگہ ہوتی۔

(بخاری کتاب الجنائز باب ماجاء فی قبر النبی ﷺ ح۔ ۱۳۹۰۔ مسلم: کتاب المساجد باب النھی عن بناء المسجد علی القبور۔ ح۔ ۵۲۹)

## اللہ تعالیٰ کا غضب ناک ہونا

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو غیرت آتی ہے (اللہ غضب ناک ہوتا ہے) اور اللہ کی غیرت یہ ہے کہ آدمی وہ کام کرے جو اللہ نے اس کے لئے حرام کئے ہیں۔

(بخاری کتاب النکاح باب الغیرۃ ح۔ ۵۲۲۳۔ مسلم: کتاب التوبہ باب غیرۃ اللہ ح۔ ۲۷۶۱)

## مسجد صاف رکھنے کا حکم

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا مسجدیں پیشاب اور گندگی کے لائق نہیں۔ یہ اللہ کے ذکر اور تلاوتِ قرآن کے لئے ہیں۔ (مسلم کتاب الطھارۃ باب وجوب غسل البول وغیرہ من النجاسات اذا حصلت فی المسجد ح۔ ۲۸۵)

آپ نے مسجد کے قبلے والی دیوار پر تھوک یا بلغم دیکھا آپ نے اسے کھرچ کر صاف کردیا۔ (بخاری کتاب الصلاۃ باب حك البزاق بالید من المسجد ح۔ ۴۰۵۔ مسلم: کتاب المساجد باب النھی عن البصاق فی المسجد ح۔ ۵۴۹)

آپ نے فرمایا مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اس کا کفارہ اسے مٹی میں دبا دینا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(کپڑے یا پانی سے صاف کرنا) ہے۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب کفارۃ البزاق فی المسجد۔ح۔٤١٥۔مسلم :کتاب المساجد باب النہی عن البصاق فی المسجد۔ح۔٥٥٢)

## بدبودار چیز کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص لہسن یا پیاز کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے اور نہ ہمارے ساتھ نماز پڑھے۔(بخاری کتاب الاذان باب ماجاء فی الثوم النہی والبصل والکراث۔ح۔٨٥٤)

کیونکہ فرشتے بھی ان چیزوں سے تکلیف محسوس کرتے ہیں جن سے انسانوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

(مسلم :کتاب المساجد باب نہی من اکل ثوماًاو بصلاً۔ح۔٥٦٤)

سگریٹ پی کر مسجد آنے والے سوچیں کہ کیا وہ انسانوں اور فرشتوں کو تکلیف نہیں پہنچاتے۔؟

## مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان یا فروخت کرنا منع

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی کو مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان کرتے ہوئے سنے تو یہ کہے۔( لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ)

اللہ تعالیٰ تجھے یہ چیز نہ لوٹائے اس لئے کہ مسجدیں اس کام کے لئے نہیں بنائی گئی ہیں۔ (مسلم کتاب المساجد باب النہی عن نشد الضالۃ فی المسجد۔ح۔٥٦٨)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ نے فرمایا جب تم کسی کو مسجد میں خرید وفروخت کرتا ہوا دیکھو تو کہو

(لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ) اللہ تیری تجارت کو نفع بخش نہ کرے۔

(ترمذی۔ابواب البیوع باب النهی عن البیع فی المسجد۔ح۔۱۳۲۱۔ امام ترمذی نے حسن، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## مسجد میں اونچی آواز میں گفتگو کرنا منع ہے

مسجد نبوی میں طائف کے رہنے والے دو آدمی اونچی آواز میں گفتگو کر رہے تھے۔ سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے فرمایا اگر تم مدینہ کے رہنے والے ہوتے تو میں تمہیں ضرور سزا دیتا تم رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں اونچی آواز میں گفتگو کر رہے ہو۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب رفع الصوت فی المساجد ۔ح۔٤٧٠)

## غیر اللہ کی قسم اٹھانا شرک ہے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اس بات سے منع فرماتا ہے کہ تم اپنے باپ دادوں کی قسم اٹھاؤ۔ پس جس نے قسم اٹھائی ہو وہ اللہ کی قسم اٹھائے یا خاموش رہے۔

(بخاری کتاب الایمان ۔باب لاتحلفوا بابائکم ۔ح۔٦٦٤٧۔مسلم :کتاب الایمان باب النهی عن الحلف لغیر اللّٰہ ۔ح۔١٦٤٦)

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک آدمی کو کعبے کی قسم اٹھاتے ہوئے سنا۔ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا جس نے غیر اللہ کی قسم اٹھائی اس نے کفر یا شرک کیا۔

(ترمذی ابواب الایمان والنذور باب ماجاء فی کراهة الحلف بغیر اللّٰہ ۔ح۔١٥٤٥۔ حاکم، ذہبی اور ابن حبان نے صحیح کہا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جھوٹی قسم اٹھانا حرام ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنی (جھوٹی) قسم کے ذریعے کسی مسلمان کا حق لے لے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جہنم کی آگ واجب اور جنت حرام کر دیتا ہے چاہے وہ مال تھوڑا سا بلکہ پیلو کے درخت کی ایک شاخ ہی کیوں نہ ہو۔

(مسلم کتاب الایمان باب وعید من اقتطع حق مسلم بیمین فاجرة بالنار ۔ح۔۱۳۷)

ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے ناحق کسی مسلمان کا مال حاصل کرنے کے لئے قسم اٹھائی۔ تو وہ اللہ کو اس حال میں ملے گا کہ وہ اس پر غضب ناک ہوگا۔

اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ آئے اور کہا کہ ابوعبدالرحمٰن نے سچ بیان کیا میرے چچا زاد بھائی کی زمین میں میرا ایک کنواں تھا۔ میں نے اس کنویں کا دعویٰ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ثبوت میں دو گواہ پیش کرو۔ اگر تمہارے پاس گواہ نہیں ہیں تو اس سے قسم لی جائے گی۔ اشعث نے کہا اے اللہ کے رسول وہ تو قسم کھا لے گا۔ آپ نے فرمایا ”جو شخص جھوٹی قسم کھا کر کسی مسلمان کا مال حاصل کرے گا وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا۔

(بخاری کتاب المساقاة باب الخصومة فی البئر۔ح۔۲۳۵۶۔۲۳۵۷۔مسلم :کتاب الایمان باب وعید من اقتطع حق مسلم بیمین فاجرة بالنار ۔ح۔۱۳۸)

قسم توڑنے کا حکم

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی کام پر قسم کھائے پھر اس کام میں (جس کے نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے کی اس نے قسم کھائی تھی) بہتری دیکھے تو وہ اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور وہ کام کرے جو بہتر ہے۔

(بخاری کتاب الایمان باب قول الله تعالی لایواخذکم الله باللغو۔ح۔٦٦٢٢۔مسلم :کتاب الایمان باب ندب من حلف یمینا فرای غیرھاخیرامنھا۔ح۔١٦٥٢)

آپ نے فرمایا بے شک میں اللہ کی قسم' اگر اللہ نے چاہا' کسی کام پر حلف نہیں اٹھاؤں گا' پھر میں اس سے زیادہ بہتر صورت دیکھوں تو میں ضروری اپنی قسم کا کفارہ ادا کروں گا۔ اور وہ کام اختیار کروں گا جو بہتر ہے۔(بخاری کتاب فرض الخمس باب ومن الدلیل علی ان الخمیس لنوائب المسلمین ۔ح۔٣١٣٣"ح۔١٦٤٩)

## لغو قسم کے معاف ہونے کا بیان

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ﴾ (المائدہ:٥/ ٨٩)

''اللہ تعالیٰ لغو قسموں پر تمہارا مواخذہ نہیں فرماتا بلکہ وہ ان قسموں پر گرفت کرتا ہے جن کو تم مضبوط باندھتے ہو۔''

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا یہ آیات اس آدمی کے بارے میں اتری جو (بات بات پر بغیر ارادہ قسم کے) کہتا ہے اللہ کی قسم۔ اللہ کی قسم۔

(بخاری کتاب التفسیر سورۃ المائدہ باب یٰایھا الرسول بلغ ماانزل الیک من ربک۔ح۔٤٦١٣)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قسم توڑنے کا کفارہ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔﴿فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ أَيَّامٍ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمٰنِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ وَاحْفَظُوْا أَيْمَانَكُمْ﴾ (المائدہ: ۵/ ۸۹)

(قسم توڑنے کا) کفارہ دس مسکینوں کو درمیانی درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے پہنانا ہے یا غلام آزاد کرنا ہے پس جو اس کی طاقت نہ رکھے تو وہ تین روزے رکھے یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے۔ جب تم قسم اٹھاؤ تو اپنی قسموں کی حفاظت کرو۔ (یعنی انہیں پورا کرو)

## بادشاہ کو شہنشاہ کہنا حرام ہے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے ذلیل ترین نام اس شخص کا ہے جو اپنا نام شہنشاہ (بادشاہوں کا بادشاہ) رکھے۔

(بخاری کتاب الادب باب ابغض الاسماء الی اللہ ۔ح۔٦٢٠٥۔مسلم:کتاب الاداب باب تحریم التسمی بملك الاملاك ۔ح۔٢١٤٣)

## بخار کو برا کہنے کی ممانعت

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ بخار کو برا بھلا مت کہو۔ اس لئے کہ یہ انسان کے گناہوں کو اس طرح دور کرتا ہے جس طرح بھٹی لوہے کے زنگ کو دور کرتی ہے۔ (بخاری کتاب الادب باب ابغض الاسماء الی اللہ ۔ح۔٦٢٠٥۔مسلم :کتاب البر والصلة باب ثواب المومن فیمایصیبه من مرض اوحزن ۔ح۔٢٥٧٥)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ہوا کو برا کہنے کی ممانعت

آپ نے فرمایا ہوا اللہ کی رحمت ہے۔ یہ رحمت لے کر آتی ہے اور کبھی عذاب لاتی ہے۔ پس جب تم اسے دیکھو تو اسے برا بھلا مت کہو۔ اللہ سے اس کی بھلائی کا سوال کرو اور اس کی برائی سے پناہ مانگو۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب مایقول اذا هاجت الریح۔ ح۔۵۰۹۷۔ حاکم، ذہبی اور ابن حبان نے صحیح کہا)

جب تیز ہوا چلتی تو نبی رحمت ﷺ فرماتے۔

(اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَافِیْھَا وَ خَیْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیْھَا وَ شَرِّمَا اُرْسِلَتْ بِهٖ)

''اے اللہ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس میں جو کچھ ہے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا جس کے ساتھ اس کو بھیجا گیا ہے۔ سوال کرتا ہوں۔ اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے اور اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے۔''

(مسلم کتاب صلاۃ الاستسقاء باب التعوذ عند رؤیة الریح۔ ح۔۸۹۹)

## عشا کے بعد بات چیت کرنے کی کراہت

رسول اللہ ﷺ عشا سے پہلے سونے کو اور عشا کے بعد بات چیت کرنے کو ناپسند فرماتے تھے۔ (بخاری کتاب مواقیت الصلاۃ باب مایکرہ من النوم قبل العشاء ح۔۵٦۸۔ مسلم :کتاب المساجد باب استحباب التبکیر بالصبح۔ ح۔٦٤٧)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عشا کے بعد دینی گفتگو کرنے کا جواز

نبی اکرم ﷺ نے زندگی کے آخری ایام میں عشا کی نماز پڑھائی۔ سلام کے بعد فرمایا۔ بے شک جو شخص آج روئے زمین پر زندہ ہے۔ سو سال کے پورے ہونے تک وہ زندہ نہیں رہے گا۔ (بخاری کتاب العلم باب العلم باب السمر فی العلم ح۔۱۱۶۔مسلم کتاب فضائل الصحابة قوله لاتاتی مائة سنة وعلی الارض نفس۔ح۔۲۵۳۷)

ایک رات رسول اللہ ﷺ نے عشا کی نماز آدھی رات کو پڑھائی پھر فرمایا۔ سنو بے شک بعض لوگ نماز پڑھ کر سو گئے اور تم جتنی دیر نماز کا انتظار کرتے رہے برابر نماز ہی میں رہے۔

(بخاری کتاب مواقیت الصلاۃ باب السمر فی الفقه والخیر بعد العشاء۔ح۔۶۰۰۲)

## فضول بحث کی ممانعت

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے لئے تین چیزوں کو پسند فرماتا ہے۔

۱۔ اس کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ۔

۲۔ تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو۔

۳۔ جدا جدا نہ ہو۔

اور تمہارے لئے تین باتوں کو ناپسند فرماتا ہے۔

۱۔ بحث و تکرار کو۔

۲۔ زیادہ سوال کرنے کو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۳۔ مال ضائع کرنے کو۔

(مسلم کتاب الاقضیة باب النهی عن کثرة المسائل من غیر حاجة ۔ح۔۵۹۳۔۱۷۱۵)

سیدنا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالی عنہ نے معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کو لکھا کہ نبی رحمت ﷺ نے فضول بحث و تکرار، مال ضائع کرنے اور زیادہ سوال کرنے سے منع فرمایا نیز ماؤں کی نافرمانی کرنے، لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے، واجب الاداحق نہ دینے اور بغیر استحقاق کے کسی چیز کو طلب کرنے یا پیچھے پڑ کر مانگنے سے منع فرمایا ہے۔

(بخاری کتاب الرقاق باب مایکرہ من قیل وقال ۔ح۔٦٤٧٣۔مسلم :کتاب الاقضیة باب النهی عن کثرة المسائل۔ح۔۵۹۳۔۱۷۱۵)

ہتھیار سے اشارہ منع

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی طرف ہتھیار سے اشارہ نہ کرے۔ اس لئے کہ وہ نہیں جانتا شاید شیطان اس کے ہاتھ سے چلوادے پس وہ جہنم کے گڑھے میں جا گرے۔

(بخاری کتاب الفتن باب قول النبی من حمل علینا السلاح فلیس منا ۔ح۔۷۰۷۲)

آپ نے فرمایا جس نے اپنے بھائی کی طرف دھار والے آلے سے اشارہ کیا تو فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں چاہے وہ اس کا حقیقی بھائی ہی کیوں نہ ہو۔

(مسلم کتاب البر باب النهی عن الاشارہ بالسلاح الی مسلم ۔ح۔۲٦۱۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## خوشبو کے ہدیہ کو واپس کرنے کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ خوشبو کا ہدیہ رد نہیں فرماتے تھے۔

(بخاری کتاب الهبة باب مالایرد من الهدیة ۔ح۔۲۵۸۲)

آپ نے فرمایا جسے کوئی خوشبو پیش کی جائے وہ اسے واپس نہ کرے کیونکہ وہ ہلکی پھلکی چیز ہے اور اس کی مہک پاکیزہ ہے۔(مسلم کتاب الالفاظ من الادب باب استعمال المسك وانه اطیب الطیب ۔ح۔۲۲۵۳)

## منہ پر تعریف کرنے کی ممانعت

نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک آدمی نے دوسرے آدمی کی تعریف کی آپ نے فرمایا۔افسوس تو نے اپنے ساتھی کی گردن توڑ دی کئی مرتبہ آپ نے فرمایا۔پھر فرمایا اگر تم نے کسی کی تعریف کرنی ہو تو اس طرح کہو کہ میں فلاں کو ایسا اور ایسا سمجھتا ہوں۔اور اس کا حساب لینے والا اللہ ہے اور میں اللہ کے سامنے اس کے پاک صاف ہونے کا دعویٰ نہیں کرتا۔

(بخاری کتاب الشهادات باب اذا زکی رجل رجلا کفاہ ۔ح۔۲۶۶۲۔مسلم :کتاب الزهد باب النهی عن المدح۔ح۔۳۰۰۰)

ایک آدمی عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے ان کی تعریفیں کرنے لگا مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ تعریف کرنے والے کے منہ میں کنکریاں ڈالنے لگے اور کہا کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ تم (روبرو) تعریف کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے چہروں پر مٹی ڈالو۔

(مسلم کتاب الزهد باب النهی عن المدح۔ح۔۳۰۰۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تعریف کا جواز

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ علما کہتے ہیں کہ جس کی تعریف کی جائے اگر اس کے غرور یا فتنے میں مبتلا یا فریب نفس کا شکار ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو تعریف جائز ہے۔

نبی رحمت ﷺ نے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔ مجھے امید ہے کہ تم بھی ان ہی میں سے ہو جن کو جنت میں داخلہ کے وقت جنت کے تمام دروازوں سے پکارا جائے گا۔

(بخاری کتاب فضائل الصحابة باب فضائل ابی بکر۔ح۔٣٦٦٦)

آپ نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا شیطان جس راستے پر تجھ کو چلتا ہوا دیکھ لیتا ہے تو وہ اس راستے کو چھوڑ کر کوئی اور راستہ اختیار کر لیتا ہے۔

(بخاری کتاب فضائل الصحابة باب مناقب عمر۔ح۔٣٦٨٣)

## ظاہری اسباب اختیار کرنے کی تلقین

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم کسی علاقے میں طاعون پھیلنے کی خبر سنو تو وہاں مت جاؤ۔ اور جب وہ کسی جگہ پھیل جائے جب کہ تم وہاں موجود ہو تو وہاں سے مت نکلو۔

(بخاری کتاب الطب باب مایذکر فی الطاعون۔ح۔٥٧٢٩۔مسلم :کتاب السلام باب الطاعون والطیرة والکھانة۔ح۔٢٢١٩)

## خاموشی عبادت نہیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بالغ ہونے کے بعد یتیمی نہیں۔ کسی دن رات تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خاموش رہنے کی کوئی حقیقت نہیں۔

(ابوداؤد' کتاب الوصایاباب ماجاء متی ینقطع الیتم ۔ح۔۲۸۷۳۔امام نووی نے حسن کہا)

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے احمس قبیلے کی زینب کے بارے میں پوچھا کہ یہ گفتگو کیوں نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ اس نے خاموش رہنے کا ارادہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایابات چیت کر' یہ خاموشی جائز نہیں۔ یہ جاہلیت کا عمل ہے۔ پس اس نے بولنا شروع کر دیا۔ (بخاری کتاب مناقب الانصار باب ایام الجاھلیة ۔ح۔۳۸۳٤)

## اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب ہونا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کیا جب کہ وہ جانتا ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں تو اس پر جنت حرام ہے۔

(بخاری کتاب الفرائض باب من ادعی الی غیر ابیه ۔ح۔٦٧٦٧۔مسلم :کتاب الایمان باب حال ایمان من رغب عن ابیه ۔ح۔٦٢)

جس نے اپنی نسبت اپنے باپ کے علاوہ کسی اور طرف کی' اس پر اللہ کی' فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی فرضی اور نفلی عبادت قبول نہیں کرے گا۔

(بخاری کتاب الفرائض باب اثم من تبراء من موالیه ۔ح۔٦٧٥٥۔مسلم کتاب المناسك باب فی تحریم المدینه ۔ح۔٢٠٣٤)

## مومن کی فراست

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ ڈسا نہیں جا سکتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(بار بار دھوکہ نہیں کھا سکتا)

(بخاری کتاب الادب باب لایلدغ المومن من جحر مرتین۔ح۔۶۱۳۳۔مسلم :کتاب الزھد باب لایلدغ المومن۔ح۔۲۹۹۸)

## نااہل لوگوں کی قیادت

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا جب دین و دنیا کی سرداری (نیک لوگوں کی بجائے) نااہل لوگوں کے سپرد کر دی جائے تو قیامت کا انتظار کرنا۔

(بخاری کتاب العلم باب من سئل علما وھومشتغل فی حدیثه فاتم الحدیث ثم اجاب السائل۔ح۔۵۹)

## گناہ کے عزم پر اللہ عذاب دیتا ہے

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ جب دو مسلمان اپنی اپنی تلواریں سونت کر ایک دوسرے کو (مارنے کی نیت سے) ملتے ہیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں۔عرض کی گئی کہ قاتل کا جہنمی ہونا تو سمجھ میں آتا ہے۔مقتول کیوں جہنمی ہوگا۔آپ نے فرمایا کہ وہ بھی تو اپنے مسلمان بھائی کے قتل کا خواہشمند تھا۔(بخاری کتاب الفتن باب اذا التقی المسلمان بسیفیھما۔ح۔۷۰۸۳۔مسلم :کتاب الفتن باب اذا تواجه المسلمان بسیفیھما۔ح۔۲۸۸۸)

## بخار کو ٹھنڈا کرو

آپ نے فرمایا' بخار جہنم کی شدید حرارت سے ہے پس اسے پانی سے ٹھنڈا کرو۔

(بخاری بدء الخلق باب صفة النار۔ح۔۳۲۶۳۔مسلم :السلام باب لکل داء دواء ح۔۲۲۱۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اللہ کی اطاعت کی نذر

آپ نے فرمایا جو شخص اللہ کی اطاعت کی نذر مانے تو اسے اللہ کی اطاعت کرنی چاہیے اور جو شخص اللہ کی نافرمانی کی نذر مانے تو وہ اس کی نافرمانی نہ کرے۔

(بخاری کتاب الایمان باب النذر فی الطاعة ۔ح۔٦٦٩٦)

## نیکی پر تعاون

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوىٰ﴾ (المائدہ: ٥/ ٢)

''اور نیکی پر ایک دوسرے کا تعاون کرو۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کے راستے میں کسی جہاد کرنے والے کا سامان جہاد تیار کیا بلا شبہ اس نے خود جہاد کیا۔ اور جو کوئی جہاد کرنے والے کے گھر کی نگرانی اور خبر گیری کرنے والا بنا یقیناً اس نے بھی جہاد کیا۔

(بخاری کتاب الجهاد باب فضل من جهز غازیا او خلفه ۔ح۔٢٨٤٣۔مسلم :کتاب الامارة باب فضل اعانة الغازی ۔ح۔١٨٩٥)

## دشمن سے مقابلے کی آرزو منع

رسول اللہ ﷺ نے دشمن سے مقابلہ کے دن لڑائی کو موخر فرمایا یہاں تک کہ سورج ڈھل گیا آپ کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا لوگو! دشمن سے لڑائی کی آرزو مت کرو۔ اللہ تعالیٰ سے سلامتی کی دعا کرو لیکن جب دشمن سے لڑائی ہو جائے تو ثابت قدمی سے لڑو اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جان لو کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے۔

(بخاری کتاب الجهاد باب فضل من جهز غازیا او خلفه ح۔۲۸۴۳۔مسلم :کتاب الامارة)

## احکامِ شرعیہ کی بے حرمتی کے وقت غضب ناک ہونا

ایک صحابی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ فلاں آدمی کی لمبی نماز پڑھانے کی وجہ سے میں صبح کی نماز میں پیچھے رہ جاتا ہوں۔آپ کسی وعظ میں اتنا غضبناک نہیں ہوئے جتنا اس دن آپ نے غصہ کا اظہار فرمایا۔آپ نے فرمایا لوگو!تم میں سے بعض لوگ (دوسروں کو دین سے) نفرت دلاتے ہیں امام کو چاہیے کہ اختصار کرے اس کے پیچھے بوڑھے، بچے اورضرورت مندلوگ ہوتے ہیں۔(بخاری کتاب الاذان باب تخفیف الامام فی القیام ح۔۷۰۲۔مسلم :کتاب الصلاة باب امر الائمة بتخفیف الصلاة فی تمام ح۔٤٦٦)

رسول اللہ ﷺ ایک سفر سے واپس آئے۔ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے گھر کے سامنے چبوترے پر ایک پردہ ڈالا ہوا تھا۔جس میں تصویریں تھیں۔جب آپ نے اسے دیکھا تو (غصہ سے) آپ کے چہرہ کا رنگ بدل گیا اورفرمایا اے عائشہ قیامت کے دن اللہ کا عذاب سب سے زیادہ ان کو ہوگا جو اللہ کی تخلیق میں مشابہت اختیار کرتے ہیں۔

(بخاری کتاب اللباس باب ماوطئی من التصاویر ح ۔٥٤٥٩۔مسلم :کتاب اللباس باب لاتدخل الملائکة ح۔۲۱۰۷)

آپ نے قبلے کی جانب مسجد کی دیوار پرتھوک دیکھا۔آپ کو یہ بات بہت ناگوار گزری حتیٰ کہ آپ کی ناراضگی کے آثار آپ کے چہرہ پر نظر آئے۔آپ نے اسے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہاتھوں سے کھرچا اور فرمایا نمازی نماز میں اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے۔ اس کا رب اس کے اور قبلے کے درمیان ہے پس کوئی قبلہ کی طرف نہ تھوکے۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب حك البزاق باليد من المسجد ۔ح۔٤٠٥۔مسلم :كتاب الصلاة باب النهى عن البزاق فى المسجد فى الصلاة وغيرها ۔ح۔٥٥١)

## نفلی نمازوں کی فضیلت

نبی رحمت ﷺ کے خادم ابوفراس ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں آپ کے پاس رات گزارتا اور آپ کے وضو کے لئے پانی یا ضرورت کی کوئی چیز لا دیتا۔ ایک دن آپ نے فرمایا "مجھ سے کچھ مانگ" میں نے کہا "میں جنت میں آپ کا ساتھ مانگتا ہوں۔"

آپ نے فرمایا "کچھ اور" میں نے کہا "پس وہی" آپ نے فرمایا تم سجدوں کی کثرت کے ساتھ اپنے لیے (اپنے سوال کے حصول کے لئے) میری مدد کرو۔

(مسلم كتاب الصلاة باب فضل السجود والحث عليه ۔ح۔٤٨٩)

آپ نے فرمایا کثرت سجود کو لازم پکڑو۔ تم جو بھی سجدہ کرو گے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے تمہارا ایک درجہ بلند کرے گا اور تمہارا ایک گناہ معاف کرے گا۔

(مسلم كتاب الصلاة باب فضل السجود والحث عليه ۔ح۔٤٨٨)

## جب ایک دن ایک سال کا ہو تو نماز کی کیفیت

صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا۔ دجال زمین میں کتنا عرصہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہے گا۔ آپ نے فرمایا۔ چالیس دن۔ ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا۔ ایک دن ایک مہینہ کے برابر ہوگا۔ ایک دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا اور بقیہ دن عام دنوں کی طرح۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے عرض کیا "اے اللہ کے رسول' جو ایک دن ایک سال کا ہوگا' کیا اس میں ایک ہی دن کی نماز کافی ہوگی۔ آپ نے فرمایا۔ نہیں۔ بلکہ تم اندازہ کر کے نماز پڑھتے رہنا۔ (صحیح مسلم کتاب الفتن باب ذکر الدجال ۔ح۔۲۹۳۷)

(معلوم ہوا جہاں کئی کئی مہینے دن اور رات رہتے ہیں وہاں اندازہ کر کے نماز اور روزہ ادا کرنا چاہیے)

## دین میں سختی کرنا منع

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنی طرف سے دین میں سختی کرنے والے ہلاک ہوگئے آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

(مسلم کتاب کتاب العلم باب هلك المتنطعون۔ح۔۲٦٧٠)

آپ نے فرمایا بے شک دین آسان ہے۔ جو دین میں بے جا سختی کرتا ہے تو دین اس پر غالب آجاتا ہے۔ پس تم سیدھے راستے پر رہو۔ میانہ روی اختیار کرو۔ اپنے رب کی طرف سے ملنے والے اجر پر خوش ہو جاؤ۔ صبح و شام اور رات کے کچھ حصے کی عبادت سے مدد حاصل کرو۔ (بخاری کتاب المرضی باب تمنی المریض الموت ۔ح۔۵٦٧٣)

آپ نے دو ستونوں کے درمیان ایک رسی دیکھی۔ آپ نے پوچھا یہ رسی کیا ہے۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رسی ہے۔ جب وہ (عبادت کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


کرتے) تھک جاتی ہیں تو اس کے ساتھ لٹک جاتی ہیں۔ آپ نے فرمایا اسے کھول دو۔ اس وقت تک نماز پڑھو جب تک فرحت محسوس ہو۔ جب تھک جاؤ تو سو جاؤ۔

(بخاری کتاب التھجد باب مایکرہ من التشدید فی العبادۃ ح۔۱۱۵۰۔مسلم :صلاۃ المسافرین باب فضیلۃ العمل الدائم من قیام اللیل۔ح۔۷۸٤۷)

## کامیابی صرف سنت کی پیروی میں ہے

تین صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نبی رحمت ﷺ کی ازواج کے گھر آئے اور آپ کی عبادت کا حال پوچھا۔ جب ان کو بتلایا گیا تو انہوں نے اسے کم سمجھا اور کہا ہمارا اور نبی اکرم ﷺ کا کیا مقابلہ۔ ان کے تو اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک نے کہا میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا کبھی ناغہ نہیں کروں گا۔ دوسرے نے کہا میں ساری رات نماز پڑھا کروں گا۔ تیسرے نے کہا میں عورتوں سے کنارہ کش رہوں گا۔ کبھی نکاح نہیں کروں گا۔ آپ ان کے پاس تشریف لائے اور ان سے پوچھا تم نے اس اس طرح کہا ہے۔ خبردار اللہ کی قسم میں تم میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اس کا سب سے زیادہ خوف دل میں رکھنے والا ہوں۔ میں روزے بھی رکھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں۔ عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں۔ پس جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ میں سے نہیں۔ (بخاری کتاب النکاح باب الترغیب فی النکاح ح۔۵۰٦۳۔مسلم :کتاب النکاح باب استحباب النکاح۔ح۔۱٤۰۱)

رمضان کے مہینے میں رسول اللہ ﷺ دس ہزار صحابہ کے ساتھ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ روانہ ہوئے۔ دوران سفر آپ اور بعض صحابہ روزہ رکھ رہے تھے۔ بعض صحابہ کا روزہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں تھا۔ جب آپ کدید کے چشمے پر جو قدید اور عسفان کے درمیان ہے پہنچے تو آپ نے عصر کے بعد دودھ یا پانی کا گلاس منگوایا اور سواری پر بیٹھے روزہ افطار کرلیا۔ جب لوگوں نے آپ کو افطار کرتے دیکھا تو سوائے چند کے سب نے افطار کیا۔ جن لوگوں نے افطار نہیں کیا تھا۔ ان کے متعلق آپ نے فرمایا یہ گنہگار نہیں۔ (بخاری کتاب المغازی باب غزوة الفتح فی رمضان -ح-٤٢٧٦ ـ مسلم :کتاب الصوم باب جواز الصوم والفطر فی رمضان ح-١١١٣ )

## جسم کا حق ادا کرو

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیشہ روزہ رکھتے۔ رات بھر نوافل پڑھتے۔ سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں نفلی روزہ توڑنے کا کہا اور رات کو نیند کرنے کا کہا اور فرمایا کہ تمہارے گھر والوں (بیوی، بچوں) کا بھی تم پر حق ہے۔ تمہارے نفس کا بھی تم پر حق ہے اور تمہارے رب کا بھی تم پر حق ہے۔ ہر صاحب حق کو اس کا حق دو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا سلمان نے سچ کہا۔

(بخاری کتاب الصوم باب من اقسم علی اخیه لیفطر فی التطوع -ح-١٩٦٨ )

رسول اللہ ﷺ نے ایک بوڑھے آدمی کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان ان دونوں پر سہارا کیے چلا جا رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کیا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا۔ اس نے پیدل حج کرنے کی نذر مانی ہے۔ آپ نے فرمایا "اے بوڑھے شخص تم سوار ہو جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ تم سے اور اس مشقت سے بے نیاز ہے۔"

(صحیح مسلم کتاب النذر باب من نذر ان یمشی الی الکعبه -ح-١٦٤٢ عن انس)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لوگوں کو اپنے شر سے بچانا نیکی ہے

ابوذر جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ کون سا عمل سب سے افضل ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ پر ایمان رکھنا اور اس کے راستے میں جہاد کرنا۔ میں نے کہا پھر کون سا فرمایا وہ غلام آزاد کرنا جو مالک کی نگاہ میں عمدہ اور قیمتی ہو۔ عرض کیا اگر میں یہ نہ کرسکوں آپ نے فرمایا کسی کاریگر کی مدد کرو یا بے ہنر کا کام کرو۔ میں نے عرض کیا۔ اگر میں یہ بھی نہ کرسکوں۔ فرمایا تم لوگوں کو اپنے شر سے بچائے رکھو یہ بھی تمہارا اپنے آپ پر صدقہ (نیکی) ہے۔

(بخاری کتاب الفتن باب ای الرقاب افضل ۔ح۔۲۵۱۸۔مسلم :کتاب الایمان باب بیان کون الایمان باللہ افضل الاعمال ۔ح۔۸٤)

## آگ کا عذاب دینا منع ہے

رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر روانہ فرمایا اور فرمایا کہ اگر تم فلاں اور فلاں شخص کو پاؤ تو ان دونوں کو آگ میں جلا دینا۔ جب لشکر روانہ ہونے لگا تو آپ نے فرمایا "میں نے تمہیں فلاں اور فلاں شخص کو جلانے کا حکم دیا تھا لیکن آگ کے عذاب سے کوئی کسی کو سزا نہیں دے سکتا۔ یہ صرف اللہ کے لیے مخصوص ہے لہذا تم انہیں قتل کر دینا۔

(صحیح بخاری کتا ب الجهاد باب لایعذب بعذاب اللہ ۔ح۔۳۰۱٦)

## راستے سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا جنت میں جانے کا باعث ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں نے ایک آدمی کو جنت میں چلتے ہوئے دیکھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے اس درخت کو کاٹ دیا تھا جو راستے کے درمیان مسلمانوں کو تکلیف دیتا تھا۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک آدمی نے درخت کی کانٹے دار شاخ دیکھی اور کہا اللہ کی قسم میں اس کو مسلمانوں سے دور کر دوں گا۔ تا کہ یہ انہیں تکلیف نہ پہنچائے۔ اللہ نے اسے اس عمل کی وجہ سے جنت میں داخل کر دیا۔

(بخاری کتاب الاذان باب فضل التهجير الى الظهر۔ح۔٦٥٢۔مسلم :كتاب البر باب فضل ازالة الاذى عن الطريق ١٩٤ بعد ٢٦١٧)

آپ نے فرمایا مجھ پر میری امت کے اچھے اور برے عمل پیش کئے گئے۔ میں نے اچھے اعمال میں راستے سے تکلیف دہ چیز (پتھر' کانٹے وغیرہ) کا ہٹانا بھی پایا اور اس کے برے اعمال میں وہ تھوک پایا جو مسجد میں تھوکا گیا اور اس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔

(مسلم کتاب المساجد باب النهى عن البصاق فى المسجد فى الصلاة وغيرها۔ح۔٥٥٣)

معلوم ہوا شادی' بیاہ کے موقعوں پر یا دوکاندار تجاوزات کھڑی کر کے راستوں کو تنگ یا بند کر دیتے ہیں۔ یہ برا عمل ہے۔

## اعلانیہ گناہ کا مرتکب نا قابلِ معافی

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میری امت کا ہر فرد معافی کے قابل ہے سوائے ان لوگوں کے جو کھلم کھلا گناہ کرنے والے ہوں گے۔

اور یہ بھی اعلانیہ گناہ میں سے ہے کہ آدمی رات کو کوئی (گناہ) کا کام کرے۔ اللہ نے اس کے گناہ پر پردہ ڈالا (لوگوں پر ظاہر نہ ہونے دیا) اور وہ کہے کہ اے فلاں گزشتہ رات میں نے (گناہ کا فلاں کام) کیا۔ اس کے رب نے رات کو اس کی پردہ پوشی کی تھی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صبح کو اس نے وہ پردہ چاک کر ڈالا جو اللہ تعالیٰ نے اس پر ڈالا تھا۔

(بخاری کتاب الادب باب ستر المومن علی نفسه ـ ح۔۶۰۶۹ ـ مسلم :کتاب الزهد باب النهی عن هتك الانسان ستر نفسه ـ ح۔۲۹۹۰)

اپنے گناہ کو اعلانیہ ظاہر کرنے والا اللہ کے خوف سے خالی ہو کر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کو فخریہ بیان کرتا ہے۔ ایسا شخص اللہ کے ہاں کیوں کر قابل معافی ہو سکتا ہے۔

## اعمال کا دارو مدار آخری عمل پر ہے

جنگ خیبر میں ایک شخص بڑی بہادری سے لڑ رہا تھا۔ کسی نے اس کی تعریف کی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ یہ شخص دوزخی ہے۔ ایک صحابی نے اس کا پیچھا شروع کیا۔ آخر کار وہ لڑتے لڑتے بہت زخمی ہو گیا۔ اس نے اپنی تلوار زمین پر رکھی اور اس کی تیز نوک کو اپنے سینے پر رکھا اور خودکشی کر لی۔ اس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ کو یہ واقعہ سنایا آپ نے فرمایا۔ بعض آدمی لوگوں کی نگاہ میں جنتیوں جیسے عمل کرتے ہیں حالانکہ وہ دوزخی ہوتے ہیں۔ اور بے شک بعض لوگ دوزخیوں جیسے عمل کرتے ہیں حالانکہ درحقیقت وہ جنتی ہوتے ہیں۔ بے شک تمام اعمال کا دارو مدار خاتمہ پر ہے۔ پھر آپ نے بلال کو حکم دیا کہ اعلان کر دو کہ جنت میں سوائے مسلم کے کوئی نہیں جائے گا اور بے شک اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فاجر آدمی سے بھی لے لیتا ہے۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوة خیبر ـ ح۔۴۲۰۴ ـ مسلم :کتاب الایمان باب بیان غلظ تحریم قتل الانسان نفسه ـ ح۔۱۱۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## لوگوں کے اندرونی احوال اللہ تعالیٰ کے سپرد

رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کا ایک دستہ مشرکوں کی طرف بھیجا۔ ان کا باہم مقابلہ ہوا۔ ایک مشرک جب کسی مسلمان کو قتل کرنا چاہتا موقع پا کر اسے قتل کر دیتا۔ اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ایک انصاری صحابی نے اسے اپنی گرفت میں لے لیا۔ اسامہ نے جب اسے مارنے کے لئے تلوار اٹھائی تو اس نے لا الہ الا اللّٰہ پڑھ لیا۔ لیکن انہوں نے اسے قتل کر دیا۔ رسول اکرم ﷺ کے سامنے اسامہ کا قصہ بیان ہوا۔ آپ نے انہیں بلایا اور پوچھا تم نے اسے کیوں قتل کیا؟ انہوں نے جواب دیا یا رسول اللہ ﷺ اس نے مسلمانوں کو بڑی تکلیف دی۔ اس نے فلاں اور فلاں کو شہید کیا (یہ صورت حال دیکھ کر) میں نے اس شخص پر حملہ کیا جب اس نے تلوار دیکھی تو اس نے (جان بچانے کے لئے) لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ دیا۔ آپ نے پوچھا پھر کیا تم نے اسے قتل کر دیا؟ انہوں نے کہا ہاں اس نے ہتھیار کے خوف سے کلمہ پڑھا تھا۔ آپ نے فرمایا تم نے اس کا دل چیرا تھا کہ تمہیں علم ہو گیا کہ اس نے کلمہ دل سے نہیں کہا تھا۔ جب قیامت کے دن وہ لا الٰـہ الا اللّٰـہ لائے گا تو تم کیا جواب دو گے؟ اسامہ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ میرے لئے مغفرت کی دعا فرمایئے آپ نے پھر فرمایا جب قیامت کے دن وہ کلمہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه لائے گا تم کیا کرو گے؟ آپ یہی کلمہ دہراتے رہے یہاں تک کہ اسامہ نے آرزو کی کہ میں آج سے پہلے مسلمان نہ ہوا ہوتا۔ (بخاری کتاب المغازی باب بعث النبی ﷺ اسامہ رضیٰ اللہ تعالی عنہ ح۔٤٢٦٩۔مسلم :کتاب الایمان باب تحریم قتل الکافر بعد ان قال لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه۔ح۔٩٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جنت اور جہنم کا بیان

آپ نے فرمایا کہ جہنم کو شہوات نفسانی کے ساتھ ڈھانپ دیا گیا ہے اور جنت کو گراں گزرنے والے ناگوار کاموں سے ڈھانپ دیا گیا ہے۔

(بخاری کتاب الرقاق باب حجبت النار بالشهوات ۔ح۔٦٤٨٧۔مسلم :اوائل کتاب الجنة وصفة نعيمها واهلها ۔ح۔٢٨٢٣)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



www.KitaboSunnat.com

# تجارت کے مسائل

## بازار میں کم جانا چاہیے

سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تو بازار میں سب سے پہلے داخل ہونے والا نہ ہو اور نہ اس سے سب سے آخر میں نکلنے والا بن اس لئے کہ اسی میں شیطان انڈے اور بچے دیتا ہے۔

سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ بازار شیطان کا اڈہ ہے اور یہیں وہ اپنا جھنڈا بھی نصب کرتا ہے لہذا اگر ہو سکے تو سب سے پہلے بازار میں داخل ہونے والا اور سب سے آخر میں نکلنے والا ہرگز نہ ہو۔

(مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب من فضائل ام سلمة ام المومنین رضی اللہ عنہا ح۔۲٤٥١)

## سودے پر سودے کی ممانعت

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم ایک دوسرے پر حسد مت کرو۔ نہ خرید و فروخت میں بولی بڑھا کر ایک دوسرے کو دھوکا دو۔ نہ باہم بغض رکھو۔ ایک دوسرے سے بے رخی مت کرو۔ ایک دوسرے کے سودے پر سودا مت کرو۔ اے اللہ کے بندو! تم بھائی بھائی بن جاؤ۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ اس پر ظلم کرے۔ نہ اسے حقیر سمجھے۔ نہ اسے بے سہارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھوڑے۔ ایک شخص کے برا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔ ہر مسلمان کا خون، مال اور عزت دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔

(مسلم: كتاب البر والصلة باب تحريم الظن والتجسس۔ ح۔ ٢٥٦٤)

## سچ کی کمائی میں برکت ہے

آپ ﷺ نے فرمایا ''بیچنے اور خریدنے والے جب تک جدا نہ ہوں انہیں سودا ختم کرنے کا اختیار ہے۔ اگر دونوں سچ بولیں گے اور بات واضح کریں گے تو ان کے سودے میں برکت ہوگی اور اگر کوئی بات چھپائیں گے اور جھوٹ بولیں گے تو ان کے سودے میں برکت مٹا دی جائے گی۔''

(بخاری كتاب البيوع۔ باب البيعان بالخيار مالم يتفرقا۔ ح۔ ٢١١٠)

## ادائیگی قرضہ میں زیادہ دینے کا جواز

رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص سے خاص عمر کا اونٹ قرض لیا۔ اس نے آپ سے اونٹ کا تقاضا کیا اور تقاضے میں بہت سختی کی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کو تنبیہ کرنے کا ارادہ کیا آپ نے فرمایا اسے چھوڑ دو اس لیے کہ حق والے کو کہنے کا حق ہے۔ اس کو اس کے اونٹ کی عمر کا ایک اونٹ دے دو۔ صحابہ نے تلاش کیا مگر اس عمر کا اونٹ نہ ملا آپ نے اس کو زیادہ عمر کا اونٹ دلوا دیا۔ اس شخص نے کہا، آپ نے مجھے پورا دیا اللہ تعالیٰ آپ کو پورا دے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ''تم میں بہتر شخص وہ ہے جو ادائیگی قرض میں بہتر ہو۔ (صحيح بخاری كتاب الوكالة باب وكالة الشاهد والغائب جائزة۔ ح۔ ٢٣٠٥)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جعل سازی اور دھوکہ بازی منع

آپ غلہ کے ایک ڈھیر پر سے گزرے آپ نے اس میں ہاتھ ڈالا۔ تو آپ کی انگلیوں نے تری محسوس کی۔ آپ نے پوچھا اے غلہ والے یہ کیا ہے۔ اس نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ یہ بارش میں بھیگ گیا آپ نے فرمایا تم نے بھیگے والے حصہ کو اوپر کیوں نہ کیا تا کہ لوگ اسے دیکھ لیں؟ یاد رکھو جس نے ہم سے دھوکہ وفریب کیا وہ ہم میں سے نہیں۔ (مسلم کتاب الایمان باب باب من غشنافلیس منا.ح.۱۰۱ ٤ ۱۰)

## بولی میں اضافہ

آپ ﷺ نے فرمایا خریداری کی نیت کے بغیر بولی میں اضافہ مت کرو۔

(بخاری کتاب البیوع باب لایبع علی بیع اخیه .ح.۲۱٤۰.مسلم کتاب البیوع وکتاب البر.ح.۱۵۱۵)

نبی رحمت ﷺ نے دھوکہ دینے کی نیت سے قیمت بڑھانے سے منع فرمایا۔

(بخاری کتاب البیوع باب النجش .ح.۲۱٤۲.مسلم:کتاب البیوع باب النهی عن النجش.ح.۱۵۱٦)

## سود کی حرمت

رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے والے اور کھلانے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

(مسلم کتاب المساقاة با ب لعن اکل الربا .ح.۱۵۹۷)

آپ نے سودی لین دین کے دونوں گواہوں پر اور سود لکھنے والے پر بھی لعنت فرمائی ہے۔ (ترمذی ابواب البیوع ماجاء فی اکل الربا.ح.۱۲۰٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ایک جنس میں وزن میں فرق جائز نہیں

خیبر کی فتح کے بعد رسول اللہ ﷺ نے خیبر پر ایک عامل مقرر کیا۔ ایک دفعہ وہ آپ کے پاس عمدہ عمدہ کھجوریں لے کر آیا۔ آپ نے پوچھا کیا خیبر کی تمام کھجوریں ایسی ہی ہوتی ہیں۔ اس نے کہا اے اللہ کے رسول سب ایسی نہیں ہوتیں ہم ان کھجوروں کا ایک صاع معمولی کھجوروں کے دو صاع کے بدلے میں لیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کیا کرو بلکہ ردی کھجوروں کو درہموں کے عوض بیچ دیا کرو اور پھر ان درہموں کی عمدہ کھجوریں خرید لیا کرو۔ ایک اور روایت میں آپ نے اس عمل کو سود قرار دیا۔

(بخاری کتاب البیوع باب اذا اراد بیع تمر بتمر خیر منه ۔ح۔۲۲۰۱۔مسلم:باب بیع الطعام مثلا بمثل۔ح۔۱۵۹۳'۱۵۹٤)

## کاہن کی کمائی حرام

رسول اللہ ﷺ نے کتے کی قیمت' بدکار عورت کی کمائی اور کاہن کی شیرنی سے منع فرمایا۔(بخاری کتاب البیوع باب ثمن الکلب ۔ح۔۲۲۳۷۔مسلم :کتاب البیوع باب تحریم ثمن الکلب ۔ح۔۱۵٦۷)

## سودا کرتے وقت قسم اٹھانا

عبداللہ بن ابی اوفی کہتے ہیں کہ ایک شخص نے بازار میں کچھ سامان بیچنے کے لیے رکھا۔ پھر قسم کھا کر ایک خریدار سے کہنے لگا کہ مجھے اس مال کی اتنی قیمت مل رہی تھی حالانکہ اسے اتنی قیمت نہیں مل رہی تھی وہ اس طریقہ سے ایک مسلم کا مال ناحق لینا چاہتا تھا۔ اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿اِنَّ الَّذِیۡنَ یَشۡتَرُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ وَاَیۡمَانِهِمۡ ثَمَنًا قَلِیۡلًا اُولٰٓئِكَ لَاخَلَاقَ لَهُمۡ فِی الۡاٰخِرَةِ وَلَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا یَنۡظُرُ اِلَیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ وَلَا یُزَكِّیۡهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ﴾ (آل عمران:۳/۷۷)

''بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے ذریعہ تھوڑا سا فائدہ حاصل کرتے ہیں ان کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ نہ اللہ ان سے کلام کرے گا۔ نہ ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا بلکہ ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔'' بخاری کتاب البیوع باب مایکرہ من الحلف فی البیع۔ح۔۲۰۸۸)

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا سودا کرتے وقت قسم اٹھانے سے بچو اس سے سودا تو زیادہ بک جاتا ہے لیکن (یہ طریقہ) کمائی کی برکت مٹا دیتا ہے۔

(بخاری کتاب البیوع باب یمحق اللہ الربا......ح۔۲۰۸۷۔مسلم:کتاب المساقاۃ باب النہی عن الحلف فی البیع۔ح۔۱۶۰۶)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کتاب الاذکار

## ذکر کی فضیلت قرآن حکیم میں

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

﴿وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ﴾ (العنكبوت:۲۹/۴۵)

''اور اللہ کا ذکر ہر چیز سے بڑا ہے۔''

﴿واذكروا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ (الجمعة:۶۲/۱۰)

''اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔''

﴿فَاذْكُرُوْنِیْٓ أَذْكُرْكُمْ﴾ (البقرة:۲/۱۵۲)

''پس تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔''

## زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری کلمات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ دو ایسے کلمات ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے میزان میں بھاری اور رحمٰن کو بہت پیارے ہیں۔

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اللہ پاک ہے اپنی تعریفوں اورخوبیوں کے ساتھ ۔اللہ پاک ہے عظمتوں والا ہے۔''

(بخاری کتاب الا یمان باب اذا قال : واللہ لاأ تکلم الیوم ح۶۶۸۲ صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ۲۶۹۴)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سودفعہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہا اس کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔خواہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

(مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ح ۲۶۹۱)

## نبی رحمت ﷺ کے محبوب کلمات

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ مجھے ان تمام چیزوں سے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔زیادہ محبوب یہ کلمات ہیں۔

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ والْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ﴾

(مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ح ۲۶۹۵)

## شیطان سے بچاؤ کے کلمات

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جودن میں سوبار کہے۔

﴿لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''اسے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔اس کے لیے سونیکیاں لکھی جائیں گی ۔سوبرائیاں مٹادی جائیں گی ۔اور یہ کلمات اس کے لیے اس دن شام تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ ہونگے اور کوئی شخص اس سے زیادہ فضیلت والا عمل لے کر حاضر نہیں ہوگا سوائے اس شخص کے جس نے اس سے زیادہ یہ عمل کیا ہوگا۔

(بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابلیس ح ۳۲۹۳ مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ح ۲۶۹۱)

ایک اور روایت میں ہے آپ نے فرمایا جس نے یہ کلمات ۱۰ مرتبہ کہے اس کا یہ عمل اس شخص کی طرح ہے جس نے اسمٰعیل کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کیے۔

(بخاری کتاب الدعوات باب فضل التهلیل ح ۲۴۰۴۔ (مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ح ۲۶۹۳)

## ایک ہزار نیکیاں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کیا تم روزانہ ایک ہزار نیکیاں کمانے سے عاجز ہو۔ ایک سائل نے پوچھا کہ وہ ایک ہزار نیکیاں کیسے کمائے۔ آپ نے فرمایا۔ جو سو دفعہ ﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ﴾ کہے گا اس کے لیے ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں یا ہزار غلطیاں معاف کر دی جاتی ہیں۔

(مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل التهلیل والتسبیح والدعاء ح ۲۶۹۸)

## اللہ تعالی بندے کو یاد کرتا ہے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں۔ جب وہ مجھے یاد کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوں۔ پس جب وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں۔ اور جب وہ مجھے مجلس میں یاد کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## انسان کا مال صرف وہ ہے جو اس نے صدقہ کیا

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک بکری ذبح کی تو نبی رحمت ﷺ نے پوچھا ''اس کا کتنا حصہ باقی ہے؟'' انہوں نے کہا ''صرف ایک دستی باقی ہے۔'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''سب ہی باقی ہے سوائے ایک دستی کے۔''

(ترمذی ' ابواب صفة القيامة باب ۲۳۔ح۔۲٤۷۰۔امام ترمذی نے حسن صحیح کہا)

امام نووی نے فرمایا ''اس کا مطلب ہے کہ صدقہ شدہ سارا حصہ باقی ہے کیونکہ آخرت میں اس کا اجر ملے گا اور دستی باقی نہیں رہی کیونکہ اسے خود کھایا۔

آپ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے کون ہے جسے اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ محبوب ہو؟'' صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا ''ہم میں سے ہر شخص کو اپنا مال ہی سب سے زیادہ محبوب ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پس انسان کا مال تو وہی ہے جو اس نے (صدقہ و خیرات) کر کے آگے بھیجا اور اس کے وارث کا مال وہ ہے جو وہ پیچھے چھوڑ گیا۔'' (بخاری کتاب الرقاق باب ماقدم من ماله فهوله۔ح۔٦٤٤٢)

## رسول اللہ ﷺ کی سخاوت

ایک مرتبہ ایک عورت نے تحفہ میں ایک چادر رسول اللہ ﷺ کو پیش کی اور عرض کیا اے اللہ کے رسول یہ چادر آپ کے لیے لائی ہوں آپ نے چادر لے لی اس وقت آپ کو چادر کی ضرورت بھی تھی۔ آپ نے وہ چادر لپیٹ لی۔ ایک صحابی نے عرض کیا ''یا رسول اللہ یہ تو بہت عمدہ چادر ہے۔ مجھے دے دیجئے۔'' آپ نے فرمایا اچھا یہ کہہ کر آپ اندر چلے گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہتے ہیں کہ وہ جنت مانگتے تھے۔اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کیاانہوں نے جنت دیکھی ہے۔فرشتے جواب دیتے ہیں۔نہیں واللہ اے رب انہوں نے تیری جنت نہیں دیکھی۔اللہ تعالیٰ دریافت کرتا ہے ان کا اس وقت کیا حال ہوتااگر انہوں نے جنت کو دیکھا ہوتاتو فرشتے کہتے ہیں کہ وہ اس کے اور بھی زیادہ خواہش مند ہوتے۔سب سے بڑھ کر اس کے طلبگار ہوتے۔اللہ پوچھتا ہے کہ وہ کس چیز سے پناہ مانگتے تھے؟فرشتے جواب دیتے ہیں' دوزخ سے۔اللہ پوچھتا ہے کیا انہوں نے جہنم کو دیکھا' فرشتے جواب دیتے ہیں نہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگرانہوں نے اسے دیکھا ہوتاتو ان کا کیا حال ہوتا۔وہ جواب دیتے ہیں اگرانہوں نے اسے دیکھا ہوتا تو اس سے بچنے میں وہ سب سے آگے ہوتے اور سب سے زیادہ اس سے خوف کھاتے۔اللہ فرماتا ہے کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا۔ایک فرشتہ نے کہا کہ اس میں فلاں بھی تھا۔وہ ان ذکر کرنے والوں میں سے نہیں تھا بلکہ وہ کسی ضرورت سے آ گیا تھا۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ ذکر کرنے والے وہ لوگ ہیں جن کی مجلس میں بیٹھنے والا کبھی نامراد نہیں رہتا۔

(بخاری کتاب الدعوات باب فضل ذکر الله عزوجل ح ٢٤٠٨ مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل مجالس الذکر ح ٢٦٨٩ )

## دنیاوآخرت کے فائدے

جب کوئی مسلمان ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اس کو نماز سکھاتے اور ان کلمات کے ساتھ دعا کرنے کا حکم دیتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ)

''اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے۔''

ایک شخص کو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ کلمے دنیا اور آخرت دونوں کے فائدے تیرے لئے جمع کر دیں گے۔

(مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل الدعاء ﴿اللّٰھُمَّ اٰتنا فی الدّنیا حسنۃ﴾ ح۔۲۶۹۷)

## جنت کا خزانہ

نبی رحمت ﷺ نے عبداللہ بن قیس سے کہا کہ میں تجھ کو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ نہ بتاؤں انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ارشاد فرمائیں۔ آپ نے فرمایا:

(لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ)

(بخاری کتاب الدعوات باب قول لاحول ولاقوۃ ح۔۶۴۰۹۔مسلم :کتاب الذکر والدعاء باب استحباب خفض الصوت بالذکر ح۔۲۷۰۴)

## تسبیح دائیں ہاتھ پر

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دائیں ہاتھ پر تسبیح شمار کرتے ہوئے دیکھا۔ (ابوداؤد ترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# دعا کے مسائل

## دعا نہ مانگنا تکبر ہے

﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ﴾(مومن: ٤٠/ ٦٠)

''اور تمہارا رب کہتا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا جو لوگ تکبر کر کے میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں وہ ذلیل وخوار ہو کر ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔''

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ''جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا۔ اللہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب منه (امن لم يسأل الله يغضب عليه۔ح۔٣٣٧٣)

## عاجزی اور انکساری سے دعا کریں

﴿أُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾

''اپنے رب سے گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے دعا مانگو وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

(الاعراف:٧/ ٥٥)

## دعا عبادت ہے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔'' ان الدعاء هو العبادة

''بے شک دعا ہی عبادت ہے۔ اور پھر آپ نے یہ آیت پڑھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾
''اور تمہارے رب نے کہا مجھے پکارو، میں تمہاری پکار کو قبول کروں گا۔''

(المومن:٦٠/٤٠)( ترمذی باب الدعوات باب ما جاء فی فضل الدعاء۔ ح۔ ٣٣٧٢
ابوداؤد کتاب الصلوۃ باب الدعاء۔ ح۔ ١٤٧٩)

دعا سے قبل اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور نبی کریم ﷺ پر درود

ایک دن رسول اللہ ﷺ (مسجد میں) تشریف فرما تھے ایک آدمی آیا اس نے نماز پڑھی اور دعا مانگنے لگا ''اے اللہ مجھے معاف فرما۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب تم نماز پڑھ چکو اور دعا کے لیے بیٹھو تو اللہ کی شایانِ شان حمد وثنا بیان کرو۔ پھر مجھ پر درود بھیجو پھر اپنے لیے دعا کرو۔ ایک دوسرے شخص نے نماز پڑھی۔ پھر اللہ کی حمد وثنا کی۔ نبی رحمت ﷺ پر درود بھیجا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے نمازی دعا کر تیری دعا قبول کی جائے گی۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب فی ایجاب الدعا بتقدیم الحمد والثناء والصلاۃ علی النبیصلی اللہ علیہ وسلم ح ٣٤٧٦)

دعا کی قبولیت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ زمین پر جب کوئی مسلمان اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ عطا کرتا ہے یا اس سے اس کی مثل کوئی تکلیف دور کر دیتا ہے جب تک وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے۔ (ترمذی کتاب الدعوات باب ما من رجل یدعو اللہ بدعاء الا استجیب لہ ح ٣٦٠٤)(ترمذی، حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ بندہ جب تک گناہ اور قطع رحمی کی دعا نہ کرے اس کی دعا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قبول کی جاتی ہے۔بشرطیکہ وہ جلد بازی نہ کرے پوچھا گیا یارسول اللہ ﷺ جلد بازی کا کیا مطلب ہے آپ ﷺ نے فرمایا بندہ یہ کہے میں نے دعا کی پس وہ قبول نہ ہوئی پس وہ تھک ہار کر بیٹھ جائے اور دعا کرنا چھوڑ دے۔(مسلم: کتاب الذکر والدعاء،باب بیان انہ یستجاب للداعی ما لم یعجل ،ح ۲۷۳۵)

## سجدہ میں دعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا "بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے پس تم (اس حالت میں) خوب دعا کرو۔

مسلم:کتاب الصلاۃ باب ما یقال فی الرکوع والسجود ح ٤٨٢)

## رات کے آخری حصہ میں اور دیگر قبولیت کے اوقات

نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہمارا رب ہر رات جب آخر تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے۔اللہ تعالی آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے اور فرماتا ہے کون مجھ سے دعا کرتا ہے کہ میں اس کی دعا قبول کروں۔کون مجھ سے کچھ مانگتا ہے۔ میں اس کو دوں۔کون مجھ سے گناہوں کی معافی چاہتا ہے میں اس کے گناہ معاف کردوں۔(بخاری کتاب التہجد باب الدعاء والصلاۃ من آخر اللیل ح ١١٤٥ مسلم کتاب صلاۃ المسافرین باب الترغیب فی الدعاء والذکر فی آخر اللیل ح ٧٥٨)

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اذان اور اقامت کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی۔ (ترمذی کتاب الدعوات باب فی العفو والعافیۃ ح ٣٥٩٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ نے فرمایا۔دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں ایک اذان کے بعد دوسری لڑائی کے وقت جب (ایک دوسرے سے) ٹکراتے ہیں۔

(ابو داؤد کتاب الجهاد باب الدعاء عند اللقاء ح ۲۰۴۰)

آپ ﷺ نے فرمایا جمعہ کے دن ایک ساعت ایسی ہے جس میں کوئی مسلمان کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا ہو اور اللہ سے کچھ مانگتا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو عنایت کرتا ہے اور فرمایا کہ وہ ساعت مختصر سی ہے۔

(بخاری کتاب الجمعة باب الساعة التی فی یوم الجمعة ح ۹۳۵)

## پیٹھ پیچھے دعا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان کی اپنے مسلمان بھائی کے لیے پیٹھ پیچھے دعا قبول ہوتی ہے۔اس کے سرہانے ایک فرشتہ مقرر ہے وہ جب بھی اپنے بھائی کے لیے بھلائی کی دعا کرتا ہے تو وہ مقرر فرشتہ آمین کہتا ہے اور (دعا کرتا ہے کہ) تجھے بھی اس جیسی بھلائی ملے۔

(مسلم کتاب الذکر والدعاء باب فضل الدعاء للمسلمین بظهر الغیب ح ۲۷۳۳)

## دوسروں سے پہلے اپنے لئے دعا

سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کے لیے دعا کرتے تو پہلے اپنے لیے دعا کرتے تھے۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة ح۳۳۸۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دوٹوک اور جامع دعا

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ جب تم دعا کرو تو پختہ ارادے سے دعا کرو۔ یوں نہ کہو' اے اللہ اگر تو چاہے تو عطا کر اس لیے کہ اللہ تعالیٰ پر کوئی زبردستی نہیں کر سکتا (جو اسے دعا قبول کرنے سے روک لے)۔

(بخاری، کتاب الدعوات باب لیعزم المسألة ح ۶۳۳۸ مسلم کتاب الذکر والدعاء باب العزم بالدعاء۔ ح: ۲۶۷۸)

رسول اللہ ﷺ جامع دعائیں پسند فرماتے اور دوسری دعاؤں کو چھوڑ دیتے تھے۔

(ابو داؤد کتاب الصلاۃ باب الدعا ح ۱۴۸۲ ۔ابن حبان' حاکم' ذہبی نے صحیح کہا ہے)

## دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تقدیر کو دعا کے علاوہ کوئی چیز نہیں بدل سکتی اور عمر میں نیکی کے علاوہ کوئی چیز اضافہ نہیں کر سکتی۔

(ترمذی کتاب القدر باب ما جاء لا یرد القدر إلا الدعاء ح ۲۱۳۹)

## دعا میں ہاتھ اٹھانا

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جنگ بدر کے روز رسول اللہ ﷺ نے مشرکین مکہ پر نظر ڈالی ان کی تعداد ایک ہزار تھی جبکہ صحابہ تین سو تیرہ تھے۔ آپ ﷺ نے قبلہ کی طرف رخ کیا اور اپنے ہاتھ پھیلائے اور پکار کر دعا کی۔

(مسلم کتاب الجهاد باب الامداد بالملائکة فی غزوة بدر۔ ح۔ ۱۲۶۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "تمہارا رب بڑا حیا کرنے والا اور سخی ہے۔ جب بندہ اس کے حضور ہاتھ اٹھاتا ہے تو انہیں خالی ہاتھ لوٹاتے ہوئے اسے شرم آتی ہے۔ (ابن ماجہ ح ۳۸۶۵)

## دعا کے بعد چہرہ پر ہاتھ پھیرنا

عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنھم دعا کرتے تھے اور آخر میں اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے منہ پر پھیرتے۔ (الادب المفرد للبخاری باب رفع الایدی فی دعاحدیث نمبر ۶۰۹) اس کی سند بخاری کی شرط پر صحیح ہے

## جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ تین آدمیوں کی دعا قبول ہوتی ہے۔

(۱) مظلوم کی دعا

(۲) مسافر کی دعا

(۳) اولاد کے حق میں والد کی دعا۔

(ابن ماجہ کتاب الدعاء دعوۃ الوالد ودعوۃ المظلوم ح ۳۸۶۲)

آپ ﷺ نے فرمایا۔ جہاد فی سبیل اللہ کرنے والے، حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بلایا تو وہ آ گئے لہٰذا اب اگر وہ اللہ سے سوال کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں عطا فرمائے گا۔

(ابن ماجہ کتاب المناسک باب فضل دعاء الحاج ح ۲۸۹۲)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## رزق حرام کھانے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ پاک ہے اور پاک چیزوں کے سوا کوئی چیز قبول نہیں کرتا اور بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو وہی حکم دیا ہے جو اس نے رسولوں کو دیا ہے، چنانچہ فرمایا۔

﴿یٰٓاَیُّھَاالرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾

''اے رسولو! پاک چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔''

اور فرمایا:

﴿ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ﴾

''اے ایمان والو! اس پاک رزق سے جو ہم نے تمہیں دیا کھاؤ۔''

پھر آپ نے ایک شخص کا ذکر کیا جو طویل سفر کر کے غبار آلود پراگندہ بالوں کے ساتھ آتا ہے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلا کر دعا کرتا ہے ''اے میرے رب! اے میرے رب اور حال یہ ہے کہ اس کا کھانا پینا اور پہننا حرام مال سے ہے۔ حرام مال سے ہی اس کی پرورش کی گئی۔ ایسے شخص کی دعا کیسے قبول کی جائے گی۔

(مسلم کتاب الدعاء باب قبول الصدقة من الکسب الطیب ح ۱۰۱۵)

## برائی سے نہ روکنے والوں کی دعا قبول نہیں ہوتی

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم نیکی کا حکم دیا کرو اور برائی سے منع کرتے رہا کرو ورنہ عنقریب اللہ تعالیٰ تم پر عذاب نازل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرے گا۔ پھر تم اس سے دعا کرو گے اور وہ تمہاری دعا قبول نہیں کرے گا۔

(ترمذی' کتاب الفتن باب ما جاء فی الا مر بالمعروف والنھی عن المنکر ح ۲۱۶۹)

## کسی کا نام لے کر دعا یا بد دعا کرنا جائز ہے

انس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں میری والدہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ یہ آپ ﷺ کا خادم انس رضی اللہ تعالی عنہ ہے۔ اس کے لیے اللہ سے دعا کیجیے۔ آپ ﷺ نے دعا فرمائی۔ یا اللہ انس رضی اللہ تعالی عنہ کو کثرت سے مال اور اولاد دے اور جو کچھ دے اس میں برکت عطا فرما۔

(بخاری' کتاب الدعوات باب دعوة النبی ﷺ لخادمه ح ٦٣٤٤)

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے (مکہ کے مشرکین کیخلاف) بد دعا کی۔ یا اللہ ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانے کی طرح سات برس کا قحط بھیج کر میری مدد فرما۔ اے اللہ ابوجہل کو ہلاک کر دے۔

(بخاری' کتاب الدعوات باب الدعاء علی المشرکین "تعلیقاقبل ح۔٦٣٩٢")

## بد دعا کی بجائے دعا کرنا

(قبیلہ دوس کے سردار) طفیل بن عمرو رضی اللہ تعالی عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی۔ یا رسول اللہ ﷺ قبیلہ دوس کے لوگوں نے اللہ کی نافرمانی کی اور مسلمان ہونے سے انکار کیا پس ان کے لیے بد دعا فرمائیے۔ صحابہ سمجھے کہ اب آپ ان کے لیے بد دعا فرمائیں گے۔ لیکن آپ ﷺ نے فرمایا۔ "اے اللہ قبیلہ دوس کو ہدایت عطا فرما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور انہیں میرے پاس لے آ۔ (بخاری' کتاب الدعوات باب الدعا للمشکرین۔ ح ٦٣٩٧)

## دعا میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور اسمِ اعظم کا وسیلہ

۱۔ نبی اکرم ﷺ کو جب کوئی رنج یا مصیبت پیش آتی تو آپ کہتے۔

﴿یا حیّ یاقیّوم برحمتك إستغیث﴾

''اے زندہ اور قائم رہنے والے اللہ میں تیری رحمت کے وسیلہ سے تیرے آگے فریاد کرتا ہوں۔''

(ترمذی' کتاب الدعوات باب قول "یاحی یاقیوم -ح۔ ٣٥٢٤۔بخاری' کتاب الدعوات باب الدعا علی المشرکین ح٦٣٩٧)

۲۔ نبی رحمت ﷺ اپنی دعا سے پہلے فرماتے تھے

(اَسْاَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ لَكَ)

''میں تجھ سے تیرے ہر نام کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں۔'' (ترمذی)

۳۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک آدمی کو یوں دعا کرتے ہوئے سنا:

(اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ بِاَنِّیْٓ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ)

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے وسیلہ سے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں' تو اکیلا ہے' بے نیاز ہے' تیری کوئی اولاد نہیں اور نہ تو کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی تیرے برابر ہے۔

یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس نے اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا مانگی ہے۔اسم اعظم کے وسیلہ سے جب بھی دعا مانگی جائے قبول کی جاتی ہے اور جب اللہ سے کوئی سوال کیا جائے تو پورا کیا جاتا ہے۔ (ترمذی کتاب الدعوات باب ما جاء فی جامع الدعوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ح۔ ۳٤۷٥)

## زندہ بزرگوں سے دعا کروانا

ایک نابینا صحابی رضی اللہ تعالی عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ اللہ سے دعا کریں کہ وہ میری بینائی لوٹا دے۔رسول اللہ ﷺ نے دعا کی۔صحابی رضی اللہ تعالی نے بھی دعا کی:

''اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیرے نبی رحمت محمد ﷺ کے ذریعے تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اور اے محمد ﷺ میں آپ کے ذریعے اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تا کہ میری حاجت پوری کی جائے۔اے اللہ آپ ﷺ جو سفارش کر رہے ہیں وہ قبول فرما۔ (ترمذی) کتاب لدعوت باب فی دعاء لضیف۔ح۔3578

مگر یاد رکھیے رسول اللہ ﷺ کی دعا کا وسیلہ صرف آپ کی زندگی میں تھا۔آپ کی وفات کے بعد دور عمر لی میں قحط پڑا تو عمر نے رسول اللہ ﷺ کے چچا عباس لی سے دعا وائی اور خود بھی عرض کیا:

''اے اللہ ہم اپنے نبی ﷺ کو تیری طرف وسیلہ بناتے تھے اور تو بارش برساتا تھا۔اب ہم اپنے نبی کے چچا کو وسیلہ بناتے ہیں۔اے اللہ بارش بھیج۔'' پھر بارش ہوئی۔(بخاری)

یہاں بلاشبہ دعا کو وسیلہ بنایا جا رہا ہے اگر ذات کو وسیلہ بنایا جاتا تو نبی رحمت ﷺ کو چھوڑ عباس کو وسیلہ بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے عمرہ کی اجازت طلب کی آپ نے اجازت دے دی اور فرمایا اے بھائی ہمیں اپنی دعاؤں میں نہ بھولنا۔ (ابوداؤد' ترمذی) ترمذی نے حسن صحیح کہا۔

## نیک اعمال کا وسیلہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین آدمی سفر کر رہے تھے کہ بارش آگئی۔ وہ پہاڑ کے غار میں چھپ گئے۔ غار کے منہ پر ایک بڑا پتھر آ گرا اور منہ بند ہوگیا۔ وہ آپس میں کہنے لگے کہ کوئی ایسا نیک عمل سوچو جو تم نے صرف اللہ کی رضا کے لیے کیا ہو۔ اس کے وسیلہ سے اللہ سے دعا کرو۔ شاید یہ مشکل آسان ہو جائے۔ ان میں سے ایک نے کہا، اے اللہ۔ میرے والدین زندہ تھے اور بوڑھے تھے۔ میرے چھوٹے چھوٹے بچے بھی تھے۔ میں ان کے لیے بکریاں چرایا کرتا تھا۔ جب شام کو واپس لوٹتا تو بکریاں دوہتا اور بچوں سے پہلے والدین کو دودھ پلاتا تھا۔ ایک دن میں دیر سے آیا تو والدین سو چکے تھے میں حسب معمول دودھ لے کر ان کے پاس کھڑا ہوا۔ میں نے انہیں نیند سے بیدار کرنا بھی پسند نہ کیا۔ اور بچوں کو ان سے پہلے پلا دینا بھی مجھے اچھا نہ لگا۔ حالانکہ بچے میرے قدموں کے پاس شور کر رہے تھے۔ (میں والدین کے جاگنے کا انتظار کرتا رہا) حتی کہ صبح ہوگئی۔ اے اللہ تو جانتا ہے اگر میں نے یہ کام محض تیری رضا کے لیے کیا تھا۔ تو اس پتھر کو ہٹا دے تاکہ ہم آسمان دیکھ سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے پتھر کچھ ہٹا دیا تاکہ انہیں آسمان نظر آسکے۔

دوسرے نے کہا اے اللہ میری ایک چچازاد بہن تھی جس سے میں اتنی زیادہ محبت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا تھا جتنی کوئی بھی آدمی کسی عورت سے کر سکتا ہے۔ میں نے اس سے اپنی خواہش کا اظہار کیا لیکن وہ آمادہ نہ ہوئی اور اس نے انکار کر دیا حتی کہ ایک وقت آیا کہ قحط سالی نے اسے میرے پاس آنے پر مجبور کر دیا میں نے اس شرط پر ایک سو بیس دینار دیئے کہ وہ میرے ساتھ خلوت اختیار کرے وہ آمادہ ہوگئی۔ جب میں صحبت کرنے لگا تو اس نے کہا اللہ کے بندے اللہ سے ڈر اور لگی ہوئی مہر کو نہ توڑ۔ میں اس سے دور ہو گیا اور میں نے سونے کے وہ دینار بھی چھوڑ دیئے جو میں نے اسے دیئے تھے۔ اے اللہ اگر میں نے یہ کام محض تیری رضا کے لیے کیا تھا تو اس مشکل کو آسان فرما دے۔ چٹان تھوڑی سی اور ہٹ گئی۔

تیسرے نے کہا اے اللہ میں نے ایک مزدور کام پر لگایا۔ جب وہ کام ختم کر چکا تو اس نے اپنی مزدوری کا مطالبہ کیا۔ میں نے مزدوری اس کے سامنے رکھ دی لیکن وہ مزدوری لیے بغیر چلا گیا۔ میں اس کی رقم کے ساتھ برابر کاشتکاری کرتا رہا۔ یہاں تک کہ اس سے ایک گائے خرید لی اور ایک چرواہا رکھ لیا۔ مدتوں بعد وہ مزدور میرے پاس آیا اور کہنے لگا۔ اللہ سے ڈر۔ مجھ پر ظلم نہ کر اور مجھے میری مزدوری دے۔ میں نے کہا ان گایوں اور چرواہے کی طرف جاؤ یہ سب تمہارا مال ہے۔ اس نے کہا اللہ سے ڈر اور میرے ساتھ مذاق نہ کر۔ میں نے کہا۔ میں تمہارے ساتھ مذاق نہیں کرتا بلکہ اپنی گائیں اور چرواہا لے جاؤ۔ وہ انہیں لے کر چلا گیا۔ یا اللہ تو جانتا ہے اگر میں نے محض تیری رضا کے لیے ایسا کیا ہے تو یہ بند راستہ کھول دے۔ اللہ تعالیٰ نے غار کے منہ سے پتھر ہٹا دیا۔

(بخاری کتاب الانبیاء باب حدیث الغار ح ۳٤٦٥ مسلم کتاب الرقاق باب قصة اصحاب الغار الثلاثة والتوسل بصالح الاعمال۔ ح ۲۷٤۳)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# دعا میں ممنوع چیزوں کا بیان

## غیر اللہ سے دعا مانگنا سب سے بڑی گمراہی ہے

﴿وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْامِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَاۗىِٕهِمْ غٰفِلُوْنَ﴾(احقاف :٤٦/٥)

''اور اس شخص سے زیادہ گمراہ اور کون ہوگا جو اللہ کو چھوڑ کر ان کو پکارے جو قیامت تک جواب نہیں دے سکتے بلکہ وہ ان کی پکار ہی سے بے خبر ہیں۔''

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص اس حال میں مرا کہ وہ دعا میں اللہ کے سوا کسی دوسرے کو شریک کرتا تھا آگ میں داخل ہوگا اور جو اس حال میں فوت ہوا کہ اس نے دعا میں اللہ کا شریک نہ کیا جنت میں داخل ہوگا۔ (بخاری کتاب الایمان والنذور باب اذا قال :واللہ لا أتکلم الیوم۔ ح۔ ٦٦٨٣ )

## دعا میں پر تکلف الفاظ کی ممانعت

سیدنا ابن عباس انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہفتہ میں ایک بار لوگوں کو وعظ کیا کرو۔ اس سے زیادہ چاہو تو دو بار اور اگر اس سے بھی زیادہ چاہو تو تین بار۔ لیکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لوگوں کو قرآن سے نہ اکتاؤ۔ ایسا بھی نہ کرو کہ لوگ اپنی باتوں میں لگے ہوں اور تم انہیں جا کر وعظ کرنے لگو۔ ان کی باتوں کا سلسلہ منقطع کر کے انہیں قرآن سے دور نہ کرو بلکہ خاموش رہو جب وہ درخواست کریں تو اس وقت تک انہیں وعظ کرو جب تک وہ خواہش رکھیں۔ اور دیکھو۔ دعا میں پر تکلف الفاظ استعمال کرنے سے پرہیز کرو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کو اس سے ہمیشہ پرہیز کرتے دیکھا ہے۔

(بخاری کتاب الدعوات باب ما یکرہ من السجع فی الدعاء ح ٦٣٣٧)

## دعا میں حد سے تجاوز کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عنقریب میری امت میں ایسے لوگ پیدا ہونگے جو پانی کے استعمال میں اور دعا کرنے میں حد سے تجاوز کریں گے۔

(ابوداؤد الطهار باب الاسراف فی الوضوء۔ح۔٩٦۔ حاکم اور ذہبی نے صحیح کہا)

## دعا میں غیر ضروری باتوں کی ممانعت

سیدنا عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے کو یہ دعا مانگتے سنا اللہ میں تجھ سے جنت میں داخل ہوتے ہوئے جنت کے دائیں طرف سفید محل کا سوال کرتا ہوں۔ تو انہوں نے کہا۔ اے میرے بیٹے۔ اللہ سے صرف جنت کا سوال کر اور آگ سے اللہ کی پناہ مانگ۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو دعا کرنے میں زیادتی سے کام لیں گے۔

(ابن ماجه کتاب الدعاء باب کراهیة الا عتداء فی الدعاء ح ٣٨٦٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دنیا میں گناہوں کی سزا پانے کی دعا کرنے کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے ایک صحابی کی عیادت کی جو بیماری کی وجہ سے چوزے کی طرح ہوگیا تھا۔ آپ نے پوچھا کیا تم اللہ سے کوئی خاص دعا یا سوال کرتے تھے۔ اس نے کہا ہاں یارسول اللہ ﷺ میں کہا کرتا تھا یااللہ جو سزا تو مجھے آخرت میں دینے والا ہے وہ دنیا میں دے دے۔ (تاکہ آخرت کے عذاب سے بچ جاؤں) آپ ﷺ نے فرمایا سبحان اللہ۔ تجھ میں اتنی طاقت کہا۔ تم نے یوں کیوں نہ کہا۔

﴿اَللّٰهُمَّ اٰتِنَافِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَاعَذَابَ النَّارِ﴾

''اے اللہ مجھے دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرما اور آگ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔ (مسلم کتاب الذکر والدعاء باب کراھة الدعا بتعجیل العقوبة فی الدنیا ح۔ ۲٦۸۸)

## اپنے مال اور اولاد کے لیے بددعا کی ممانعت

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اپنی جانوں، اپنی اولاد، اپنے خادم اور اپنے مال کے لیے بددعا نہ کرو، (ایسا نہ ہو) کہ تمہاری زبان سے ایسے وقت میں بددعا نکلے جس میں دعا قبول کی جاتی ہے اور تمہاری دعا قبول ہوجائے۔

(ابو داؤد کتاب الوتر باب النھی ان یدعو الانسان علی اھله و ماله۔ ح۔ ۱۵۳۲)

## موت کی دعا کی ممانعت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا''تم میں سے کوئی کسی مصیبت کے آنے کی وجہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



موت کی خواہش نہ کرے۔ اگر موت کی آرزو کیے بغیر کوئی چارہ نہ ہو تو یوں کہے۔

﴿اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِىْ مَاكَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْراً لِىْ وَ تَوَفَّنِىْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْراً لِىْ﴾

''اے اللہ مجھے زندہ رکھ جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہے اور مجھے دنیا سے اٹھا لے جب موت میرے حق میں بہتر ہو۔

(بخاری ،مسلم کتاب الذکر والدعاء باب کراهة تمنی الموت ح ۲۶۸۰)

## مسنون دعا کے الفاظ میں ردوبدل ناجائز ہے

سیدنا براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، جب تم بستر پر آؤ تو نماز کی طرح وضو کرو پھر دائیں کروٹ پر لیٹ جاؤ اور یہ دعا پڑھو۔

﴿اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْهِىَ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِىْ اِلَيْكَ وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِىْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاوَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ۔اَللّٰهُمَّ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِىْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَ﴾

''اے اللہ میں نے اپنا چہرہ تیرے آگے جھکا دیا۔ اپنے معاملات تیرے سپرد کیے اور تیرا سہارا لے لیا۔ حصول ثواب کے شوق اور عذاب کے ڈر کی بنا پر۔ تیرے سوا میرا کوئی جائے پناہ اور ٹھکانا نہیں ہے۔ اے اللہ میں تیری نازل کردہ کتاب پر اور تیرے بھیجے ہوئے نبی پر ایمان لایا۔''

اگر تم اس رات مر گئے تو فطرت پر مرو گے پس (روزانہ سوتے وقت) اس دعا کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنا آخری کلام بناؤ۔ براء بن عازب رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں میں نے یہ دعا (یاد کرنے کے لیے) نبی کریم ﷺ کے سامنے دہرائی اور نَبِیِّكَ کی جگہ وَرَسُوْلِكَ کہہ دیا آپ نے فرمایا نہیں (بلکہ کہو) نَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ۔

(بخاری: كتاب الوضوء باب فضل من بات على الوضوء-ح-٢٤٧)

## آہستہ آواز سے ذکر کرنا افضل ہے

ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالی عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ خیبر پر حملہ کے لیے روانہ ہوئے (راستہ میں) صحابہ ایک وادی میں پہنچے اور بہت بلند آواز سے کہنے لگے اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اپنی جانوں پر رحم کرو تم کسی بہرے کو یا ایسے شخص کو نہیں پکار رہے ہو جو تم سے دور ہو۔ وہ سب سے زیادہ سننے والا اور تمہارے بہت نزدیک ہے بلکہ وہ تمہارے ساتھ ہے۔

(بخاری كتاب المغازی باب غزوة خيبر -ح-٤٢٠٢ .مسلم :باب استحباب خفض الصوت بالذكر -ح-٢١٠٤)

پیارے بھائیو اور بہنو۔ اس کتاب میں آپ نے نبی رحمت ﷺ کی زندگی کے چند اہم پہلوؤں کا مطالعہ کیا ہماری درخواست ہے کہ آپ اپنی زندگیاں رسول اللہ ﷺ کی سنت کی روشنی میں گزاریں کیونکہ قیامت کے دن وہی لوگ کامیاب ہونگے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالی مجھے اور تمام قارئین کو عملِ صالح کی توفیق دے۔ آمین

اللہ تعالی مجھے، میرے والدین کو، میرے بہن بھائیوں کو، میرے اہل وعیال کو،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میرے دوستوں کو اس کتاب کی اشاعت کے معاونین کو میرے استادِ محترم پروفیسر حافظ عبد اللہ بہاولپوری رحمۃ اللہ علیہ کو اور تمام مسلمین کو اپنے دامنِ مغفرت میں ڈھانپ لے۔

آمین

﴿اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ شَهَادَةً فِیْ سَبِيْلِكَ واجعل موتی فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ واصحابه وَسَلَّمْ تَسْلِيْماً كَثِيْراً وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾

﴿آمین﴾

www.KitaboSunnat.com

جامعہ بیت العتیق (رجسٹرڈ)
کتاب نمبر ______

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرامین الٰہی اور صحیح احادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں صحیح عقائد اور مختصر
طور پر دینی احکامات سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے ایک اہم کتاب

# تجدیدِ ایمان

مؤلف

ڈاکٹر سید شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ

ناشر

مکتبہ دار التوحید والسنہ

مسجد توحید، خدا بخش روڈ عقب سوڈیوال کوارٹرز، لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فرمانِ نبوی ﷺ ہے: صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِىْ اُصَلِّىْ

ترجمہ: ''نماز اس طرح پڑھو، جس طرح مجھے پڑھتے دیکھتے ہو۔''

# نمازِ نبوی ﷺ

صحیح احادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں نبی ﷺ کی نماز کا مکمل نقشہ

www.KitaboSunnat.com

تالیف

ڈاکٹر سید شفیق الرحمن حفظہ اللہ

تخریج و تحقیق

ابو الطاہر زبیر علی زئی حفظہ اللہ

حواشی


عبد الصمد رفیقی حفظہ اللہ


مکتبہ دار التوحید والسنہ

مسجد توحید، خدا بخش روڈ عقب سوڈیوال کوارٹرز، لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# مصنف کی دیگر دو اہم کتب




یہ کُتب خالصتاً کتاب وسُنت کی روشنی میں لکھی گئیں ہیں۔ ان کی اشاعت وترویج سے قرآن وحدیث کی روشنی پھیلے گی اور جہالت کے گھٹاٹوپ اندھیرے دور ہوں گے' ان شاءاللہ۔ قارئین کرام سے پُرزور اپیل ہے کہ وہ یہ کتابیں خود بھی پڑھیں اور وسیع پیمانے پر دُوسروں تک بھی پہنچائیں' جزاکم اللہ خیراً!